نامعلوم امور کے حیرت انگیز راز اور مفید قیمتی معلومات

ماہ اپریل ۲۰۱۸ء

قیمت:- /۶۵ روپے

روحانی دنیا

تثلیث

عطارد و زحل

اسمائے الٰہی باری

اوج زہرہ

شرف مریخ

عبادات ماہ شعبان

برنی

روزانہ کواکبی گائیڈ

2018

ہر روز کے نظرات معہ ان کے اثرات، مدت اثرات کواکب

ہر سعد و نحس نظر کا دورانیہ، کاروبار، فنانس، قانونی نکات، قمری دنوں کی خصوصی

سرگرمیاں، قمری عدم الحساب، ہر روز اپنے پروگرام ترتیب دیں

۳۶۵ دنوں کے

ہر دن کے اثرات،

عملیات کے اہم

مواقعوں سے

فائدہ اٹھائیں

اس تقویمی گائیڈ کی انفرادی خصوصیت یہ ہے کہ ڈائری کی طرح ہر صفحہ پر ۵ دن دیئے گئے ہیں تا کہ اس میں ہر خاص و عام بات لکھی جا سکے، پہلے سے اپنے پروگرام ترتیب دیں، کس دن کون سی خریداری کرنی ہو، شادی کب کریں، ملازمت کی درخواست کس دن یا نظر میں دینی ہے۔ پراپرٹی یا مکان کب خریدا یا بیچا جائے۔ لین دین، گفت وشنید، تحریری کام، پیشہ وارانہ کاروبار اور دیگر معاملات کب طے کئے جانے چاہئے، سفر کا دن کون سا بہتر ہے۔ ہر تاریخ میں اس دن کے نظرات، قمری دور، برج میں قمر کا داخلہ معہ وقت، برج میں کواکب کا داخلہ معہ وقت، ہجری و عیسوی تاریخیں، رجعت و استقامت، قمری خلل السیار شامل ہیں۔

قیمت کتاب:- /۲۰۰+ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=- /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی

E-mail: ruhanidunya@hotmail.com

Phone: 021-34949944

اوراق پبلشرز پی آئی بی کالونی کراچی نمبر ۷۴۸۰۰

اپنے قریبی بک اسٹور سے حاصل کریں

آپنا آڈر آج ہی ارسال کریں

شمارہ ھذا کے جملہ مضامین کے حقوق اشاعت محفوظ ہیں

جاری شدہ ۱۹۳۲ء
بیادگار حضرت کاش البرنیؒ

علوم روحانی دینی دنیوی اور کائناتی معلومات کا خزانہ

ماہنامہ روحانی دنیا

مینجنگ ایڈیٹر: حارث عثمانی البرنی

نائب مدیرہ: شازلی سعید مغل

بدل اشتراک

فی پرچہ:-/ ۶۵ روپے سالانہ چندہ:-/ ۸۰۰ بذریعہ رجسٹری:-/ ۹۵۰ روپے
میل بذریعہ PDF سالانہ چندہ:-/ ۴۰۰ روپے

غیر ممالک ایئر میل
ابوظہبی، دوبئی، بحرین، مسقط، ایران، کویت:-/ ۳۲۰۰ روپے
افریقہ، برطانیہ، نیویارک (امریکہ) :-/ ۴۲۰۰ روپے

جلد نمبر ۸۵
شمارہ نمبر ۱۲
ماہ اپریل ۲۰۱۸ء

فون پر رابطہ کریں صبح ۱۱ بجے سے شام ۳ بجے تک

رابطہ دفتر
فون نمبر: 021-34949944
021-32018699
0333-7202964

ای میل: ruhanidunya@hotmail.com
ruhanidunya@yahoo.com
Web site: www.ruhanidunya.com

- منیجر سرکولیشن سہیل احمد
- کمپوزنگ اصغر نظامی

اس شمارے میں

۱	اسرار الٰہی	۳
۲	حضرت خواجہ عبدالواحد بن زیدؒ	۵
۳	شرف مریخ	۷
۴	انسانی زندگی کا نصب العین	۹
۵	اسمائے الٰہی باری	۱۱
۶	تثلیث عطارد و زحل	۱۲
۷	یوگا سے آنکھوں کا علاج	۱۳
۸	اوج زہرہ	۱۴
۹	عملیات میں پرہیز	۱۵
۱۰	دسواں گھر اور کیریئر	۱۶
۱۱	شب معراج شریف	۱۸
۱۲	کلینڈر ماہ اپریل	۱۹
۱۳	کیا آپ کا برج حمل ہے؟	۲۰
۱۴	عبادات ماہ شعبان	۲۲
۱۵	ماہ اپریل کیسا گذرے گا؟	۲۳
۱۶	ماہ اپریل کے ستارے	۳۴
۱۷	نظرات کواکب بمعہ عملی ہدایات	۳۵
۱۸	تقوی	۳۹

خط و کتابت و ترسیل زر کا پتہ: منیجر رسالہ روحانی دنیا ابراہیم مارکیٹ پیر الٰہی بخش کالونی کراچی ۷۴۸۰۰

RUHANI DUNYA ESSENTIAL OIL

نام اردو	English	ML	RATE
کالی تلسی	BASIL OIL	30	650.00
ترنج	BERGAMOT OIL	30	600.00
لوبان	BENZION OIL	30	800.00
سیاہ زیرہ	CARAWAY OIL	30	550.00
الائچی	CARDOMOM OIL	30	600.00
دیار دیودار	CEDARWOOD OIL	30	500.00
کافور	CHAMPHOR OIL	30	650.00
ساج	CLARY SAGE OIL	30	1600.00
دارچینی	CINNAMON OIL	30	700.00
لونگ	CLOVE OIL	30	400.00
یوکلپٹس	EUCALYPTUS OIL	30	400.00
بارزدُبر یجا	GALBANUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM (Natural) (T/L)	30	3000.00
لیونڈر	LAVENDER OIL	30	450.00
لیمون	LEMON OIL	30	450.00
اذخر	LEMON GRASS OIL	30	400.00
عرق لیموں	LIME OIL	30	460.00
مشک	MUSK OIL	30	800.00
نارنگی شریں	ORANGE SWEET OIL	30	350.00
ارنڈی کی قسم	PALMA ROSA OIL	30	800.00
نعناع ہندی	PATCHOULY OIL	30	980.00
نعناع ہندی قدرتی	PATCHOULY OIL(Natural)	30	1880.00
نارنگی تلخ	PETIT GRAIN OIL	30	850.00
فل فل پودینا	PEPPERMINT MenthalOIL	30	450.00
فل فل پودینا سادہ	PEPPERMINT OIL	30	350.00
صنوبر	PINE OIL	30	400.00
روزمیری	ROSEMARY OIL	30	580.00
چوب صندل	SANDAL WOOD OIL	30	12500.00
ساسافارس	SASA FARAS OIL	30	960.00
خس خس	VETIVERT OIL	30	1800.00
یلینگ یلینگ	YLANG YLANG	30	2280.00
گٹھیا اور جوڑوں کے درد کے لئے	**Arthritis & Joints Pain Oil**	125	600.00
اعضاء اور نسوں کے کھچاؤ کے لئے	**Muscular Pain Relief Oil**	125	800.00

روحانی دنیا
ماہ اپریل ۲۰۱۷ء

اسرار الٰہی

کشف ایک جذب کرنے والی قوت ہے کہ اس قوت کی خاصیت بصیرت کی آنکھ کو غیب کے جنگل یا ریگستان کو منور کر دیتی ہے اور پھر اس وجہ سے بصیرت (دل کی نظر' دانائی) غیب سے مل جاتا ہے۔ دل شیشۂ صافی کی مانند ہوتا ہے جو شعلہ کو وصول کر سکے ایسی حالت میں نور کے فیضان سے منور ہے۔ اس کے بعد صاف دل پر متصرف ہو اور اس کے بعد اس کی وہ شعاع عالم عقل تک ترقی کرتی ہے پس معنوی اتصال کی وجہ سے عقل سے متصل ہو جاتی ہے اور فیض حاصل کرنے کیلئے نور عقل ساخت دل پر اس نور کی طرف سے اثر رکھتی ہے۔

اس کے بعد اس انسان پر جو کہ عین سر ہے دل اشراق کرتا ہے۔ (شرح صدر ہوتا ہے) پھر اس کے بعد جو کچھ آنکھ سے چھپا ہوا ہے۔ جو اس کے تصور میں سمجھنا مشکل اور اس کا (مقام) غیروں سے پوشیدہ ہے' دل ان سب کو دیکھتا ہے۔

اے بزرگ لوگو! جب دل صلاحیت حاصل کر لیتا ہے تو وحی اسرار' انوار اور ملائکہ کے اترنے کی جگہ ہو جاتا ہے۔ جس وقت کہ دل میں فساد پیدا ہو جاتا ہے تو ظلم اور شیطانوں کے اترنے کی جگہ ہو جاتا ہے۔ جس وقت دل میں صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے تو اپنے صاحب دل کو (ظاہر و پوشیدہ' آئندہ اور گذشتہ) کے بارے میں خبر دیتا ہے وہ چیزیں کہ جس کو اس کا علم نہ جان سکے اس پر تنبیہ کرتا ہے۔ جیسا کہ دل میں فساد آ جاتا ہے تو مختلف قسم کی بے ہودہ چیزیں پیدا کرتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ شخص ہرگز ہدایت و رہنمائی نہیں حاصل کرتا ہے اور اس کی سعادت نابود ہو جاتی ہے سبب یہ ہے کہ میرے نزدیک فقراء کی شرط یہ ہے کہ اپنے نفسوں میں سے ہر سانس کو سرخ گندھک (قیمتی چیز) جانے بلکہ اس سے بھی زیادہ عزیز (جانے) اور ہر سانس کی جگہ نفس سے عزیز چیز کو ودیعت کرے یعنی امانت رکھے کہ وہ جو چیز جو اس کی جگہ رکھے ودیعت کی صلاحیت رکھتی ہو' کوئی سانس اس کی بجائے ضائع نہ کرے' یہ کام اس سے بڑا ہے' جس کا تو گمان کرے اور تیرے وہم و خیال میں آئے۔

عبادتوں اور طاعتوں میں سب سے افضل تمام اوقات میں حق تعالیٰ کا مراقبہ ہے۔

اسی کی علامت وہ پردے ہیں جو دلوں اور علام الغیوب (اللہ تعالیٰ غیب کے جاننے والے) کے درمیان ہیں جن کو اٹھانا ہے۔ محبت بہت سے درختوں کی مانند ہے کہ جن کو دل میں اُگا کر ان کا پھل عقلوں کے مطابق حاصل ہوتا ہے۔ شہرت کو بد بخت کے علاوہ کوئی دوست نہیں رکھتا۔

تم مجھے دوست رکھو میری زیارت کرو یہ بات تصوف کے لحاظ سے پسندیدہ ہے' کوئی مرد نہیں ہوگا جو کہ کمال معرفت رکھتا ہو اور دنیاداروں کے دروازہ پر کھڑا ہوتا ہو۔ مخلوق سے محبت حق سے جدا ہونا ہے اور اگر کسی کو اللہ عزیز نہ کرے تو وہ ذلیل ہو جاتا ہے۔ جو کوئی یقین کے درجہ سے محروم ہو جاتا ہے تو وہ یقین کرنے والوں کے مرتبوں سے گر جاتا ہے اور جو شخص اللہ کے واسطے قطع تعلق (مخلوق سے) کرتا ہے اس کا یہ قطع تعلق اس کو اللہ سے ملا دیتا ہے۔

صاحب حال کا اپنا حاصل اللہ کے ساتھ ہے وہ کسی سے نہیں کہتا' اگر میں چاہوں کہ اپنے حال کی زبان سے تم سے بات کروں تو ساتھ اونٹوں کو کھینچوں (یہ بہت مشکل ہے) لیکن تم سے کہتا ہوں کہ اگر بات کرنے والا اس قدر بھی صرف کہے تو کانوں کو بھرا کر دے گا۔ ایسی حالت میں اس کی بات اہل ظاہر کے نزدیک مردود (ناپسندیدہ) ہوگی اس کا نہ کہنا بہتر ہوگا۔ اگر بولنے والا خاموشی اختیار کرے حتیٰ کہ اس کے ساتھ بیٹھنے والے یہ خیال کریں۔ یہ شخص بولنے والا نہیں یعنی گونگا ہے۔ بس اس کے بعد کوئی حرف باطنی واقعات کے بارے میں کہے تو ظاہر کے موافق اور شریعت کے نزدیک مقبول ہوگا اللہ تعالیٰ دلوں کو اس کے حرف سننے کے لئے حریص و آرزومند کرتا ہے' سننے والا یقین اور ماننے کے لئے اس کو قبول کرے گا۔

لـــوح زحـــل

استحکام و جمعیت کی روحانیت

تسخیر سلطنت وفتوحات، ناموری، حکمت اور قیام واستحکام مرتبہ کے لئے مؤثر وقت

ستارہ زحل کو ترفع اور تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے نحس ہونے کی صورت میں مصائب و آلام خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اُس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرنا ہے وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہے جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔

۲۔ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی۔

۳۔ تسلط برخلق اور استحکام کے لئے کہ تنزلی نہ ہو۔

۴۔ حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام دیتا ہے۔

۵۔ تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کے لئے خوشحالی رہے۔

۶۔ خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی کے لئے۔

۷۔ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں یا جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں۔ چاہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ برمخلوق رہے۔ یہ لوح مؤثر ہے۔

خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں انسان کے ساتھ ہیں۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جاسکتا ہے اور بدقسمتی کو سبب سے دور کیا جاسکتا ہے۔ حقیقتاً یہ رعایت خدا نے انسان کو دی ہے اس سے فائدہ اٹھانا یا نہ اُٹھانا انسان کا ذاتی کام ہے۔ کیونکہ اُس نے اسباب کے طریقے بھی سکھائے اور علم بھی دیا۔

زحل سے متعلق اسباب کو اختیار کرنے کے لئے چاندی کی لوح اور خاص اوقات میں اس لوح کے نقوش اس پر اُتارنے ہوں گے پھر اگر اس لوح کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اُس کے اثرات خود دیکھیں گے۔ لازماً دوسروں سے آپ اپنے اپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔

جو لوگ دفتر سے لینا چاہیں تو لوح کا ہدیہ علاوہ محصول ڈاک کے ارسال کردیں۔ ہدیہ نام مع والدہ لکھیں۔

اب سختی کا وقت خصوصاً جوزا، سرطان، قوس، جدی کے لئے ہے اُن کو ضرور بنوانا چاہئے۔ باقی لوگوں کو آئندہ کے تحفظ کے لئے ضرور تیار کروانا چاہئے۔

اپنا نام معہ والدہ کا نام 0333-7202964 پر میسیج کریں۔ اور رقم منی آڈر حارث عثمانی البرنی کے نام کا ارسال کریں

حضرت خواجہ عبدالواحد بن زید رحمۃ اللہ علیہ

آپ صاحب کشف و کرامت بزرگ تھے' ابتداء میں بڑے ثروت تھے مگر اس زمانے میں بھی بزرگان دین اور مردانِ حق کی زیارت کا بہت شوق رکھتے تھے' اکثر دور دراز کا سفر کر کے ان سے ملاقات کیا کرتے تھے- پھر ایک وقت ایسا آیا کہ آپ نے ترک و تجرد اختیار کر لیا اس ضمن میں ایک واقعہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ آپ نے خدمت کے لئے ایک غلام خریدا' ایک رات آپ کو اس کی ضرورت پڑی تلاش کیا تو لڑکا گھر میں موجود نہ پایا دروازے اندر سے بند تھے' آپ حیران تھے کہ لڑکا باہر کیسے چلا گیا- جب صبح ہوئی تو لڑکا خود بہ خود آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ایک دینار پیش کیا- جس پر بادشاہی مہر کے بجائے سورہ اخلاص نقش تھی- آپ نے پوچھا یہ سکہ کہاں سے ملا' غلام نے جواب دیا اگر آپ رات کو مجھے تلاش نہ کیا کریں تو میں ہر صبح آپ کی خدمت میں اس طرح کا سکہ پیش کیا کروں' آپ نے منظور کر لیا اور اسی طرح کئی دن گزر گئے- ایک روز کچھ پڑوسی آپ کے پاس آئے اور شکایت کی اور کہا کہ آپ کا یہ غلام مشتبہ اور مشکوک ہے رات کو کفن چوری کرتا ہے- آپ نے فرمایا اچھا میں اس بات کی تحقیق کروں گا- چنانچہ آپ اس کی نگرانی کرنے لگے- جب رات ہوئی تو وہ غلام اٹھا اور دروازے کی طرف اشارہ کیا دروازہ خود بخود کھل گیا- پھر اشارہ کیا تو وہ بند ہو گیا- آپ بھی غلام کے پیچھے پیچھے روانہ ہو گئے- چلتے چلتے غلام ایک قبرستان میں پہنچا- وہاں پہنچ کر اس غلام نے اپنے کپڑے اتار دیئے اور قبرستان میں ایک جگہ بوریا گدڑی رکھی ہوئی تھی اسے پہن لیا اور نماز میں مشغول ہو گیا- صبح تک اسی طرح عبادت میں محو رہا- پھر دعا مانگی یا الٰہی میرے بڑے مالک میرے چھوٹے مالک کا روزینہ مجھے عنایت فرما' معاً ایک سکہ آسمان سے گرا اور اس نے اٹھا کر اپنی جیب میں رکھ لیا- حضرت خواجہ نے جب یہ حالت دیکھی تو دنگ رہ گئے اور اپنی بدگمانیوں پر توبہ استغفار پڑھنے لگے' پھر سوچا کہ جب وہ اللہ کی عبادت میں اتنا محو ہے تو بہتر ہے اسے آزاد ہی کر دوں- یکا یک وہ غلام حضرت کی نظر سے اوجھل ہو گیا آپ یہ معاملہ دیکھ کر سخت متحیر ہوئے اور غلام کے متعلق اپنی بدگمانی پر متاسف' چنانچہ آپ نے اسی جگہ دو رکعت نماز ادا کی اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگی' ابھی آپ اسی جگہ پر تھے کہ معاً ایک سوار ظاہر ہوا' سوار نے پوچھا تم یہاں کیوں بیٹھے ہو' آپ نے سارا واقعہ بیان کر دیا' سوار نے پوچھا تمہیں معلوم ہے اس مقام اور تمہارے شہر کے درمیان کتنا فاصلہ ہے' فرمایا مجھے علم نہیں' سوار نے کہا اس مقام سے تمہارے شہر کے درمیان تیز سوار کے لئے دو برس کا راستہ ہے' تم یہاں سے کہیں نہ جاؤ' رات کو تمہارا غلام آئے گا' جب کچھ رات گزر گئی تو غلام آ گیا' اس کے پاس طرح طرح کے کھانے تھے- اس نے آپ کو کھلایا اور عرض کیا میرے سردار آئندہ آپ ایسا نہ کریں- اس کے بعد اس نے نماز ادا کی اور صبح تک نماز پڑھتا رہا- صبح ہوئی تو آپ کا ہاتھ پکڑا' کچھ باتیں کیں جو آپ نہ سمجھ سکے' پھر آپ کے ساتھ چند قدم گیا- دفعتہً آپ نے دیکھا کہ گھر کے دروازے پر کھڑے ہیں' غلام نے کہا میرے سردار کیا آپ نے مجھے آزاد کرنے کی نیت نہیں کی' اب مجھے آزاد کر دیں' آپ نے اسی وقت اسے آزاد کر دیا- غلام نے ایک پتھر اٹھا کر آپ کو دیا اور نظروں سے غائب ہو گیا- آپ نے دیکھا تو وہ پتھر نہ تھا بلکہ سونے کی ڈلی تھی- چنانچہ اس واقعہ سے آپ اس قدر متاثر ہوئے کہ سارے دھندے چھوڑ کر تارک دنیا ہو گئے- حضرت خواجہ حسن بصری کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کی صحبت کیمیا اثر سے مستفیض ہونے لگے تمام مال و اسباب اللہ کی راہ میں لٹا دیا اور تجرید و تفرید کے درجہ کمال کو پہنچے-

آپ کو خرقہ فقر و ارادت حضرت خواجہ حسن بصری سے حاصل ہوا تھا- اس کے علاوہ آپ حضرت علیؓ کے خلیفہ حضرت خواجہ کمیل بن زیاد سے بھی خلافت حاصل تھی-

آپ چالیس سال تک ریاضت و مجاہدہ کرتے رہے اس سارے عرصہ میں فجر کی نماز عشاء کے نماز سے ادا فرماتے' آپ ہمیشہ روضہ اور تین تین روز پر افطار میں تین لقمے سے زیادہ نہیں کھاتے' سماع آپ کو مرغوب تھا اور کسی وقت بھی گریہ زاری کے باعث آنسو خشک نہیں ہوتے تھے- آپ کا ارشاد تھا کہ درویش وہ ہے جو خالی جیب' خالی ہاتھ اور خالی پیٹ رہے' اگر ایسا نہیں ہو تو اسے درویش نہیں سمجھنا چاہئے-

اہل دنیا کے ساتھ آپ نے بالکل قطع تعلق رکھا تھا- کسی کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے نہ تھے- مگر آنے والے کے ساتھ بڑی شفقت سے پیش آتے' عجز و انکسار کا یہ حال تھا کہ اپنے آپ کو ہر کسی سے کمتر جانتے تھے' سلام میں ہمیشہ سبقت کرتے' اکثر رونے میں بسر ہوتا اور ذکر الٰہی میں لگے رہتے' آپ دعا میں فرماتے تھے الٰہی مجھے ایسے اعضا دے جو تیری عبادت کے لئے بہت قوی ہوں اور ایسے جوارح چاہتا ہوں جو تیری اطاعت کی طرف مدد کریں اور مجھے ایسی ہمت دے جو تیری محبت سے متعلق ہو' حضرت خواجہ عبدالواحد بن زیدؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ معرکہ جہاد میں جانے کی تیاری ہو رہی تھی کہ بحیثیت امیر لشکر میں نے حکم دیا کہ ترغیب جہاد کے لئے قرآن پاک کی تلاوت کی جائے' مجاہد نے سورہ توبہ کی دو آیات (۱۱۱-۱۱۲) ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے جنت کے بدلے میں ایمان والوں کی جان و مال خرید لیا ہے' تلاوت کیں' پندر سولہ برس کی عمر کا ایک نوجوان کہنے لگا کہ آپ گواہ رہیں کہ میں نے اپنی جان و مال اللہ تعالیٰ کو بیچ دیا-

میں نے کہا تو ابھی بچہ ہے۔تلوار کا وار بڑا سخت ہوتا ہے۔ یہ نہ ہو کہ پھر تو برداشت نہ کر سکے۔ کہنے لگا یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ مالک کائنات سے سودا کر کے پھر جاؤں اب اللہ تعالیٰ بھی گواہ ہیں کہ سودا پکا ہے۔ حضرت خواجہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے دل میں سوچا کہ یہ بچہ ہی ہم سے سیانا نکلا اس لڑکے کو اپنے باپ کی طرف سے بہت سا مال وسامان وراثت میں ملا تھا۔ اس نے گھوڑے' اسلحہ اور معمولی زاد راہ کے علاوہ سارا مال صدقہ کر دیا۔ جب لشکر کے کوچ کرنے کا وقت آیا تو پھر مجھے ملا اور سلام کیا میں نے جواب دیا اور کہا کہ بھائی تیرا سودا خوب ہوا' سفر میں ہمارے ساتھ ساتھ رہا دن کو روزہ رکھتا' رات بھر نفل پڑھتا ہم سو جاتے وہ پہرہ دیتا' ہمارے گھوڑوں کے گھاس دانہ کا خیال رکھتا۔ آخر کار ہم دشمن کے علاقے (روم) میں پہنچ گئے۔ اچانک میں نے اس کی درد بھری آواز سنی کہہ رہا تھا۔ ہائے عینا مرضیہ (آنکھوں کو اچھی لگنے والی) ساتھیوں نے سمجھا زیادہ مجاہدہ سے دماغ میں خشکی آ گئی ہے' لیکن میں نے قریب جا کر شفقت سے پوچھا میرے پیارے یہ عیناء مرضیہ کون ہے' کہنے لگا میری تھوڑی دیر کو آنکھ لگ گئی تھی۔ کوئی آیا اور مجھے کہا چلو عیناء مرضیہ کے پاس وہ مجھے ایک باغ میں لے گیا جہاں ایک صاف شفاف پانی کی نہر کے کنارے نہایت خوبصورت ریشمی خوبصورت لباس میں لڑکیاں کھڑی تھیں ان کا اور ان کے لباس کا کیا کہنا مجھے دیکھا تو آپس میں کہنے لگیں۔ یہ عیناء مرضیہ کا شوہر ہے' میں نے سلام کیا اور پوچھا کہ ان میں عیناء المرضیہ کون ہے' کہنے لگیں ہم تو نوکرانیاں ہیں آپ آگے جائیں' آگے چلا تو ایک پر رونق باغ میں دودھ کی نہر کے کنارے پر ایسی خوبصورت لڑکیاں کھڑی ہیں کہ ان کے حسن و جمال کو دیکھ کر دل قابو میں نہ رہا' میں نے سلام کر کے پوچھا کہ ان میں عینا المرضیہ کون ہے' کہنے لگیں اے اللہ کے ولی' ہم تو اس کی خدمت گزار لونڈیاں ہیں آپ آگے تشریف لے جائیں' آگے چلا تو ایک شراب کی نہر تھی' وہاں ایسی جسین جمیل لڑکیاں تھیں کہ پچھلی بھول گئیں۔ ان کو سلام کر کے پوچھا ان میں عیناء المرضیہ کون ہے' کہنے لگیں ہم تو اس کی خادمائیں ہیں آپ آگے جائیں' آگے چلا تو ایک شہد کی نہر نظر پڑی' وہاں جو لڑکیاں کھڑی تھیں ان کے نور و جمال کو دیکھ کر تو حوش اڑ گئے' انہوں نے بھی اس استفسار پر کہ ان میں عیناء المرضیہ کون ہے' جواب دیا کہ ہم تو اس کی خادمائیں اور نوکرانیاں ہیں آپ ابھی اور آگے تشریف لے جائیں۔ کچھ ہی آگے چلا ہوں کہ سفید موتی کا بنا ہوا ایک خیمہ سامنے آیا۔ جس کے دروازے پر ایک لڑکی کھڑی تھی جس کے ریشمی جوڑے کی صفت نہیں ہوسکتی۔ وہ خود کیسی ہوگی' مجھے دیکھا تو مسرت بھری آواز میں خیمہ کے اندر جھانک کر کہا۔عیناء تیرا دولہا آ گیا۔ میں خیمہ میں داخل ہوا تو وہ ہیرا جواہرات جڑے ہوئے سونے کے تخت پر بیٹھی تھی اسے دیکھا تو بس دیکھتا ہی رہ گیا' پھر ایک مترنم آواز گونجی' آنے والے' تمہارا آنا مبارک ہو' صدقے جاؤں' ہمارے وصل کی گھڑی قریب آن پہنچی ہے میں اسے سینے سے لگانے آگے بڑھا تو کہنے لگی ٹھہرو' تھوڑا صبر کرو' ابھی تمہاری دینوی زندگی باقی ہے۔ ہاں کل شام روزہ ہمارے پاس افطار کرنا انشاءاللہ۔

اتنے میں میری آنکھ کھل گئی۔ یا شیخ اب کل شام تک مجھ سے صبر نہیں ہوتا' اس کے بعد جنگ شروع ہوگئی اس نوجوان نے نو کافروں کو جہنم رسید کیا دسویں نمبر پر خود زخمی ہو کر گرا۔ میں اس کے پاس پہنچا تو خون میں لت پت شہید کے متبسم چہرے پر ایک خاص قسم کا جلال و جمال ہویدا تھا۔ جو بہت کم شہداء میں دیکھا گیا' پھر حضرت خواجہ نے اس پر نماز پڑھ کر اپنے دست مبارک سے اس کی تجہیز و تکفین فرمائی۔

ایک روز حضرت خواجہ عبدالواحد بن زیدؒ راستے میں جا رہے تھے کہ ایک بوڑھا بیمار آدمی کو دیکھا وہ دھوپ میں بے حال پڑا ہوا ہے' اور کوئی اس کی خبر نہیں لے رہا۔ آپ کو اس کی بے کسی پر رحم آ گیا۔ بادل کی طرف اشارہ کیا کہ اس پر سایہ فگن ہو جائے' اللہ کے حکم سے ابر اس پر سایہ فگن ہوگیا۔ اس بوڑھے عاجز انسان نے حضرت خواجہ کی جب یہ کرامت دیکھی تو گڑگڑا کر عرض کیا اے حضرت' دعا فرمائیے کہ اللہ مجھے صحت بخشے' حضرت خواجہ نے دعا فرمائی اور وہ اسی وقت صحت یاب ہو کر اٹھ کھڑا ہوا اور گھر کی طرف روانہ ہوا۔

ایک مرتبہ درویشوں کی ایک جماعت آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی ان لوگوں پر بھوک غالب تھی اس وقت کھانے کی کوئی چیز موجود نہ تھی' درویشوں نے حضرت خواجہ سے درخواست کی کہ اس وقت ہم لوگوں کو حلوہ کھلائیے' جب ان لوگوں کا اصرار حد سے زیادہ ہوگیا تو آپ نے آسمان کی طرف دیکھ کر کچھ فرمایا اور فوراً حلوہ سے بھرا ہوا ایک رقاب ہوا سے نیچے آ گیا۔ حضرت خواجہ نے فرمایا کہ شکم سیر ہو کر کھاؤ' درویشوں نے جی بھر کر کھایا لیکن حضرت خواجہ نے اس کو ہاتھ ہی نہیں لگایا۔

ایک مرتبہ آپ دریائے دجلہ کے کنارے سے گزر رہے تھے' فقراء کی ایک جماعت وہاں کشتی کے انتظار میں بیٹھی ہوئی تھی۔ اسی اثناء میں کشتی آ گئی' کشتی والے نے دوسرے آدمیوں کو سوار کرایا' لیکن فقراء میں سے کسی کو نہیں لیا' کشتی والے کی اس حرکت سے فقراء کو بہت رنج ہوا۔ حضرت خواجہ یہ سب دیکھ رہے تھے۔ آپ نے فقراء کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ ادھر آؤ تا کہ اللہ کے حکم سے تم لوگوں کو بہ حفاظت دجلہ سے پار کرادوں' فقراء سب حاضر ہوئے' آپ نے فرمایا کہ جاؤ دجلہ سے کہہ دو کہ عبدالواحد تجھے خشک ہونے کے لئے کہہ رہا ہے' فقراء نے جیسے ہی حضرت خواجہ کا پیغام دجلہ کو پہنچایا' دریائے دجلہ کا پانی بالکل کم ہوگیا اور فقراء سلامتی کے ساتھ دجلہ عبور کر گئے یہاں تک کہ کسی کا ٹخنہ بھی تر نہیں ہوا۔

ایک دن حضرت خواجہ جا رہے تھے کہ راستے میں فقراء کی ایک جماعت سے آپ کی ملاقات ہوگئی' وہ سب پریشان حال اور بھوکے تھے' حضرت کو دیکھ کر ان لوگوں نے درخواست کی کہ ہم لوگ بال بچے والے ہیں اور غایت افلاس اور خستہ حالی میں مبتلا ہیں' اللہ کے لئے ہم لوگوں کی مدد فرمائیے۔ حضرت خواجہ نے ان لوگوں کو تسلی تشفی دی اور کہا کہ جاؤ انشاءاللہ آج تم لوگ دولت مند ہو جاؤ گے۔ لیکن شرع و سنت پر عمل پیرا رہنا اور اس سے

روگردانی نہ کرنا' فقراء جب اپنے اپنے گھر پہنچے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ان کے گھروں میں انواع واقسام کے کھانے ان کی عورتیں پکا رہی ہیں اور ان کے پاس کافی دینار و درہم جمع ہیں' ان لوگوں نے پوچھا کہ یہ دولت کہاں سے ملی' عورتوں نے جواب دیا کہ ایک شخص آیا تھا وہ ہم کو بہت سی اشرفیاں دے کر چلا گیا اور جاتے ہوئے کہہ گیا ہے کہ جب تمہارے شوہر آئیں اور پوچھیں کہ یہ روپیہ پیسہ کہاں سے آئے تو کہنا کہ حضرت خواجہ عبدالواحد بن زیدؒ کے دوستوں میں سے ایک فقیر ہم کو یہ مال وزر دے گیا۔ فقراء کو بڑی حیرت ہوئی اور اس روپے پیسے سے ان لوگوں کی تنگدستی اور غربت دور ہوگئی اور وہ لوگ فراغت سے زندگی گزارنے لگے' ان کی عورتیں ان سے کہتی افسوس ہے' ہم لوگوں پر کہ ایسا روشن ضمیر بزرگِ کامل پاکر ہم نے صرف دولت دنیاوی پر اکتفا کیا حالانکہ طلب کرنے کی چیز ان کی دولت تھی جو جاودانی اور پائیدار ہے۔

ایک دن قبیلہ قریش میں سے کچھ لوگ حضرت خواجہ عبدالواحد بن زیدؒ سے آ کر کہا۔ حضرت تنگی اور محتاجی سے ڈر لگتا ہے' آپ نے آسمان کی طرف سر اٹھایا اور دعا پڑھی۔ ترجمہ: یا اللہ میں تم سے اس بلند نام کے وسیلہ سے درخواست کرتا ہوں' جس کے ساتھ تو اپنے ولی کو چاہتا ہے' عزت بخشتا ہے اور جسے تو اپنے برگزیدہ دوستوں کے دلوں میں ڈال دیتا ہے کہ تو اپنی طرف سے ہمیں رزق بھیج جس کی وجہ سے ہمارے دلوں اور ہمارے ساتھیوں کے دلوں سے شیطانی تعلق مقطع ہوجائے تو ہی رحم کھانے والا' احسان کرنے والا' جس کا احسان قدیم سے چلا آ رہا ہے' یا اللہ اسی وقت ہو' اسی وقت ہو' اس وقت چھت کی کڑکراہٹ سنی اس کے بعد درہم و دینار برسنے لگے' حضرت خواجہ عبدالواحد بن زید نے کہا اوروں کو چھوڑ کر اللہ سے مالداری چاہا کرو' چنانچہ انہوں نے وہ درہم و دینار لئے اور حضرت خواجہ نے کچھ نہ لیا۔

آخر عمر میں آپ بیمار اور مفلوج ہوگئے تھے' ایک دن نماز کا وقت آ گیا۔ آپ کے پاس کوئی نہ تھا کہ آپ کو وضو کرائے' یہاں تک کہ نماز کا وقت قضاء ہونے لگا۔ آپ نے بارگاہ رب العزت میں دعا کی۔ الٰہی مجھ کو اس قدر قوت عطا فرما کہ میں وضو کرسکوں اور نماز ادا کرسکوں' فوراً صحت یاب ہوگئے' وضو کیا نماز ادا کی' فارغ ہو کر جب بستر پر دراز ہوئے تو بیماری نے پہلے کی طرح پھر غلبہ پالیا' پھر اسی بیماری سے آپ نے ۷ صفر ۱۷۷ھ مطابق ۷۹۳ء میں وصال فرمایا' مزار پُر نور بصرہ میں ہے۔

حضرت خواجہ عبدالواحد بن زیدؒ کی کنیت ابوالفضل تھی۔ بصرے کے رہنے والے تھے' آپ ان اولیائے میں سے ہیں جنہوں نے حضرت خواجہ حسن بصری سے علوم باطنی میں کمال حاصل کیا اور انہیں سے خرقۂ خلافت پایا اور حضرت کمیل بن زیاد نے بھی آپ کو خلافت دی تھی' ریاضت ومجاہدہ اور ذوق عشق میں یکتائے زمانہ تھے' حضرت امام اعظم ابوحنیفہ کے شاگرد تھے۔ آپؒ بعض ارشادات' مومن کی مثال اس بچہ کی سی ہے جو رحم میں ہو اور وہ باہر نکلنا نہیں چاہتا' جب نکل آئے تو پھر واپس رحم میں نہیں جاسکتا' دنیا سے نکلتے وقت مومن کی بھی یہی حالت ہوتی ہے۔

فرماتے ہیں' بندہ کی سب سے عمدہ حالت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ موافقت کرے اور راضی برضا رہے' پس اگر اللہ تعالیٰ اسے اطاعت کے لئے دنیا میں باقی رکھنا چاہے تو وہ اسی پر راضی رہے گا اور دنیا سے اٹھالے تب بھی خوش رہے گا۔

فرماتے ہیں' جس بندہ کو دنیا میں کچھ عطا ہو پھر وہ کسی اور چیز کی خواہش کرے تو اللہ تعالیٰ اپنے ساتھ کی خلوت کا لطف اس سے سلب کرلیتا ہے اور قرب کی دوری اور انس کی وحشت سے بدل دیتا ہے۔

برقی فیتہ

یہ فیتہ صرف بچوں کے لئے ہے۔ اس کو گلے میں ڈالنے سے بچوں کے دانت بغیر کسی مشکل اور تکلیف کے نکلتے ہیں۔ ہدیہ 100 روپے محصولڈاک ۵۵ روپے

علم النقوش پر جامع اور مستند کتاب

عامل کامل

(حصہ دوم)

علم الواح ☆ علم تکسیر اعداد ☆ وفق اعداد ☆ علم النقوش مع خواص ☆ وضع اور قواعد معہ امثال

اب تک علمی طور پر اس موضوع پر ایسی جامع کتاب شائع نہیں کی گئی۔ جس سے یہ معلوم ہو کہ یہ علم کیسے کام کرتا ہے۔ عمل کیسے وضع کیا جاتا ہے اور کیسے مختلف مقاصد کا مخصوص نقش بنتا ہے۔

- مثلث کہاں کام کرتی ہے۔ مربع کہاں' مخمس کہاں' غرضیکہ ہر نقش کے متعلق یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مقصد کے موافق چال کونسی ہے اور نقش کونسا ہے۔
- ہر قسم کے نقش پر کرنے کے طریقے' مخصوص دور اور مخصوص مقاصد کے لئے وضعی اعداد یہ تمام طریقے کسی اور کتاب میں نہ مل سکیں گے۔ یہی نقوش کے راز ہیں۔
- وہ راز جس سے نقش کے اندر اسم' آیت' مقصد اور نام طالب ومطلوب قائم ہوجائیں۔
- نقوش کے موکلات' اسمائے الٰہی' اعوان اور عزیمت بنانے کے قواعد۔
- طریقہ زکات واصلاح عدد ین۔
- مثلث' لوح سلیمانی' مثلث ہندی' مثلث دوپایہ' مربع' مخمس' مسدس' مربع' عشر' اثنا عشر' صدور صد نقوش' ان کی چالیں' خواص اور عملیات۔
- اعمال وحب وبغض' حاضری مطلوب' ترقی' سربلندی' حصول رزق' امراض وغیرہ کی الواح تیار کرنے کے طریقے' اسمائے الٰہی کی الواح اور ان کے فوائد۔
- مخصوص اوقات کے مخصوص اور سریع التاثیر درجات۔

صفحات ۲۴۰ * ابواب ۱۸ * عملیات وقواعد ۵۲۰

ہدیہ =/۵۵۰ روپے محصول ڈاک =/۶۵ روپے

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

شرفِ مریخ

اس سال مریخ درجہ شرف سے گزرے گا۔ مریخ درجہ شرف پر ۹ مئی ۳ بجے قبل فجر سے ۱۳ مئی ۹ بجکر ۴۰ منٹ رات تک رہے گا۔

۱۶ ساعتیں مریخ کی ملیں گی۔ چند ساعتیں یہ ہیں۔ بروز بدھ ۱۰ بجکر ۱۶ منٹ سے ۱۱ بجکر ۲۲ منٹ صبح تک رہے گی۔ بروز جمعرات صبح ۷ بجے سے ۸ بجے تک رہے گی۔ بروز جمعہ صبح ۱۱ بجکر ۲۲ منٹ سے ۱۲ بجکر ۲۸ منٹ تک رہے گی۔ بروز ہفتہ صبح ۸ بجکر ۳ منٹ سے ۹ بجکر ۹ منٹ تک رہے گی۔

فتوحات و کامیابی

مقدمہ

مخالفوں پر فتح پائے، مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے اور مقابلہ میں جیتنے کے لئے کاغذ پر سرخ سیاہی سے ایک مربع تیار کریں اس میں اپنے نام معہ والدہ کے اعداد لے کر بارہ سو تینتیس (۱۲۳۳) عدد اور ملا دیں اور ایک نقش تیار کریں۔ جس کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۴	۱۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

۱۲۳۳ اعداد انا فتحنا لك فتحا مبينا کے ہیں۔ مربع پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۳۰ عدد تفریق کر کے باقی کو ۴ پر تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی بچے تو خانہ ۱۲ میں ایک عدد کا اضافہ کر دیں۔ اگر دو باقی ہوں تو خانہ ۹ میں اگر تین باقی ہوں تو خانہ ۵ میں ایک کا اضافہ کر دیں نقش پُر ہو جائے گا۔ نقش کو چاروں طرف سے جمع کر کے دیکھ لیں اگر اعداد برابر ہوں تو نقش درست ہے ورنہ نہیں۔

قوت بدنی

یہ عامل کامل حصہ اول کا ۳۳ واں عمل ہے۔ ہر سال لوگ اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں وہ لوگ جن کی قوت مردمی کسی وجہ سے زائل ہو چکی ہے۔ کمر میں درد رہتا ہے۔ آنکھوں میں نور اور روشنی کم ہو گئی ہے۔ جسم کمزور و نحیف ہے اور طاقت کی ادویہ کھانے کے باوجود مریض ہیں تو اس عمل کو تیار کریں ہر قسم کی کمزوری دور ہو گی۔ کسی دوا اور یاقوتی کھانے کی ضرورت نہیں۔ ایک مرتبہ شباب کا لطف آ جائے گا۔ اسے صرف بوقت ضرورت ہی پہنتے ہیں پھر اتار کر محفوظ رکھ دیتے ہیں۔

ایک بات اور یاد رکھیں کہ اگر قوت مردمی کے لئے انگوٹھی بنانا ہے تو ''ج غ'' کے ایک ہزار تین عدد لیں گے۔ اگر کسی وجہ سے جسم لاغر و کمزور ہے یا بدن میں خون نہیں یا ایسا کمزور نظام ہے کہ آئے دن بیماری رہتی ہے تو پھر جسم کی صحت و قوت کے لئے حروف ''ب س'' لیں۔ جس کی عدد ۶۲ ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام کے اعداد بحساب ابجد لیں۔ نام معہ والدہ ہو۔ اس میں حروف ''ج غ'' یا ''ب س'' کے عدد ملائیں۔ پھر ۱۶۳۱ عدد کا اور اضافہ کریں اور کل کو ۲۸ پر تقسیم کر دیں دیکھیں باقی کیا بچا۔ تقسیم سے جو کچھ باقی بچے۔ اس کے حروف بنا کر آگے لفظ طیش لگا دیں یہ کلمہ ہی آپ کی قوت و طاقت کا سرچشمہ ہو گا۔ اس کو لوہے یا اسٹیل کی انگوٹھی پر وقت مقررہ پر کندہ کر لیں اور داہنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں بوقت ضرورت پہنیں تو سو دواؤں جتنی طاقت دے گی۔

مثلاً نام احمد بن حلیمہ کے لئے انگشتری طاقت مردانہ کی تیار کرنا ہے تو

نام کے عدد = ۱۴۶

ج غ کے عدد = ۱۰۰۳

عدد خاص = ۱۶۳۱

میزان = ۲۷۸۰ تقسیم ۲۸ = باقی بچے ۸۔ جس کا حرف ''ح'' ہے۔ کلمہ بنا حیطش۔

اگر انگشتری جسمانی کی خرابی کو دور کرنے کے لئے بنانا ہے تو یہ ہو گی۔

نام کے عدد = ۱۴۶

ب س کے عدد = ۶۲

عدد خاص = ۱۶۳۱

میزان = ۱۸۳۹ تقسیم ۲۸ = باقی ۱۹ کے حروف ''ط ی'' ہوئے اور کلمہ طیش لگا کر ''طیطیش'' بنا۔ اس کو ہر وقت انگلی میں پہنے رکھنا ہے۔ چھوٹی انگلی کے ساتھ والی انگلی میں پہنی جائے گی۔

یہ تمام آسان اعمال ہیں اپنے لئے ہر شخص کو اجازت ہے۔ وہ لوگ جو کسی وجہ سے نہ کر سکتے ہوں اور دفتر سے تیار کروانا چاہیں تو نام معہ والدہ اور مقصد لکھیں۔

فتوحات و کامیابی مقدمہ کے لئے چاندی کی لوح بنائی جاتی ہیں اور کاغذ پر نقش کا ہدیہ -/۶۹۷۱ روپے ہو گا۔ جب کہ انگشتری کا ہدیہ -/۹۷۰ روپے ہو گا۔ وقت مقررہ سے پندرہ روز قبل نام و مقصد اور ہدیہ مل جانا چاہئے۔ محصول ڈاک -/۵۰ روپے علیحدہ ارسال کریں۔

تحفظ جان

جس شخص کے پاس یہ تعویذ ہو گا۔ وہ جادو، نظر بد، جنات، بھوت، پری، سوتے میں ڈر، وسواس شیطانی، دہشت اور حادثات سے محفوظ رہے گا۔ گھر کی نااتفاقیاں، جو بداثرات کی وجہ سے ہونگی۔ وہ بھی ختم ہو جائیں گی۔

ہدیہ نقش =/۲۵۷۱ روپے۔

مینیجر روحانی دنیا کراچی

انسانی زندگی کا نصب العین

حق تعالیٰ کے انعامات انسانوں کے اوپر بے شمار ہیں جن کی کوئی گنتی نہیں کی جاسکتی- قدم قدم پر نعمتوں کی بارشیں ہیں اور لحہ بہ لحہ انسانوں کو عجیب عجیب انعامات دیئے جارہے ہیں- خود ہی ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے **وان تعدو انعمة اللّٰه لاتحصوها** (القرآن) اگر تم اللہ کی نعمتوں کا شمار کرنے بیٹھ جاؤ تو تم شمار نہیں کرسکتے- ان کا احاطہ نہیں کرسکتے- غرض انسان کے اوپر بے شمار نعمتیں ہیں- لیکن ساری نعمتوں کی اصل اصول زندگی کی نعمت ہے- جو ہمیں عطا کی گئی اگر زندگی نہ ہو تو کوئی بھی نعمت نہ ہمارے لئے نافع بن سکتی ہے نہ مفید ہوسکتی ہے- ایک زندہ انسان ہی نعمت سے مستفید ہوسکتا ہے- تو نعمتیں ساری ایک طرف اور زندگی ایک طرف عظیم ترین یہ نعمت یا عمر جس کی کوئی قیمت نہیں ہے اللہ نے بے قیمت عطا کردی ہے-

نبوریم و تقاضائے ماجنود!
لطف تو ناگفتہ مامی شنود

نہ ہماری طرف سے کوئی تقاضا تھا- مگر تیرا لطف وکرم ہماری خاموشی کو سن رہا تھا ہم چاہتے تھے کہ ہمیں زندگی ملے اس خاموش پکار پر اتنی بڑی نعمت دیدی کہ سارے جہاں مل کر بھی اس کی قیمت نہیں بن سکتی- ایک انسان چاہتا ہے کہ میرے ہاں اولاد ہو اگر نہیں ہوتی تو دنیا کے خزانے خرچ کردے نہیں ہوتی اور دینے پر آتے ہیں تو غریب انسان کو اتنی دے دیتے ہیں کہ بظاہر تنگ آجاتا ہے تو نہ مانگنے سے ملتی ہے نہ قیمت سے ملتی ہے- محض فضل سے ملتی ہے- سب سے بڑی نعمت یہ عمر ہے- پھر یہ عمر بھی کوئی چھوٹی موٹی عمر نہیں ہے- آپ اسے عمر سمجھتے ہیں کہ دنیا میں کسی کی عمر پچاس برس کی ہوگی کسی کی ساٹھ ہوگی- بہت لمبی عمر ہوئی تو اسی نوے برس کی ہوگی- یہ زندگی ہے-! یہ زندگی کا ایک معمولی حصہ اور زندگی کا ایک چھوٹا سا جز ہے-

ابدی زندگی

انسان کے بارے میں امام غزالیؒ نے لکھا ہے کہ انسان ازلی تو نہیں ہے مگر ابدی ہے- ہمیشہ سے نہیں تھا لیکن پیدا ہونے کے بعد اب ہمیشہ ہمیشہ رہے گا- اب انسان کے لئے مٹنا نہیں ہے- وطن کا انتقال ایک وطن سے دوسرے اور دوسرے سے تیسرے کی طرف ہوتا رہتا ہے- نقل مکانی ہوتی رہتی ہے- لیکن زندگی انسان سے چھنتی نہیں ہے- پہلے عالم الست میں تھا جب کہ اللہ نے آدمؑ کی پشت سے سب نبی آدم کو نکالا حدیث میں ہے کہ اللہ نے آدمؑ کی پشت پر داہنا ہاتھ مارا تو ساری نیک اولاد نکل پڑی اور بایا ہاتھ مارا تو ساری بداولاد نکل پڑی- یہ نبی آدم کا پہلا ظہور ہے- وہاں سے انسان کا آغاز ہوتا ہے اس کے بعد منتقل ہوکر ماں کے پیٹ میں آگیا پھر ماں کے پیٹ کی عمر نو مہینے کی ہے پہلے بھی فنا نہیں ہوا تھا ماں کے پیٹ میں بھی آکر فنا نہیں ہوا- عہد الست سے انتقال ہوا رحم مادر میں آیا- رحم مادر سے انتقال ہوا تو دنیا میں آگیا- ہر ایک عالم سے گزرتے ہوئے انتقال ہوتا ہے اور دوسرے عالم میں پہنچ جاتا ہے- دنیا میں انتقال ہوگا تو برزخ کے اندر پہنچ جائے گا-

برزخ سے انتقال ہوگا تو عالم حشر کے اندر پہنچ جائے گا- عالم حشر سے انتقال ہوگا تو عالم جنت کے اندر پہنچ جائے گا- پھر جنت ابدالآباد تک روزانہ انتقالات ہیں- بڑے بڑے جہاں اور روز نئی نئی نعمتوں کی تجدید ہوگی- وہاں بھی درجہ بدرجہ عروج حاصل کرتا رہے گا تو جب سے انسان کا ظہور ہوا ہے اب تک برابر سفر میں ہے اور سفر کرتا رہے گا اس لئے انسان ازلی نہیں ہے مگر ابدی ہے کہ مٹنے والا نہیں ہے تو آپ کی عمر تھوڑی نہیں ہے جن کو بیس پچاس اور سو برس سمجھ لیں یہ انسان کی عمر کا ایک معمولی سا حصہ ہے اس سے اندازہ ہوا کہ انسان کی بڑی لمبی عمر ہے-

اختیاری نصب العین کی ضرورت

اس دینوی زندگی کو گذارنا- اس کے لئے اللہ نے ایک تو غیر اختیاری حصہ رکھا ہے وہ آپ چاہیں یا نہ چاہیں گزر جائے گا اور جب انسان پیدا ہوگیا تو اب مٹنے والا نہیں ہے لیکن کچھ چیزیں اختیار میں دی ہیں کہ اپنے ارادے اور اختیار سے زندگی کا نصب العین بناؤ اس کے تحت زندگی گزارو- اس لئے کہ جو وقت یا جو زندگی بلا نصب العین کے گزرتی ہے وہی مجنونانہ حرکت کھلاتی ہے ایک دیوانہ کا کوئی مقصد نہیں ہوتا- زندگی اس کی بھی گزر رہی ہے تو دیوانگی کے ساتھ عمر کو گزارنا یہ دانشمندی کا کام نہیں ہے- یہ دیوانوں کا کام ہے- زندگی کا کوئی نصب العین بنانا پڑے گا جس کے تحت زندگی گزاری جائے کہ ہم کیوں زندہ ہیں- مجھے کیا کرنا ہے میں یہاں کیوں آیا ہوں اور ہر روز جو میرے انتقال ہوتے رہتے ہیں اس جہاں سے اس جہاں کی طرف اور وہاں سے وہاں کی طرف آخر یہ کوئی اضافہ ہے یا کوئی قصہ ہے کہ خواہ مخواہ انسان چل رہا ہے-

ہم کراچی اور حیدرآباد کا سفر کرتے ہیں کوئی نہ کوئی مقصد دینی یا دنیاوی سوچ لیتے ہیں کہ اس

میرپور (AK) میں
رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کیلئے
ہاشمی بکڈپو مین بازار-

لئے جارہے ہیں- بلا مقصد ریل میں بیٹھ جائیں اور کوئی پوچھے کہ کیوں جارہے ہیں؟ کہ یوں ہی کہا جائے گا تم دیوانے ہو؟ دیوانہ اس کو کہتے ہیں جو بلا نصب العین اور بلا مقصد زندگی گزارے دانشمند وہ ہے کہ اس کی ہر نقل وحرکت کا کوئی نصب العین ضرور ہو-

وقتی دولت اور روٹی مقصد نہیں

مقاصد دنیا بہت ہیں مثلاً عمر کا ایک مقصد یہ ہے کہ ہم اپنی لمبی چوڑی عمر کا مقصد روٹی فرض کرلیں کہ ہمیں کھانے کو ملے یہ مقصد اور نصب العین تو ہے لیکن یہ کیا نصب العین ہے جس کے لئے نہ فضیلت کی ضرورت نہ کمال کی ضرورت نہ علم کی ضرورت یہ مقصد بے پڑھے لکھے کو بھی حاصل ہے- روٹی ہی تو ایک ایسی چیز ہے جس کے لئے تعلیم کی قطعاً ضرورت نہیں ہے- بلکہ تعلیم کی انتہائی توہین ہے اگر اس کا مقصد روٹی بنایا جائے اس لئے کہ روٹی جانور کا مقصد ہے ہر جاندار اپنے لئے مناسب روٹی کھاتا ہے- شیر اور بھیڑیا جو کھاتے ہیں کیا انہیں کوئی ڈگریاں حاصل ہوتی ہیں جن سے یہ کماتے ہیں؟ تو روٹی اور کھانا ہی ایک ایسی چیز ہے جس کے لئے کسی تعلیم کی ضرورت نہیں- عالم کو بھی ملتا ہے جاہل انسان کو بھی ملتی ہے غرض ایسی چیز کو مقصد زندگی قرار دینا جس کے لئے قطعاً علم وشعور کی ضرورت نہیں یہ زندگی کی توہین ہوگی-

پھر یہ کہ زندگی ابدالآباد کی مل رہی ہے اور مقصد وہ ٹھہرایا ہے جو دس بیس برس میں ختم ہوجائے-

جب آدمی کا سانس ختم ہوا تو روٹی بھی ختم، روٹی اسے چھوڑ گئی یہ روٹی کو چھوڑ گیا- اس کا مطلب یہ ہے کہ آئندہ پھر بلا نصب العین کی زندگی رہ گئی اس لئے لمبی زندگی کا نصب العین لمبا ہونا چاہئے- اس لئے روٹی مقصد نہیں بن سکتی-

دولت بھی اس میں شامل ہے- آپ دولت کمانے کو نصب العین رکھیں گے تو یہ کوئی اونچا مقصد نہیں یہ ایک وسیلہ ہے اور ضرورت کی چیز ہے- انسان جب تک دنیا میں زندہ رہے گا کمائے گا بھی اور اسے حکم بھی ہے کہ کمائے یہ بھی نہیں کہ معطل ہو کے بیٹھ جائے لیکن یہ مقصد زندگی نہیں- کمانا خود کسی مقصد کے لئے ہوتا ہے- کمانا خود مقصد نہیں اگر وہ مقصد جو کمانے سے پورا ہوتا ہے کسی اور طریق سے پورا ہوجائے تو اس کمانے کو یقیناً چھوڑ دیا جائے گا- مثلاً پیٹ بھرنا ہے- کپڑے پہننا یا رہنا سہنا- یعنی مکان بنانا یہ بڑا مقصد ہے- اگر اللہ میاں کسی ایسے جہاں میں بھیج دے جہاں ہمیں اس طرح کیمکان کی ضرورت پڑے نہ پیٹ بھرنے کی ضرورت پڑے تو کمانے کی بھی ضرورت نہیں ہوگی- غرض یہ زندگی کا مقصد نہیں بن سکتا ایک وقتی چیز ہے-

پھر یہ کہ اس جہاں کی کوئی کتنی بھی بڑی چیز ہو یہ بھی اس میں داخل ہے کہ جب آدمی اس جہاں کو چھوڑے گا وہ چیز اسے چھوڑ دے گی- یہ اس کو چھوڑ دے گا پھر وہ نصب العین ہی کیا ہوا؟ ہمیں ایسا نصب العین چاہئے جو ہماری عمر کے ساتھ ساتھ چلے کروڑوں برس کی عمر ہو جب بھی وہ چلتا رہے جبھی عمر کی توقیر ہوگی اور اللہ کے انعام کی قدر ہوگی ورنہ انتہائی بے قدری ہوگی کہ اتنی بڑی نعمت اور اس کے لئے کوئی مقصد ہی نہ ہو-

(باقی آئندہ)

پتھروں کے
سحر ی خواص

یہ ایک ایسی کتاب ہے- جو دور حاضر کی اہم ضرورت سے رکھتی ہے- ہر شخص اس بات کا خواہش مند ہوتا ہے- کہ وہ اپنے مقسومی جوہر کو جانے- اُسے پہنے اور فائدہ اٹھائے

۱۲۷ جواھر کے اقسام، رنگ، خواص اور ماھیت عجیبہ خواص سحری اور فنوائد

- جواہرات کا کواکب سے تعلق
- حصول برکات کے لئے جواہرات پہننے کا طریقہ
- جواہرات کے متعلق اعتقادات اور حقائق
- سعد ونحس جواہر اور حاضرات کا طریقہ
- برتھ سٹون یعنی اپنا مقسومی جوہر معلوم کرنا
- ★ نحوست دور کرنے والے اور شفایابی کے جواہر

دور حاضر کی بہترین مفید ترین کتاب- جس کو ہر گھر میں ہونا ضروری ہے-

قیمت ——— فی جلد ۲۸۰/- روپے
علاوہ محصول ڈاک

اوراق پبلشرز
پی، آئی، بی ہی- کراچی، ۵

۲۰۱۸ء
ہمارے لئے کیا لا رہا ہے
ہر شخص کے حالات
۳۶۵ دنوں کے اثرات- جو روزانہ زندگی میں کام دیتے ہیں
ستاروں کی روزانہ حرکات، درجات اور نظرات

اسمائے الٰہی

باری

اسم باری اور خالق ایک ہی ہیں۔ تاہم تھوڑا سا فرق ہے اور اس تھوڑے میں بھی بہت بڑی حکمت ہوگی۔ اسی لئے علیحدہ اسم رکھا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا یعنی اسماء الحسنیٰ کے ذریعہ دعا مانگو۔ اسم خالق تمام مخلوق سے متعلق ہے۔ اور اسم باری ایجاد و ابداع سے متعلق ہے۔ یعنی وہ ذات جو پوشیدہ امور کو وجود میں لاتی ہے۔ وجود میں آنے کے بعد وہ مخلوق ہو جاتی ہے۔

جب اللہ تعالیٰ نے اپنے اسم خالق کے ساتھ ترکیب رحمانی اور ترکیب جسمانی کو کامل کرنے کا ارادہ کیا تو اس کو قوت باری سے مدد دی اور قوت مصور سے صورت تشکیل کی۔ پھر اسم قدیر سے اس پر تجلی کی۔ صحیفہ تدبیر میں ڈال دیا۔ جو اطوار ترکیبی کی معرفت سے ہے۔

جب کوئی شخص اس اسم کے ذریعہ بارگاہ الٰہی میں تقرب حاصل کرنا چاہے تو انکسار، فکر، مراقبہ، چلہ کرے اور ان تینوں اسماء کا ورد کرے۔ خلق باری مصور۔ ممکن ہے اللہ تعالیٰ تیرا حال تجھ پر غالب کردے اور موکلات اسماء تجھ پر ہجوم کریں اور تو ان سے گفتگو کر سکے۔ چلہ کے بعد ان اسماء کی ہر وقت تلاوت کرنی چاہئے۔ تلاوت کل اس کی ۲۴۴x ۲۴۴ بار ہے۔ چاندی کی انگشتری بنا کر اس پر اسم کندہ کرے۔ تو موکل حاضر ہوگا۔ جو چار رئیس کا سردار ہے۔ ہر رئیس کے تحت موکلوں کی ۶۶ صفیں ہیں۔ اس کے موکل کو حاضر کرنے کا طریقہ یہ ہے۔

یااللّٰہُ یَابَارِئُ یَافَتَّاحُ افْتَحْ عَلَیْنَا سِرَّ غَیْبِكَ لَااِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْمُعْطِیُ الْهَادِیُ

اس عزیمت کا چلہ سوا لاکھ نکالنا چاہئے۔ اور چلہ کے بعد ۲۱۳ مرتبہ روز پڑھنا چاہئے۔ پھر جب بھی ضرورت ہو اس اسم کو پڑھے تو موکل حاضر ہوگا۔ جو شخص منگل کے روز اس اسم کو پڑھے تو جس مصیبت میں گرفتار ہو۔ اس سے نجات ملے۔ کوئی رنج و غم ہو تو اس سے نجات ملے، قیدی ہو تو قید سے رہائی ملے اور جو شخص اس کو وظیفہ بنائے۔ اللہ تعالیٰ اس کو محبت اور مہابت نصیب کرے۔ جب کثرت سے تلاوت کرے گا تو فرشتے اسے تمام عالم کے احوال کی آگاہی دیتے رہیں گے۔

چونکہ اسم باری پیدائش خلقت سے متعلق ہے اور قیامت کے دن دوبارہ زندہ بھی کرے گا۔ لہذا اس اسم میں فنا و بقا دونوں قوتوں کا راز ہے۔ بقا سے میری مراد دوبارہ زندہ کرنے سے ہے۔ لہذا جن لوگوں کے وظائف یا منصب یا عہدے جاتے رہے ہوں تو اس اسم کا ورد کرنے سے دوبارہ پھر واپس مل جائیں گے۔

اس اسم کا جو موکل قوت قہاریہ سے متعلق ہے۔ اس کا نام مَلْسَائِیلُ۔ اگر اس کو چلہ کر کے تسخیر کر لیا جائے تو دشمنوں، چوروں اور ہر مخالف کو سزا دینے کے قابل ہو سکیں گے۔

اس اسم کی ایک اور خاصیت ہے کہ یہ سخت کاموں کو سہل کرتا ہے۔ اس لئے مزدوروں، لوہاروں، حمالوں اور سخت قسم کا پیشہ رکھنے والوں کو اس کا ذکر کرنا چاہئے۔

جو شخص اس اسم کا ذکر کرتا ہے۔ اس پر عالم مثال کا کشف ہوتا ہے۔ مثلاً اگر طبیب ہے تو اس کا علاج درست ہوتا ہے۔ ہر مریض کو شفا ہوتی ہے۔

اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ایک ہفتہ تک روزانہ ۲۱۳ مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ بعد ممات قبر میں ایک فرشتہ برائے موانست بھیجے۔ جس سے تنہا رہے گا۔

شیخ مغربیؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ اس اسم مبارک کی تلاوت وہ انسان کرے۔ جو طالب حقیقت ہو یا بے مربی ہو۔

شیخ جلال الدین محمود تبریزی نے تحریر فرمایا ہے کہ اگر پندرہ روز تک کوئی شخص دو سو مرتبہ پڑھے۔ تو لطف خداوند عالم شامل حال ہو۔

اگر الربُّ الخالق الباری پڑھے تو پروردگار عالم اسرار حقیقت منکشف فرمائے۔

اور برائے آمدن حاجات و مہمات سات روز تک متواتر روزہ رکھے اور بعد نماز عشاء دس ہزار مرتبہ خواہ ہر سہ مندرجہ بالا اسماء خواہ الباری پڑھے۔ حاجت روا ہو۔

اور شیخ بونیؒ نے ارشاد فرمایا ہے کہ جب کوئی شخص اس اسم کی ریاضت کرنا چاہے تو تنہائی و خلوت اختیار کرے زیادہ وقت مراقبہ میں صرف کرے اور چالیس دن عبادت و ریاضت کے لئے وقف کرے۔ ان تین اسماء کا ذکر کرے۔ خالق الباری المصور ۴۴۳۶۹ مرتبہ پڑھے۔ خواہ ہر نماز فریضہ پڑھ کر تعداد پوری کرے۔ خواہ صبح و شام پڑھے۔ تو تمام عالم مسخر ہو۔ اور فرشتے پوشیدہ امور سے مطلع کریں۔ موکلات کا ہجوم ہو۔

اگر اس اسم کو لوح نقرہ پر کندہ کر کے سر پر باندھے تو امراض سر زائل ہو۔

شیخ شہاب الدین سہروردیؒ نے تحریر فرمایا ہے۔ اگر دعائے مبارکہ یَابَارِئُ النُّفُوْسُ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِهٖ کو برائے مہمات شدیدہ ایک ہفتہ عزلت گزیں ہو کر روزہ سے ترک حیوانات کے ساتھ دس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے تو مقصد حاصل ہو۔

برائے سحر و نظر و برص و جذام اور اسی قسم کی مزمن مرضوں کے لئے اسم مذکور کو ہفت جوش کی انگشتری پر مشتری کی ساعت میں کندہ کر کے پہنے اور اعداد کے موافق پڑھے تو تمام امراض زائل ہوں اور شفائے کلی حاصل ہو۔

تثلیث عطارد و زحل

۱۸ مئی کو رات ۹ بجکر ۴۸ منٹ پر یہ تثلیث بنے گی۔ وہ شخص جسے کسی علاج سے فائدہ نہ ہوتا ہو اور حکماء اس کے علاج سے عاجز آ گئے ہوں۔ وہ اس طریقہ کو کرے۔ خواہ کتنا ہی مریض کیوں نہ ہو۔ حکم ربی سے شفا پائے گا طریقہ اس کا یہ ہے کہ بیس سیر گندم مریض خود خرید کر لائے کوئی اور نہ لائے گندم پر یہ دعا پڑھے۔ اگر مریض خود نہ پڑھ سکے تو کسی سے سات بار پڑھوا کر دم کروالے۔ پھر مریض چت لیٹ جائے اور عامل یا کوئی اور گندم کو مریض کے سر اور سینہ پر آہستہ آہستہ گھنڈوائے پھر اسے مریض اکٹھا کرے اور چار حصے کر کے چاروں درویشوں کو دیدے۔ انشاءاللہ صحت ہو جائے گی میں نے پہلے بھی اس عمل کو لکھا تھا تو بہت لوگوں نے کیا اور اللہ تعالیٰ نے ہر شخص کو شفا دی۔ عجیب تحفہ ہے۔ گندم پہلے سے خرید کر لائی جا سکتی ہے۔ دم کرنا' گھنڈانا اور اکٹھا کرنا' وقت مقررہ پر ہوگا۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الَّذِیْ اِذَا اَسْئَلَكَ بِهِ الْمُضْطَرُّ كَشَفْتَ مَابِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّعِلَّتِ لَهٗ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْتَهٗ خَلِیْفَتِكَ عَلٰی خَلْقِكَ وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَعَافِنِیْ فِیْ عِلَّتِیْ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ -

اگر کوئی شخص باادب شرائط اسم مذکور کو اٹھاون روز تک دس ہزار مرتبہ روزانہ تلاوت کرے تو مکائد شیاطین واجنہ و انسان سے محفوظ رہے اور عامل اسرار روحانیات اور اسرار سیارگان و کواکب سے آگاہ ہو۔ افعال و احوال عالم ملکوت و جبروت کو بچشم حقیقت معائنہ کرے اور ساکنان عالم علوی و روحانی و ملائکہ اس کی جانب توجہ کریں اور ازراہ عنایت پیش آئیں۔ اسرار عالم منکشف ہوں۔ ظہور کرامات پر قادر ہو۔ ایک اشارے پر خلائق مقصود حاصل ہو۔

برائے تسہیل کار ہا اور حصول مقاصد کشادگی روزگار اس کا نقش تثلیث عطارد و مشتری میں تیار کر کے پاس رکھے تو کامیاب ہو۔

۷۸۶

۵۳	۵۶	۵۹	۴۵
۵۸	۴۶	۵۲	۵۷
۴۷	۶۱	۵۴	۵۱
۵۵	۵۰	۴۸	۶۰



قدیم علوم کا سائنٹیفیک نظریہ
ان کے ذاتی تجربات اور اصل حقائق و اثرات
سعادت و نحوست کا حساب، حیرت و تجسس پر مبنی ناول

ناشون

تحریر: شازلی سعید مغل

برصغیر میں علمِ تسخیر کے بانی حضرت کاش البرنیؒ کی
عاملیت و کاملیت، روحانیت، محبت، تصوف اور دوسری دنیا
کے تجربات و مشاہدات پُراسراریت کے نت نئے راز کھولتا ایک
سحر انگیز ناول جس کے مرکزی کردار حضرت کاش البرنیؒ "بنام"
"ناشون" ہیں

۴۵۰ صفحات

Postage
Rs: 50

اپنا آڈر ان نمبروں پر بک کروائیں
021-34949944
021-32018699
0333-7202964
یا قریبی بکسٹال سے خرید فرمائیں

قیمت: ۵۰۰ روپے

ابھی رابطہ کر کے اپنی کاپی بک کروائیں یا اپنے قریبی بکسٹال پر اپنا آڈر بک کروائیں۔

Auraq Publishers, Ibrahim market, PIB Colony, Karachi 74800

یوگا سے آنکھوں کا علاج

دنیا بھر میں نابینا پن تیزی سے پھیل رہا ہے- اگرچہ قریبہ کی پیوندکاری بھی بہت عام ہوگئی ہے لیکن آنکھوں کی ہر بیماری میں قریبہ کی پیوندکاری نہیں ہوتی- بہت کم بیماریاں ایسی ہوتی ہیں جن میں قریبہ تبدیل کرکے بینائی بحال کی جاسکتی ہے- لیکن اس کے باوجود بعض مشقیں ورزشیں اور غذائی تبدیلیاں ایسی ضرور ہیں جن کے ذریعے آنکھوں کی بعض بیماریوں پر قابو پایا جاسکتا ہے- بینائی بڑھائی جاسکتی ہے اسے مضبوط کیا جاسکتا ہے اور حتیٰ کہ بینائی بحال بھی کی جاسکتی ہے-

چھ ہزار برس قبل لوگ آنکھوں کے لئے جن ورزشوں کا نظام ترتیب دے چکے تھے آج اسے سائنٹیفک قرار دیا گیا ہے اور تقریباً اسی نوع کی ورزشوں کا مشورہ موجودہ دور میں ماہرین امراض چشم بھی دیتے ہیں-

پہلی ورزش

سامنے موم بتی جلا کر تین یا چار فٹ کے فاصلہ پر کھڑے ہوجائیں موم بتی کا شعلہ آپ کی آنکھوں کی سطح سے چند انچ نیچے ہو اب آپ بیٹھ کر ثابت قدمی کے ساتھ پلکیں جھپکائے بغیر شعلہ کو تکنا شروع کردیں- یہ عمل ایک منٹ تک کریں پھر آنکھیں بند کرلیں- جسم کو ڈھیلا رکھیں ستائیں اور تصور کریں کہ آپ شعلہ کو بند آنکھوں سے ابروؤں کے درمیان جلتا دیکھ رہے ہیں یہ عمل بھی ایک منٹ تک کریں آنکھیں کھولیں ستائیں پھر شروع والا عمل دہرائیں- آہستہ آہستہ شعلہ تکنے کا وقت اور ستانے کا وقت بڑھاتے جائیں- تین منٹ تک لئے جائیں- اس مشق سے اعصاب کو تحریک و تقویت ملے گی- آنکھوں کے پٹھے مضبوط ہونگے اور قوت ارتکاز میں اضافہ ہوگا-

دوسری ورزش

آنکھیں نیم وا رکھیں ڈھیلے اوپر ابروؤں (بھویں) کی جانب تھوڑے سے اٹھائیں اور ابروؤں کی درمیانی جگہ کو جس کے بارے میں روایت ہے کہ یہاں انسان کی تیسری آنکھ تھی جواب اندر اسی جگہ موجود ہے تکنا شروع کردیں- ابتداء میں آپ کو چکر یا گدگدی محسوس ہوسکتی ہے- لہذا آپ پندرہ سیکنڈ کے بعد رک جائیں لیکن آہستہ آہستہ ابروؤں کے درمیان تکنے کی مدت بڑھا کر پہلے ایک منٹ پھر دو منٹ اور پھر بہت آہستہ آہستہ ۵ منٹ کردیں ہوسکتا ہے کہ مدت بڑھانے میں کئی ماہ لگ جائیں- آنکھوں کے عضلات پر دباؤ نہ پڑنے دیں پھر آنکھیں بہت زیادہ اوپر نہ اٹھائیں اور اگر ضرورت محسوس ہو تو گھورنے کی مدت میں اضافہ روک دیں اور اس سے آنکھوں کے اعصاب کو تحریک ملے گی اور خوشگوار طمانیت سے پُر آرام دماغ کے مرکزی حصوں کی جو آنکھوں کو کنٹرول کرتے ہیں ملے گی اور وہ مضبوط ہونگے-

تیسری ورزش

ناک کی نوک کو تکنا شروع کیجئے ایک منٹ تک یہ عمل جاری رکھئے پھر ستائیے یہ عمل تین یا چار مرتبہ دہرائیے- ناک کی نوک تکنے اور ستانے کا عمل ایک ایک منٹ تک رکھئے اور آہستہ آہستہ وقت بڑھا کر پانچ منٹ تک لے جائیے-

چوتھی ورزش

دونوں آنکھوں کے ڈھیلے دائیں کاندھے کی جانب گھمائیے اور انہیں ہنسلی کی ہڈی اور کندھے کی درمیانی جگہ پر مرتکز کیجئے یہاں ایک منٹ تک گھورتے رہئے پھر آنکھیں بند کیجئے اور ایک منٹ تک آرام دہ حالت میں رہئے آہستہ آہستہ وقت بڑھاتے جائیے-

پانچویں ورزش

یہ ورزش چوتھے نمبر کی ورزش کی طرح ہے بس اس مرتبہ آپ بائیں کندھے کی جانب ڈھیلے گھمائیں گے-

چھٹی ورزش

وقتاً فوقتاً دن بھر آنکھوں کو دائیں سے بائیں اور بائیں سے دائیں اور اوپر نیچے گردش دیں- یہ روزشیں کہیں بھی کی جاسکتی ہیں-

کسی بڑی تصویر، عمارت یا درخت کو گھورنا شروع کیجئے پھر ڈھیلوں کو پورے محیط میں دائیں- بائیں دائرے میں گھمانا شروع کیجئے پھر اس طرح بائیں سے دائیں پھر افقی انداز میں- قدرت نے آنکھوں کو چاروں طرف دور دور تک دیکھنے کے لئے بنایا ہے لیکن شہری زندگی میں اس کے مواقع نہیں ملتے- لہذا یہ مواقع پیدا کیجئے اور افق پر گھورنے کی عادت ڈالئے-

سورج اور چاند کو تکنے کی ورزش

اگر آپ طلوع آفتاب کے ساتھ بیدار ہوئے ہوں تو سورج کی ابتدائی کرنوں کو چند سیکنڈ تک اس وقت تکئے جب وہ افق پر نمودار ہورہا ہو- طلوع ہوتے سورج کی نرم و نازک کرنیں آپ کی آنکھوں کو نقصان نہیں پہنچائیں گی بلکہ انہیں مضبوط کریں گی- آپ یہ مشق ایک وقت میں ایک منٹ تک کرسکتے ہیں- اسی طرح جب سورج ڈوب رہا ہو تو اسے تکنے کی مشق کیجئے لیکن دن کے کسی اور وقت سورج کو اس طرح دیکھنے کی کوشش قطعاً نہ کریں- چاند کو تکنے کی ورزش بھی اسی نوع کی ہے- پورے چاند کو ایک وقت میں ایک منٹ تک گھوریئے- کسی بھی صورت میں سورج گرہن کو نہ دیکھیں کیونکہ اس کا نتیجہ مکمل اندھے پن کی صورت میں برآمد ہوسکتا ہے- جب سورج طلوع ہوتے ہوئے ذرا بھی بلند ہوجائے تو نصف سیکنڈ کے لئے بھی اسے نہ دیکھیں کیونکہ اس سے آنکھوں کے عدسوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا-

اوج زہرہ

زہرہ دورہ فلک طے کرتا ہوا جب برج حوت کے ۲۷ درجہ پر پہنچتا ہے تو اس میں ایک خاص تاثیر پیدا ہوتی ہے۔ پروردگار عالم نے وقت کے ہر موقعہ میں تاثیر رکھی ہے۔ حکمائے فلاسفر کا قاعدہ ہے کہ وہ حصول اثر کے لئے فاعل کو مہیا کرتے ہیں تاکہ عالم فلکی کی تاثیر کو عالم سفلی میں اتارا جاسکے اور جب ایسا مادہ مہیا کرلیا جاتا ہے جو اس کا اثر قبول کرے تو اس اثر کو لوح یا نقش پر اتار لیا جاتا ہے اور وہ سبب زمین پر ظہور صنعت قدرت خدا کا ہو جاتا ہے چنانچہ زہرہ کے ان درجوں پر فائز ہونے سے جو تاثیر پیدا ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ رجوع خلق اور تسخیر مستورات کے لئے بہت تیزی سے کام کرتی ہے نتیجہ اس کا یہ ہوتا ہے کہ جس شخص کے پاس یہ لوح ہو گی۔ لوگ واقف و ناواقف بڑے اور چھوٹے کسی نامعلوم کشش کے باعث متوجہ ہو جاتے ہیں اور پسند کرتے ہیں جوق در جوق آتے ہیں۔ شہرت، عظمت اور مقبولیت حاصل ہوتی ہے۔

لہذا اس وقت سے ان تمام لوگوں کو فائدہ اٹھانا چاہیے جن کا خلقت سے عام تعلق ہے مثلاً حکیم، ڈاکٹر، وکلاء، لیڈرز، دکاندار اور دیگر ایسے تمام پیشہ ور لوگ جن کا ذریعہ آمدن عوام کی آمد سے متعلق ہے۔ کاروبار میں اضافہ کے لئے یہ ایک موثر وقت ہے۔ دکانداروں کے لئے خصوصاً" یہ وقت موثر ہے۔

تسخیر حکام، تسخیر خلق، رجوع خلق اور قوم یا خلقت پر بزرگی حاصل کرنے کے لئے سال بھر میں یہ ایک موثر وقت آتا ہے اور وہ لوگ جن کا خلقت کی آمد سے تعلق نہیں ان کے لئے تسخیر خلق کی ضرورت ہوتی ہے۔ یعنی اپنے حلقے، ساتھ کام کرنے والوں، افسران، خاندان اور قوم میں برتری ہو لہذا اس وقت سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

زہرہ ۱۲ مئی کو ۶ بجکر ۱۰ منٹ صبح سے ۱۳ مئی کو ۲ بجے قبل سحر تک اوج میں رہے گا۔ ۶ ساعتیں ملیں گی جن میں آپ نے کام کرنا ہے۔ ان ساعت میں کام باآسانی مکمل کرسکتے ہیں۔

ایک لوح چاندی کی بنوائیں اس میں آیت یَفْعَلُ اللّٰہُ مَایَشَآءُ وَ یَحْکُمُ مَّایُرِیْدُ کے اعداد ۹۵۸ پر کریں لیکن لوح ذوالکتاب ہو۔ جس کی شکل ورفتار ذیل میں دی جاتی ہے۔

رفتار

۱	۷	۱۳	۱۹	۲۵
۱۴	۲۰	۲۱	۲	۸
۲۲	۳	۹	۱۵	۱۶
۱۰	۱۱	۱۷	۲۳	۴
۱۸	۲۴	۵	۶	۱۲

اصل نقش

یفعل	اللہ	مایشاء	ویحکم	مایرید
۳۵۴	۸۵	۲۶۱	۱۹۱	۶۷
۲۶۲	۱۹۲	۶۸	۳۵۵	۸۱
۳۵۰	۳۵۱	۸۲	۲۶۳	۱۹۳
۸۳	۲۶۴	۱۹۴	۶۵	۳۵۲

نقش کے اوپر یا مجیدُ رفیعُ نعم النّصیر لکھیں۔ نیچے وَکَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا مُحَمَّدٌ رُّسُوْلُ اللّٰہِ لکھیں اور پشت لوح پر اسمائے موکلات وعزیمت لکھیں۔

اُجبْ یا حفطیائیلُ یاحنظیائیلُ یا مولیائیلُ یاخنطائیلُ سَخِّرْ لِخَلْقِکَ مِنَ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَالْبَحْرِ وَالْبَرِّ وَالْجِنِّ وَالْاِنْس کَمَا سَخَّرَ لِدَاؤدَ وَ لِسُلَیْمَانَ عَلَیْہِ السَّلَامُ

تیار کرتے وقت باوضو ہوں۔ علیحدہ کمرہ ہو۔ کپڑے صاف اور معطر ہوں۔ بخور زہرہ کا جلائیں۔ جو زعفران اور سفید صندل ہے۔ دونوں میں سے جو میسر ہو وہ جلائیں اگر لوح چاندی کی نہ بنواسکیں تو کاغذ پر زعفران سے لکھیں اسے بازو بند بنائیں یا گلے میں ڈالیں اور ہمیشہ پاس رکھیں۔ تاثیر اس کی ظاہر ہوگی۔ اس مہر کی برکت سے جمیع خلق مطیع و مسخر ہو گی اور جماعت قوم، خاندان یا ماحول میں مقبولیت حاصل ہوگی۔ دکاندار لیڈروں، وکلاء، حکماء وغیرہ کے لئے یہ لوح اسباب رزق میں سے ہے۔ لوح باندھ کر حسب توفیق تصدق کریں اور ختم دلائیں۔ اس لوح یا نقش کو سفید ریشمی کپڑے میں سلوانا ہوگا۔

کوشش کریں کہ اپنی ضرورت کے لئے نقش یا لوح خود تیار کریں۔ جو بات سمجھ میں نہ آئے خط لکھ کر دریافت کرسکتے ہیں۔ جو کسی وجہ سے خود تیار نہ کرسکیں اور مدد کے خواہاں ہوں۔ ان کے لئے کاغذ پر تیار کرنے کا ہدیہ -/۶۷۰۱ روپے ہوگا۔ محصول ڈاک -/۶۵ روپے ہوگا۔ ہدیہ کم از کم پندرہ دن قبل ارسال کریں تاکہ آپ کا کام تیار ہوسکے۔ نام معہ والدہ ارسال کریں اور مقصد۔

وہ لوگ جو اس لوح کو رکھیں تو اسمائے الٰہی یا مجید رفیع نعم النصیر کا ورد کریں اس کے عدد ۹۵۸ ہیں اور آیت کے عدد بھی ۹۵۸ ہیں۔ اس کے ورد سے طالب بہت جلد عزیز خلق ہو جاتا ہے اور اس کا شہرہ دور و نزدیک پھیل جاتا ہے اور اس کی وجہ سے ترقی بہت ہوتی ہے۔ مال و دولت کے آسان ذرائع بھی ملتے ہیں۔

سبی
رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کے لئے
ممتاز اسٹیشنری مارٹ۔ مسجد روڈ

عملیات میں پرہیز

عملیات میں پرہیز ایک خاص شے ہے- بلکہ پرہیز کو بمنزلہ اساس کہا جائے تو مناسب ہے- طب میں ایک خاص مسئلہ ہے کہ دوا کرنے سے بہتر پرہیز ہے- اگر کوئی شخص کسی بیماری میں دوا نہیں کرتا مگر پرہیز کرتا ہے تو بیماری سے صحت ممکن ہے لیکن دوا تو کرنا ہے- مگر پرہیز نہیں کرنا تو دوا بھی بے کار اور صحت کی امید بھی موہوم ہے- اسی طرح عملیات سے کچھ ملائکہ متعلق ہوتے ہیں اور ان ہی ملائکہ کے سبب سے عمل میں کامیابی ہوتی ہے عاملین نے تجربہ سے معلوم کرلیا ہے کہ بعض اشیاء ایسی ہیں جن سے ملائکہ کراہت کرتے ہیں اور احادیث سے بھی ثابت ہے کہ بعض اشیاء کھا کر مسجد میں آنے کی ممانعت ہے- صحیح حدیثِ پاک میں ہے کہ حضور ﷺ نے بڑی تاکید سے حکم دیا ہے کہ کوئی شخص مسجد میں پیاز اور لہسن (کچا) کھا کر نہ آئے- ایک اور حدیث میں ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جو شخص مسجد میں بدبودار شے کھا کر آئے اسے حدود مسجد سے نکال دو- اگر عمل با پرہیز کیا جائے تو عمل میں اثر جلد اور کامل ہوتا ہے- میں بعض عملیات میں لکھتا ہوں کہ پرہیز کی ضرورت نہیں- جب عمل کا رکن پرہیز ہے تو پھر پرہیز نہ کرنا کہا ہو تو اس کے متعلق گذارش ہے کہ عام طبائع کی نزاکت دیکھتے ہوئے اور بار بار محنت اور مشقت اٹھانے کے قابل نہ جانتے ہوئے میں بعض وظائف میں پرہیز کی شرط اڑا دیتا ہوں مگر عمل اور پرہیز تو لازم و ملزم ہیں- وظیفہ میں پرہیز کی چنداں ضرورت نہیں لیکن عمل میں پرہیز واقعی رکن ہے اور حق یہ ہے کہ خواہ عمل ہو یا وظیفہ اگر پرہیز سے پڑھا جائے تو ایک سے سو ہو جاتا ہے پرہیز کا جواز حضرت موسیٰؑ کے واقعہ سے ہوتا ہے کہ خدائے قدوس نے اپنی تجلی دکھانے کے واسطے چالیس دن کے روزے کا حکم دیا تھا- ایک مرتبہ حضرت عمرؓ کے پاس چند عربی بیٹھے تھے جو پیاز اور لہسن کھا کر آئے تھے- آپؓ نے فرمایا اے لوگو! حضور اکرم ﷺ کے حکم کو بھول گئے ہو کہ آپ نے فرمایا کہ جو شخص بھی یہ چیزیں کھا کر آئے نہ ہماری مسجد میں آئے نہ ہمارے ساتھ نماز پڑھے اور اگر آئے تو اسے بقیع تک نکال آؤ- اب معلوم ہو کہ پرہیز کی دو قسمیں ہیں- ایک جلالی اور دوسرا جمالی-

جمالی پرہیز یہ ہے کہ گوشت ہر قسم اور پیاز اور لہسن اور ہر قسم کی بدبودار اشیاء سے پرہیز کیا جائے اور پرہیز جلالی یہ ہے کہ گوشت اور گوشت سے پیدا ہونے والی اشیاء بھی نہ کھائے یعنی دودھ، دہی، گھی اور جو شے ان اشیاء سے بنی ہو- چمڑے کی جوتی نہ پہنے، چمڑے کا ڈول کا پانی نہ پیے اور اس کنوئیں کا پانی بھی نہ پیے- جس میں چمڑے کا ڈول پڑتا ہو- کوئی ایسا پھل نہ کھاؤ جس کا کوئی حصہ جانور نے کھالیا ہو ایسا دانہ جس میں گھن لگ گیا ہو یا جس پھل میں کیڑا لگا ہوا ہو اسے نہ کھاؤ- ایسے چھری یا چاقو جس میں ہڈی کا دستہ لگا ہوا ہو- اپنے پاس نہ رکھو- ایک بزرگ نے مجھ سے فرمایا کہ اصل پرہیز یہ ہے کہ عامل جس جگہ پڑھنے کا قصد رکھے- اس کو ٹھری میں بھی اس قسم کی کوئی شے نہ ہو- جب کوئی پھل یا دانہ کھائے تو پہلے اسے پانی سے دھولیا کرے- ہاں زندہ جانور کو ہاتھ لگانا یا سواری کرنا جائز ہے- مگر حجامت کرنا جائز نہیں- دوران عمل صرف کھانے پینے کا ہی پرہیز نہیں بلکہ اکل حلال، صدق، غیبت، فحش کلامی اور حرام فعل سے پرہیز ہے- جو شخص عمل پڑھتا ہے لیکن ساتھ ہی جھوٹ بولتا ہے- گالیا دیتا ہے- غیبت کرتا ہے تو عمل میں ہرگز اثر نہ ہوگا- چاہے وہ عمل کبریت احمر یا تیر بہدف ہی کیوں نہ ہوں- اسی طرح جو پیٹ میں لقمہ حرام ہوگا اس عمل میں ہرگز اثر نہ ہوگا- عمل حقیقتاً ایک روحانی شے ہے جب تک عامل سراپا روح نہ بن جائے عمل میں اثر پیدا نہ ہوگا- لوگ عمل کی بے اثری کی شکایت کرتے ہیں- مگر جب شرائط عمل کی تکمیل نہ کی جائے تو بے اثری کی شکایت بے جا ہے-

ان والدین کے لئے جو اپنی
اولاد کی تربیت، تعلیم، معاش

بچے اور ستارے

اور صحت کے سلسلہ میں تعمیری امیدیں رکھتے ہیں اور ان کی دنیاوی کامیابی کو خاندان کی سعادت اور بقاء سمجھتے ہیں-

یہ کتاب بچوں کی تاریخ پیدائش سے چار امور کی رہنمائی کرے گی-

۱ : اس کی تربیت کیسے کریں-
۲ : اسے کون سی تعلیم دلائی جائے-
۳ : اس کے لئے ملازمت کا یا کاروبار کا کونسا شعبہ خوش بختی لائے گا-
۴ : اس کی صحت کیسے قائم رہ سکتی ہے-

علاوہ ازیں خاندان کے اہم ریکارڈ کے لئے ۳۲ صفحات میں-

(۱) تاریخ ہائے ولادت اولاد (۲) خاندان کے افراد کی تاریخ پیدائش (۳) شادیوں کا ریکارڈ (۴) خاندان کے افراد (۵) اموات کا ریکارڈ

۱۵۰ صفحات ❋ خوبصورت جلد ❋ قیمت =/۲۸۰ روپے علاوہ محصول ڈاک-

ہر گھر بلکہ ہر فرد کے لئے اس کتاب کی ضرورت ہوگی-

اوراق پبلشرز کراچی

دسواں گھر اور کیریئر

زندگی میں کیریئر، پوزیشن کا اندازہ سعد کواکب سے لگایا جاتا ہے اور دسواں گھر شہرت، کیریئر اور پوزیشن ظاہر کرتا ہے۔ پیدائشی زائچہ میں جوکوکب دسویں گھر میں قابض ہوگا۔ اگر وہ دسویں گھر کے درجات سے قران رکھتا ہوتو اثرات اچھے ظاہر کرے گا۔ اگر اس قابض کوکب سے کوئی سعد کوکب تسدیس یا تثلیث نظر رکھتا ہوتو پوزیشن اور کیریئر کا بہتر اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ اگر دسویں گھر کے قابض کوکب سے کوئی نحس کواکب تربیع یا مقابلہ رکھتا ہوتو کیریئر اور پوزیشن میں کمزوری ظاہر کرے گا۔ دسویں گھر سے متعلق چند احکامات ذیل میں درج ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

شمس کا اثر

(قران) دسویں گھر کے درجات سے قران رکھتا ہوتو کیریئر میں قدم جما دیتا ہے۔ دوسروں سے بہتر تعلقات کا اظہار کرتا ہے۔ اچھا عہدہ، حاکمانہ ذہنیت عزت اور شہرت لاتا ہے۔

(سعد نظر) دسویں گھر سے تسدیس یا تثلیث میں ہوتو نظریات میں موافقت اور سوشل پوزیشن میں بہتری لاتا ہے۔ بااقتدار لوگوں سے بہتر تعلقات کا اظہار کرتا ہے اور ترقیاں لاتا ہے۔

(نحس نظر) دسویں گھر سے تربیع یا مقابلہ رکھتا ہوتو نظریات میں اختلافات اور کیریئر سے متعلق ذہنی پریشانیاں لاتا ہے۔

قمر کا اثر

(قران) دسویں گھر کے درجات سے قران رکھتا ہوتو ایک جگہ جم کر کام کرنے میں دقتیں پیدا کرتا ہے۔ قمر اور برج قوی ہوتو کیریئر میں بہتری کا اظہار کرتا ہے۔

(سعد نظر) دسویں گھر سے تسدیس یا تثلیث میں ہوتو شہرت لاتا ہے۔ چھوٹی اسکیموں سے کامیابی اور منافع لاتا ہے۔ شریک حیات سے موافقت اور مزاج میں رنگینی پیدا کرتا ہے۔ خوبصورت ساتھی دیتا ہے۔ عیاشی اور سیر وتفریح کا رجحان پیدا کرتا ہے۔

(نحس نظر) دسویں گھر سے تربیع یا مقابلہ رکھتا ہوتو خاندان والوں سے اختلافات اور محبت میں شدت جذبات پیدا کرتا ہے۔

عطارد کا اثر

(قران) دسویں گھر کے درجات سے قران رکھتا ہوتو اخبار نویسی، صحافت، اشاعت و طباعت اور تعلیمی اداروں کے ذریعہ کیریئر کی راہ ہموار کرتا ہے۔ لٹریری ذہنیت دیتا ہے۔ بلند کردار بناتا ہے۔ عوامی زندگی میں دلچسپی پیدا کرتا ہے۔ بہتر زندگی دیتا ہے۔ بعض اوقات تبدیلیوں کو بھی پسند کرتا ہے۔

(سعد نظر) دسویں گھر سے تسدیس یا تثلیث نظر رکھتا ہوتو مفید اور کارآمد خیالات ذہن میں لاتا ہے۔ زندگی میں عروج حاصل کرنے کی ہمت افزائی کرتا ہے۔

(نحس نظر) دسویں گھر سے تربیع یا مقابلہ رکھتا ہوتو ان تمام امور میں مشکلات اور رکاوٹیں پیدا کرتا ہے۔ ترقی میں گراوٹ ظاہر کرتا ہے۔

زہرہ کا اثر

(قران) دسویں گھر کے درجات سے قران رکھتا ہوتو شراکت سے کامیابی لاتا ہے۔ بہتر فنی صلاحیتیں دیتا ہے۔ فیشن، ہیر ڈریسنگ، ڈیکوریشن، زیورات اور نسوانی ملبوسات یا اسی طرح کے کاروبار سے کافی دولت کا اظہار کرتا ہے۔

(سعد نظر) دسویں گھر سے تسدیس یا تثلیث رکھتا ہوتو جذبات اور تعلقات میں موافقت پیدا کرتا ہے۔ غریبوں اور حاجت مندوں کی ضروریات پوری کرتا ہے۔ والدین اور اولاد سے خوشی کا اظہار کرتا ہے۔

(نحس نظر) دسویں گھر سے تربیع یا مقابلہ کرتا ہوتو احساسات اور نظریات میں تنگ نظری ظاہر کرتا ہے۔ اولاد کی محبت میں کمی کا اظہار کرتا ہے۔ مزاج میں رنگینی پیدا کرتا ہے جس سے عمر کا کچھ حصہ تکلیف دہ ہوجاتا ہے۔ محبت اور ازدواجی تعلقات میں جدائی کا خطرہ لاتا ہے۔

مریخ کا اثر

(قران) دسویں گھر کے درجات سے قران رکھتا ہوتو روزمرہ کام میں بہت طاقت وقوت دیتا ہے۔ سخت سے سخت کام کو اپنے ہاتھوں سرانجام دینے کی صلاحیت پیدا کرتا ہے۔ دوسروں پر فوقیت حاصل کرنے کا رجحان پیدا کرتا ہے۔ ایسے آدمی کے مخالفین زیادہ ہوتے ہیں۔ اولاد سے سکھ اور بہتر مالی حالات کا اظہار ہوتا ہے۔

(سعد نظر) دسویں گھر سے تسدیس یا تثلیث نظر رکھتا ہوتو کام یا پیشہ میں شہرت دیتا ہے۔ اگر دسواں گھر جدی ہوتو ملک کا سربراہ، اعلیٰ افسر یا ممتاز شخصیت کا اظہار کرتا ہے۔

(نحس نظر) دسویں گھر سے تربیع یا مقابلہ رکھتا ہوتو ساتھ کام کرنے والوں سے اختلافات پیدا کرتا ہے مخالفین سے وہم اور اندیشے ذہن میں پیدا کرتا ہے۔ ضد اور ہٹ دھرمی کا رجحان پیدا کرتا ہے۔

مشتری کا اثر

(قران) دسویں گھر کے درجات سے قران رکھتا ہوتو زندگی میں کامیابی کی بہتر دلیل ہے۔ بہتر کیریئر خوشگوار زندگی اور ہردلعزیزی کا اظہار کرتا

ہے۔

(سعد نظر) دسویں گھر سے تسدیس یا تثلیث نظر رکھتا ہو تو کامیاب کیریئر کی ضمانت دیتا ہے امید افزاء حالات ہموار کرتا ہے۔ معیار زندگی کو بلند کرنے کا رجحان پیدا کرتا ہے۔ بڑے لوگوں سے مدد دلواتا ہے۔ ازدواجی زندگی پر مسرت بناتا ہے۔ سماجی یا سیاسی زندگی خوشیوں سے پر کرتا ہے۔

(نحس نظر) دسویں گھر سے تربیع یا مقابلہ کی نظر رکھتا ہو تو بچپن میں والدین ہمت افزائی کرتے ہیں۔ جوانی میں خود پسندی، تکبر پیدا ہو جاتا ہے۔ رہن سہن اور لباس میں بناوٹ اور نمائش کا اظہار کرتا ہے۔

زحل کا اثر

(قران) دسویں گھر کے درجات سے قران میں ہو تو اچھی پوزیشن کا اظہار ہوتا ہے۔ خاص کر گورنمنٹ ملازمت میں بہتر کامیابی لاتا ہے۔ سخت محنت کے بعد کامیابی لاتا ہے۔ ایسا شخص اپنی طبیعت کا مالک ہوتا ہے۔

(سعد نظر) دسویں گھر سے تسدیس یا تثلیث رکھتا ہو تو کیریئر میں بلند نظری اور پر امید ماحول پیدا کرتا ہے۔ بڑی ذمہ داریاں دیتا ہے۔ بردباری اور ٹھنڈے دل و دماغ کا اظہار کرتا ہے۔

(نحس نظر) دسویں گھر سے تربیع یا مقابلہ رکھتا ہو تو کام کرنے کی رفتار سست ہوتی ہے لیکن بہت محنتی ہوتا ہے۔ والد سے اختلافات کا اندیشہ رہتا ہے۔ کیریئر میں مشکلات پیدا کرتا ہے۔ عزیزوں سے مخالفت اور مخالفین کی تعداد زیادہ کرتا ہے۔

یورنس کا اثر

(قران) دسویں گھر میں قران رکھتا ہو تو ذریعہ معاش میں تبدیلیاں لاتا ہے۔ ذہانت اور تخلیقی قوتیں دیتا ہے۔ لیکن بعض اوقات حسد اور بغاوت کا رجحان پیدا کر دیتا ہے۔ جس سے ترقی میں رکاوٹ کا خدشہ رہتا ہے۔

(سعد نظر) دسویں گھر سے تسدیس یا تثلیث نظر رکھتا ہو تو کیریئر میں بہتر صلاحیت اور ترقی کے امکانات پیدا کرتا ہے۔

(نحس نظر) دسویں گھر سے تربیع یا مقابلہ کرتا ہو تو ساتھ کام کرنے والوں سے مخالفت اور حسد کا اظہار کرتا ہے۔ ذاتی کمزوریوں کی وجہ سے تنزلی کے امکانات پیدا کر دیتا ہے۔

نپ چون کا اثر

(قران) دسویں گھر کے درجات سے قران رکھتا ہو تو فنی ذہن دیتا ہے۔ فلم، ریڈیو، ٹی وی اور رقص و موسیقی سے دلچسپی پیدا کرتا ہے۔

(سعد نظر) دسویں گھر سے تسدیس یا تثلیث نظر رکھتا ہو۔ خاص کر زہرہ یا مشتری سے تو پھر ان تمام امور میں ہم آہنگی اور کامیابی دیتا ہے۔ یا ناجائز طریقے سے دولت کا اظہار کرتا ہے۔

(نحس نظر) دسویں گھر سے تربیع یا مقابلہ رکھتا ہو تو ناجائز طریقوں کا کاروبار دھوکہ اور فریب کا رجحان پیدا کرتا ہے۔ کسی امر میں مالی مشکلات کا اظہار کرتا ہے۔ قید و بند کا اظہار کرتا ہے۔

پلوٹو کا اثر

(قران) دسویں گھر کے درجات سے قران میں ہو۔ خاص کر سرطان یا سنبلہ میں تو کاروباری یا پیشہ وارانہ صلاحیتیں اچھی دیتا ہے۔ اگر دسواں گھر اسد ہو تو شہرت کا فقدان پیدا کرتا ہے۔ باقی بروج میں اعتدال پسندی ظاہر کرتا ہے۔

(سعد نظر) دسویں گھر سے تسدیس یا تثلیث نظر رکھتا ہو تو بہتر تنظیمی صلاحیتیں پیدا کرتا ہے۔ اکثر نئے نئے کاروباری طریقے ذہن میں لاتا ہے۔

(نحس نظر) دسویں گھر سے تربیع یا مقابلہ رکھتا ہو تو بچپن میں والدین کی پابندیاں عائد کرتا ہے۔ جوانی میں جنسی رجحانات پیدا کرتا ہے۔ ذریعہ معاش میں کچھ مدت بعد اکتاہٹ پیدا کر دیتا ہے۔

اعداد کی حیرت انگیز مخفی قوتوں کا انکشاف

علاؤں کی حکومت

حصہ اول

اس کتاب میں اعداد کی سائنس کے حیرت انگیز نتائج بیان کئے گئے ہیں۔ ہر شخص اپنی تاریخ پیدائش کے عدد، نام کے عدد اور دیگر مختلف اعداد کے ماتحت کام کرتا رہتا ہے۔ یہ نمبر اس کی قسمت، قوت عمل، کام، کاروبار اور تمام دنیاوی کاموں میں کیسے دخل انداز ہوتے ہیں؟ کیسے مدد کرتے ہیں؟ ان کو مفصل طریقے سے بیان کیا گیا ہے۔ استخراج آسان ہیں۔ حکم لگانا آسان ہے اور تجربہ کرنا آسان ہے۔ اس میں سات باب ہیں۔

پہلا باب	اعداد اور کواکب
دوسرا باب	عدد ذات
تیسرا باب	اعداد کے تعلقات
چوتھا باب	آپ کی زندگی کے مخصوص نمبر
پانچواں باب	اعداد سے جواب برآمد کرنا
چھٹا باب	مستقبل کے حالات معلوم کرنا
ساتواں باب	اعداد کے اسرار

موافق رنگ، موافق ادویات، موافق جگہ، موافق نمبر، موافق لوگ معلوم کرنا، ملکی نتائج، مقاموں کے نتائج، مقابلہ کے نتائج، قیمتوں کے نتائج، شیئرز کے نتائج، ریس کے نتائج وغیرہ معلوم کرنا۔

ستر عنوانات میں ایسی کارآمد معلومات دی گئی ہیں۔ جو زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی کرتی ہیں۔ کم تعلیم یافتہ آدمی بھی پورا فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

قیمت =/۴۵۰ روپے

علاوہ محصول ڈاک =/۶۵ روپے علاوہ

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

شب معراج شریف

یہ نورانی اور جگمگاتی رات ۲۷ رجب کی ہے- یعنی جمعہ ۱۳ اپریل کی جو رات آئے گی وہ معراج کی رات ہوگی- اس مقدس رات میں قدرت اپنے عطیات نچھاور کرے گی- اس واقعہ کی تفصیل و برکات اس قدر ہیں کہ روحانی دنیا کے صفحات متحمل نہیں ہوسکتے- البتہ روحانی دنیا کے نظریات اور اس مبارک رات سے استفادہ حاصل کرتے ہوئے کچھ مفید مطلب امور میں فضل ایزدی حاصل کرنا یہ میرا اصول ہے اور اسی کے ماتحت یہ عمل لکھتا ہوں- مراتب و بلندی و اوج حاصل کرنے کے لئے اس سے بڑھ کر اور کونسی ساعت ہوسکتی ہے- وہ لوگ جو بے کسی کی ملازمت اور ڈرے ہوئے حالات میں تجارت پیشہ ہیں- ضرورت مند دولت مندی اور مراتب حاصل کرسکتے ہیں- بعد نماز عشاء نام معہ والدہ کے اعداد نکال کر ان میں ۹۰۴ عدد کا اضافہ کریں اور نقش مسدس میں اسے پر کریں- طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ایک سو پانچ عدد تفریق کرکے باقی کو ۶ پر تقسیم کریں اور خارج قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر ہر خانہ میں ایک کا اضافہ کرتے جائیں- اگر تقسیم کرنے پر ایک بچے تو خانہ ۳۱ میں' ۲ بچے تو خانہ ۲۵ میں' ۳ بچے تو خانہ ۱۹ میں' ۴ بچے تو خانہ ۱۳ میں' ۵ بچیں تو خانہ ۷ میں ایک کا اضافہ کردیں نقش پر ہوجائے گا-

نقش کی چال یہ ہے

۶	۳۲	۳۴	۳	۳۵	۱
۷	۱۱	۲۷	۲۸	۸	۳۰
۱۸	۱۴	۲۱	۲۲	۲۳	۱۳
۱۹	۲۰	۱۵	۱۶	۱۷	۲۴
۲۵	۲۹	۱۰	۹	۲۶	۱۲
۲۶	۵	۴	۳۳	۲	۳۱

رات کو بعد نماز عشاء غسل کریں اور لباس پاکیزہ پہن کر عطر لگائیں- چار رکعت نماز دو سلام سے نفل پڑھیں- ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ تین تین مرتبہ سورۃ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ پڑھیں بعد سلام مصلی پر ہی بیٹھے ہوئے دونوں طرف سے قلم بنائیں- ایک طرف سے نقش پر کریں اور دوسری طرف سے چاروں طرف نقش کے **واللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء** لکھیں- نقش زعفران سے لکھیں- جو مٹی کی کوری پیالی میں ہو- بعد تیاری نقش پیالی معہ قلم دریا یا کنویں میں ڈال دیں اور نقش عطر کرکے چاندی کے تعویز میں بندھوا کر پاس رکھیں- روزانہ تین مرتبہ سورۃ **انا انزلناہ** پڑھ لیا کریں- یہ اس کی زکوٰۃ ہوگی- خدا چاہے تو نقش ایسا لطف دکھائے گا کہ آپ کسی کے محتاج نہ ہوں گے- ہر کام میں دست غیبی کام کرے گا- ہر شخص عزت کرے گا- وہ لوگ جن کا کاروبار نہیں چلتا یا دکان نہیں چلتی وہ ضرور اس عمل کو کریں اور ساری زندگی بلاناغہ تین بار سورۃ **انا انزلناہ** پڑھتے رہیں- کبھی زوال نہ ہوگا-

تبدیلی پتہ

پتہ کی تبدیلی کی فوری اطلاع دیا کریں ورنہ رسالہ گم ہوجانے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا- تبدیلی پتہ کی اطلاع کے ساتھ خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں-

ساہیوال میں

رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کے لئے

طاہر بک اسٹال' نیوز پیپر ایجنٹ'

دیپالپور

علم نجوم کے مبتدیوں کیلئے آسان ابتدائی کتاب

اسباق النجوم

اس وقت جس قدر کتب نجوم آپ کو ملیں گی- ان میں ابتدائی قواعد اس صورت میں مجموعی طور پر نہیں ملتے کہ کوئی شخص اس سے سیکھ سکے- پرانے اور فرسودہ طریقہ پر ہندوانہ اصطلاحوں سے بھرپور کتابیں ملیں گی- اس اہم کمی کو مدنظر رکھ کر ''اسباق النجوم'' کو مرتب کیا گیا ہے- یہ مبتدیوں کے لئے بہترین کتاب ہے- اس کائناتی سائنس کی تعلیم کے لئے میں نے مشرق و مغرب کے قدیم و جدید طریقوں سے کام لے کر ان اسباق کو ترتیب دیا ہے- ہمارے ملک میں ایک عرصہ سے ایسی کتاب کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی جو علم نجوم کے ابتدائی اصول و قوائد جاننے میں مدد دے- نہایت غور و خوض سے آسان طریقہ اختیار کیا گیا ہے واقفان نجوم کو بھی اس سے اہم اور جدید معلومات ملیں گی- اس میں ۲۳ مندرجہ ذیل اسباق ہیں-

(۱) کواکب (۲) بروج (۳) دائرۃ البروج (۴) بارہ گھروں کی تفصیل (۵) تشریحات بروج (۶) بروج کے منسوبات (۷) تقسیم کواکب کا نظریہ (۸) کواکب کی خاصیتیں (۹) شمسی طالع پڑھنا (۱۰) تقویم سے کام لینا (۱۱) ارضی وقت کیا ہے (۱۲) کواکبی وقت کیا ہے (۱۳) تسویۃ البیوت (۱۴) زائچہ کا پڑھنا (۱۵) کواکب کے درجات معلوم کرنا (۱۶) جدول یومیہ اعداد متناسب (۱۷) زائچہ میں کواکب کو پر کرنا (۱۸) نظرات (۱۹) کواکب زائچہ کے گھروں میں (۲۰) احکام لگانے کا طریقہ (۲۱) پیشینگوئیاں کرنا (۲۲) آثار البیوت (۲۳) بارہ بروج کی فلاسفی اور ان کے معانی-

قیمت =\۳۸۰ روپے* محصول ڈاک

طالع وقت کے جدید نقشے- جدید منسوبات اگر اس کتاب پر حاوی ہوگئے تو آثار النجوم کے حصص کو آسان سے سمجھ سکیں گے-

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

ماہ اپریل

نام ایام	اپریل ۲۰۱۸ء	رجب ۱۴۳۹ھ	چیت ۲۰۷۴ب	توقیعات	تقویمی نمبر	درجہ برج	عین وقت	شمس در حمل	مواضع قمر: برج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالات
اتوار	۱	۱۴	۱۹	ایسٹر سنڈے	۷			۱۳			اکلیل	۲۰:۱۲		
پیر	۲	۱۵	۲۰	استفتاح، قمر در عقرب	۸			۱۴	عقرب	۳:۵۶	قلب	۱۹:۳۵		ہبوط
منگل	۳	۱۶	۲۱		۹			۱۵			شولہ	۱۹:۳۶		
بدھ	۴	۱۷	۲۲		۱			۱۶	قوس	۱۱:۵۴	لغائم	۲۰:۱۰		طرح
جمعرات	۵	۱۸	۲۳		۲			۱۷			بلدہ	۲۱:۱۹		
جمعہ	۶	۱۹	۲۴		۳			۱۸	جدی	۲۳:۰۰	ذابح	۲۳:۰۰		وبال
ہفتہ	۷	۲۰	۲۵		۴			۱۹						
اتوار	۸	۲۱	۲۶	شرف شمس	۵			۲۰			بلعہ	۱:۰۰	◓	تربیع دوم
پیر	۹	۲۲	۲۷	عرس نظر محمد شاہ، ٹنڈو محمد خان	۶			۲۱	دلو	۱۱:۴۹	سعود	۳:۰۹		
منگل	۱۰	۲۳	۲۸		۷			۲۲			اخبیہ	۵:۰۷		
بدھ	۱۱	۲۴	۲۹		۸			۲۳	حوت	۲۳:۳۹	مقدم	۶:۵۰		حضیض
جمعرات	۱۲	۲۵	۳۰		۹			۲۴			موخر	۷:۵۸		
جمعہ	۱۳	۲۶	بیساکھ	سمت بکرمی ۲۰۷۵ شروع	۱			۲۵			رشا	۸:۳۰		
ہفتہ	۱۴	۲۷	۲	معراج شریف	۲			۲۶	حمل	۸:۲۵	شرطین	۸:۲۵		
اتوار	۱۵	۲۸	۳	عطارد مستقیم	۳			۲۷			بطین	۷:۴۰		
پیر	۱۶	۲۹	۴	شرف قمر	۴			۲۸	ثور	۱۳:۵۰	ثریا	۶:۲۳	●	شرف اجتماع
منگل	۱۷	۳۰	۵	نیا چاند ☾	۵			۲۹			دبران	۴:۳۷		
بدھ	۱۸	شعبان	۶	یکم شعبان ۱۴۳۹ھ، رجعت زحل	۶			۳۰	جوزا	۱۷:۰۱	ہقعہ	۲:۳۳		فرح
جمعرات	۱۹	۲	۷		۷			۳۱			ہنقعہ ذراعہ	۰۰:۱۴ ۲۱:۵۰		
جمعہ	۲۰	۳	۸	شمس در ثور ♉، ولادت حضرت امام	۸			ثور	سرطان	۱۹:۲۵	نثرہ	۱۹:۲۵		ترفع
ہفتہ	۲۱	۴	۹	حسین	۹			۲			طرفہ	۱۷:۰۴		
اتوار	۲۲	۵	۱۰		۱			۳	اسد	۲۲:۰۸	جبہہ	۱۴:۵۱		
پیر	۲۳	۶	۱۱	رجعت پلوٹو	۲			۴			زہرہ	۱۲:۴۶	◒	تربیع اول
منگل	۲۴	۷	۱۲		۳			۵			صرفہ	۱۰:۵۰		
بدھ	۲۵	۸	۱۳	زہرہ در جوزا	۴			۶	سنبلہ	۱:۳۹	عوا	۹:۰۵		اوج
جمعرات	۲۶	۹	۱۴		۵			۷			سماک	۷:۳۲		
جمعہ	۲۷	۱۰	۱۵		۶			۸	میزان	۶:۱۲	غفرہ	۶:۱۲		
ہفتہ	۲۸	۱۱	۱۶		۷			۹			زبانہ	۵:۰۷		
اتوار	۲۹	۱۲	۱۷		۸			۱۰	عقرب	۱۲:۱۰	اکلیل	۴:۲۱		ہبوط
پیر	۳۰	۱۳	۱۸	قمر در عقرب	۹			۱۱			قلب	۳:۵۷	○	استقبال

کیا آپ کا برج حملی ہے؟

اگر ایسا ہے تو اپنی فطرت اور مقسومی حالات کو ذیل سے پڑھئے اور اپنے آپ کو سمجھئے۔

حملی افراد بے خوف، جارح اور باہمت ہوتے ہیں چنانچہ ایسے کام اور ملازمت پسند کرتے ہیں جس میں چیلنج سے واسطہ پڑے۔ مثلاً فوج، اداکاری یا نفسیات سے متعلقہ کام اختیار کرنا پسند کرتے ہیں بعض اوقات یہ انتہا پسند قسم کی سیاست میں بھی حصہ لیتے ہیں ان کا پیشہ یا کام خواہ کچھ ہو یہ سب سے آگے رہنا چاہتے ہیں ان کی یہ خواہش کچھ ایسی بے جا بھی نہیں ہے کیونکہ دائرۃ البروج میں ان کا شمسی برج سب سے پہلے نمبر پر ہے۔

اگرچہ تمام حملی افراد تو نہیں لیکن بیشتر جنگجو قسم کے ہر وقت لڑنے جھگڑنے کے لئے تیار رہنے والے زبردستی کرنے والے اور حکم چلانے والے ہوتے ہیں۔ رومیوں کے جنگ کے دیوتا مریخ کے ماتحت افراد سے اس کے علاوہ اور توقع بھی کیا کی جاسکتی ہے ۲۱ مارچ سے ۲۰ اپریل کے درمیان پیدا ہونے والے یہ افراد پیدائشی جنگجو ہوتے ہیں ان کے ہم عمر جن مخالفتوں اور رکاوٹوں سے بچنے کی کوشش کرتے ہیں یہ ان کا بھرپور مقابلہ کرتے ہیں ویسے قدرتی طور پر انہیں مشکلات اور رکاوٹوں سے واسطہ پڑتا ہے۔

کاروباری حملی افراد عموماً بے حد دولت مند ہوجاتے ہیں لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ ان میں سے اکثر جس تیزی سے روپیہ کماتے ہیں اسی تیزی سے اسے خرچ بھی کر ڈالتے ہیں اور جب یہ مالی یا جذباتی لحاظ سے دیوالیہ ہوتے ہیں۔ (جذباتی لحاظ سے تو اکثر دیوالیہ ہوتے رہتے ہیں) تو شدید مایوسی اور ناامیدی کا شکار ہوجاتے ہیں اور اس صورتحال کے لئے اپنے شریک کار، شریک زندگی، ساتھ کام کرنے والوں، بین الاقوامی صورتحال اپنے گاہکوں بلکہ ہر اس شخص کو الزام دیتے ہیں سوائے اپنی ذات کے۔

اور قبل اس کے کہ ان کے دوست یا محبوبہ یا بیوی اپنی زندگی کے لئے بھاگ سکے ان کی مایوسی اور ناامیدی کا خاتمہ ہوجاتا ہے اور یہ ایک بار پھر کوئی بڑی اسکیم بنانے لگتے ہیں یا کوئی نیا کیریئر شروع کرلیتے ہیں یا پھر کسی نئی شخصیت سے محبت کرنے لگتے ہیں اس طرح دوبارہ زندگی کا آغاز کرتے ہیں۔

نئے سرے سے زندگی کا آغاز حملی افراد کی خاص خصوصیت ہے یہ اپنی شکست اور مصیبتوں کو بھلانے میں زیادہ وقت نہیں لگاتے بدقسمتی سے یہ اپنی مصیبتوں سے کوئی سبق نہیں سیکھتے۔ جدید دور کے حملی افراد انتھک قوت کے مالک ہوتے ہیں اور رہنمائی کرنے اور سب سے آگے رہنے کے بے حد خواہش مند ہوتے ہیں۔

ان کے دوست، ساتھ کام کرنے والے یا بیوی دیکھتی ہے کہ یہ زندگی میں بے حد دلچسپی رکھتے ہیں اور بہت سارے کام اور منصوبے بیک وقت شروع کردیتے ہیں لیکن جب ان منصوبوں پر کام شروع ہوجاتا ہے تو ان کی دلچسپی ختم ہوجاتی ہے اور نگاہیں اِدھر اُدھر بھٹکنے لگتی ہیں اور بالآخر منصوبوں کی تکمیل دوسروں پر چھوڑ دی جاتی ہے اس طرح نامکمل کاموں کا انبار ان کے ساتھ کام کرنے والے جانثار افراد کے لئے بڑھتا جاتا ہے جسے انہیں ہی مکمل کرنا ہوتا ہے اگر کوئی شخص باغ میں پودے لگاتے لگاتے آدھا کام درمیان میں ہی چھوڑ دے یا کوئی تصویر ادھوری چھوڑ دے تو سمجھ جائیے کہ اس کا خالق حملی ہوگا۔

حملی آدمی شریک زندگی اور دوستوں کو زیادہ سرگرم اور زندگی سے بھرپور بنادیتا ہے ان میں زندگی میں بھرپور دلچسپی لینے کی امنگ پیدا کردیتا ہے۔

بیوی کی زندگی کو محبت سے بھر دیتا ہے اور ایسے انوکھے جذبوں سے روشناس کراتا ہے جن کے وجود سے بھی وہ ناآشنا ہوتی ہے محبت دینے کے معاملے میں بڑا فراخ دل ہوتا ہے لیکن محبت وصول کرنے کے معاملے میں بڑا شرمیلا ہوتا ہے تاہم محبت کے معاملات میں عورت کے پہل کرنے کو ناپسند کرتا ہے کیونکہ اس سے اس کی مردانگی متاثر ہوتی ہے۔

شراکت خواہ کاروباری ہو یا ازدواجی حملی افراد کے مزاج کے خلاف ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ اس کی ایسی شراکتیں اکثر برقرار نہیں رہتیں محبت کے معاملے میں یہ شریک زندگی کی حفاظت کرسکتے ہیں۔ اس پر حکومت کرسکتے ہیں۔ اس کی رہنمائی

دائرۃ البروج	یہ پہلا برج ہے۔
عرصہ پیدائش	۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل (اندازاً)
عنصر	آتشی
ماہیت	منقلب
حاکم ستارہ	مریخ
برج کی علامت	مینڈھا

کر سکتے ہیں لیکن کسی بھی دیرپا تعلق کی کچھ لو اور کچھ دو والی ضروریات کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنا اور پابند ہونا ان کے لئے بے حد مشکل ہوتا ہے۔

اسی رجحان کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اکثر حملی مرد اور عورتیں زندگی میں ایک سے زیادہ دفعہ شادی کرتی ہیں قریبی تعلقات میں مشکلات کی دوسری وجہ یہ ہے کہ اکثر حملی افراد ذاتی ترقی میں اس قدر مصروف رہتے ہیں کہ ان کے پاس اتنا وقت ہی نہیں ہوتا کہ وہ کسی دوسرے شخص کی پریشانیوں یا مسائل کا نوٹس لے سکیں انہیں اکثر خود غرض کہا جاتا ہے۔ خود غرضی ان کی یہ ہوتی ہے کہ یہ دوسروں سے بے اعتنائی برتتے ہیں لیکن شریک زندگی یا محبوب کی مشکلات اور مصیبتوں کو کبھی نظر انداز نہیں کر سکتے۔ اصل بات یہ ہے کہ یہ کسی مصیبت کے وجود کا احساس ہی نہیں کر سکتے۔

یہی وجہ ہے کہ نفسیات سے یہ ناواقف ہوتے ہیں لیکن ان کے سامنے کوئی غلطی ہرگز نہ کریں کیونکہ بہ حیثیت افسر غلطیوں کو پکڑنے میں ماہر ہوتے ہیں جب کہ حملی عورتیں افواہیں پھیلانے اور پیٹھ پیچھے باتیں کرنے میں ماہر ہوتی ہیں اور اگر محبت میں مبتلا ہو جائیں تو حملی آدمی ساری دنیا سے ٹکر لے سکتے ہیں صرف دنیا سے ہی نہیں بلکہ اس شخصیت سے بھی ٹکر لے سکتے ہیں جس کی خاطر ساری دنیا کا مقابلہ کرتے ہیں بشرطیکہ وہ خود مختاری کا مظاہرہ کرے لیکن اگر وہ بیمار ہو جائے یا اس کے سر میں درد ہو تو اس کا انہیں قطعاً احساس نہیں ہوگا اور اگر وہ انہیں بتائے کہ اس کے سر میں درد ہے تب اس کے ہاتھ میں اسپرین کی دو گولیاں تھما کر یہ سمجھا جائے گا کہ ساری ذمہ داری سے عہدہ برآ ہو گئے ہیں۔

اس کے باوجود بیویاں اپنے شوہروں سے محبت کرتی ہیں تاہم بیوی اگر ان کے معیار پر پوری نہ اترے تو اسے باآسانی چھوڑ بھی دیتے ہیں لیکن یہ بات ان کی سمجھ میں نہیں آتی کہ ایسی عورت کہاں مل سکتی ہے جو اطاعت گزار ہونے کے ساتھ ساتھ ہمت و جرات والی اور بے انتہا شریف النفس ہو بلند حوصلہ بھی ہو شوہر کو سمجھنے کے لئے بے تحاشہ صلاحیت رکھنے والی ہو اور سب سے بڑھ کر یہ کہ شوہر سے کبھی ہمدردی کی توقع نہ رکھے لیکن عجیب بات یہ ہے کہ کچھ حملی افراد کو ایسی بیوی مل بھی جاتی ہے اور اسے بھی عجیب بات یہ ہے کہ وہ ایسے فرمانبردار شوہر بھی ثابت ہوتے ہیں جو کبھی اِدھر اُدھر نہیں بھٹکتے اور شادی شدہ زندگی کو خوشگوار بنانے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔

حملی لڑکیوں اور عورتوں کو دیکھ کر موسم بہار کا خیال آتا ہے بھڑکتی ہوئی آگ یا بگولے کا خیال آتا ہے اس سلسلے میں عمر کی کوئی قید نہیں ہوتی۔ ستر سال کی حملی عورت کو دیکھ کر وہی احساس ہوتا ہے جو ایک سترہ سالہ حملی لڑکی کو دیکھ کر پیدا ہوتا ہے حملی لڑکی چیزوں اور آدمیوں کو بجائے اس کے کہ سکون بخشے انہیں ہیجان میں مبتلا کرنا پسند کرتی ہے شاندار خیالات سے بھرپور ہوتی ہے طریقہ کار کے لحاظ سے منفرد ہوتی ہے اس لئے کہ اپنے طریقہ کار کی ناکامی کا خیال اس کے قریب بھی نہیں بھٹکتا۔ مشکل کام کرنے یا ایک سخت قسم کے گاہک کو مطمئن کرنے میں بڑی ماہر ہوتی ہے۔ لیکن اگر یکساں معمول پر عمل کرنا پڑے تو بہت جلد بور ہو جاتی ہے۔

اسے دیکھ کر آپ یہ محسوس کریں گے کہ یہ خاصی سخت ہے۔ لیکن اگر اسے دفتر میں کسی روتی ہوئی لڑکی کے ہمراہ دیکھیں یا کسی مصیبت زدہ شخص کے ہمراہ دیکھیں تو آپ کو اپنی رائے بدلنی پڑے گی وہ جو کہ بڑی چالاک اور اکھڑ دکھائی دیتی ہے دوسروں کو مصیبت میں مبتلا دیکھ کر بہت نرم پڑ جاتی ہے اور اس کی قربت سکون بخشتی ہے لیکن غل غپاڑہ کرنے والوں اور ذرا سی بات میں گھبرا جانے والوں سے کوئی ہمدردی نہیں رکھتی۔

حملی لڑکی کیریئر کو اہمیت دینے والی اور تنظیمی صلاحیتوں کی مالک ہوتی ہے۔ اختیارات استعمال کرنا بخوبی جانتی ہے اس کی عیب گوئی کرنے والے کہتے ہیں کہ وہ بغیر کسی معقول وجہ کے جھگڑنے لگتی ہے اپنی شخصیت کی مریخی قوت اسے اکساتی ہے اور وہ بغیر سوچے سمجھے لڑائی جھگڑے پر اتر آتی ہے اس پر تنقید کرنے والے اس کی صاف گوئی کو بدتہذیبی کہتے ہیں ان کے خیال کے مطابق حملی لڑکی ظاہری پرکشش سکون کی تہہ میں جارحانہ فطرت چھپائے ہوئے ہوتی ہے۔

آدمی حملی لڑکی کی بشاشت' زندہ دلی'

ذہانت اور صاف گوئی کو بہت سراہتے ہیں۔حملی لڑکی اگر کسی کو پسند کرتی ہے تو اس کا اظہار کر دیتی ہے اور اگر اپنے شوہر کی کوئی عادت ناپسند ہوتی ہے تو وہ خاموش رہ کر اندر ہی اندر نہیں کڑھے گی بلکہ اس کا برملا اظہار کر دے گی محبت کے معاملات کے آغاز میں صرف ہمدردی کا اظہار کرتی ہے محبت کا اظہار صرف اس وقت کرتی ہے جب وہ واقعی کوئی فیصلہ کر لیتی ہے حملی لڑکی ان لڑکیوں میں سے ہوتی ہے جن کی زندگی میں صرف ایک آدمی اہمیت رکھتا ہے اور وہ ان کا شوہر ہوتا ہے جسے سمجھنے میں یہ خاصہ عرصہ لگاتی ہے اس لئے کہ شوہر کو اس کے ساتھ تعلقات کو مستحکم بنانے میں خاصا وقت لگتا ہے۔

زندگی میں حملی افراد کو کچھ افراد چھوڑ جاتے ہیں جبکہ کچھ افراد کو یہ لوگ چھوڑ جاتے ہیں بعض اوقات یہ سوچتے ہیں کہ کہیں وہ ظالم یا ناقابل برداشت تو نہیں جب کہ بعض اوقات وہ ظالم بھی ہوتے ہیں اور ناقابل برداشت بھی۔حملی لڑکی بعض اوقات شوہر پر بے حد حکم چلاتی ہے اور جب کہ اکثر یہ کہتی ہے کہ ''میں ہر کام تم سے بہتر طور پر کر سکتی ہوں'' اور اس کا یہ کہنا غلط بھی نہیں ہوتا لیکن اس تمام تر سچائی کے باوجود وہ خود فریبی کا شکار نہیں ہوتی۔

حملی لڑکی کے اردگرد بہت سے مداح ہوتے ہیں لیکن ایک دن اس کی زندگی میں بالآخر وہ شخص آ ہی جاتا ہے جس میں وہ سب کچھ ہوتا ہے جو یہ اپنے شوہر میں دیکھنا چاہتی ہے۔

راولپنڈی میں

رسالہ کتب اور برنی تقویم حاصل کرنے کے پتے

اشرف بک ایجنسی کمیٹی چوک

اسلام آباد میں

Mr. Books Pvt Ltd,
Super Market

عبادات ماہ شعبان

- اس ماہ کی شب اول میں بارہ رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ اخلاص پندرہ بار ہو اس کی صبح کو قبل نماز فجر دو رکعت پڑھے ہر رکعت میں سو بار سورۃ اخلاص ہو تو حق تعالیٰ عذاب دوزخ سے محفوظ رکھے اور دعائیں مستجاب کرے۔
- جو شخص آخر جمعہ ماہ شعبان کو مغرب اور عشاء کے درمیان دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں آیت الکرسی ایک بار سورۃ اخلاص دس بار معوذتین ایک بار ہو تو اگلے شعبان تک موت ہو تو باایمان مرے گا۔
- جو شخص شب آخر ماہ شعبان میں دو رکعت نماز پڑھے۔ہر رکعت میں سورۃ اخلاص سو بار ہو تو اس کے بعد جو دعا مانگے وہ مستجاب ہوگی۔

اعمال شب برات

- اس روز غروب آفتاب کے قریب چالیس بار **لاحول ولاقوہ الا باللہ العلی العظیم** پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے چالیس برس کے گناہ بخش دے اور چالیس آدمی کو اس کی شفاعت پر دوزخ سے نجات دیوے۔
- اگر بعد مغرب کے غسل کر کے دو رکعت نماز تحیہ الوضو پڑھے۔ہر رکعت میں **ھو اللہ الذی** کی آیت آخر تک ایک بار سورۃ اخلاص پڑھے تو گناہ بخشے جائیں۔ثواب عظیم ملے۔
- اگر اس رات دو رکعت نماز پڑھے۔ہر رکعت میں آیت الکرسی ایک بار سورۃ اخلاص پندرہ بار ہو اور بعد سلام کے سو بار درود شریف پڑھے اور دعا مانگے۔تو رزق میں وسعت ہو غم والم سے نجات ہو۔
- اگر اس رات تین بار سورۃ یسین پڑھے۔تو تین فوائد ہوں۔ایک درازی عمر' دوسرے توانگری' تیسرے بلاؤں سے امن ملے۔
- اگر اس رات سات بار سورۃ دخان پڑھے تو جو دعا مانگے وہ قبول ہو۔ اگر اس رات داہنی آنکھ میں تین سلائی اور بائیں آنکھ میں دو سلائی سرمے کی لگائیں اور ہر سلائی پر سورہ الحمد شریف ایک بار پڑھ کر دم کر کے سرمہ لگائے تو تمام سال آنکھ درد نہ کرے اور عبادت میں سستی نہ ہو۔
- اگر اس رات بیداری کے ساتھ تلاوت قرآن مجید' نوافل اور درود شریف پڑھنا عبادت اعلیٰ میں شمار ہوگی۔ آنے والا ایک سال برکت کا پائے گا۔
- یہ وہ رات ہے کہ تمام سال احکام موت حیات' رزق وفقیری وامیری' نیکی وبدی اس رات جاری ہوتے ہیں۔ لہذا اسے عبادت میں بسر کرنا چاہئے۔بعض مسجدوں میں صلوٰۃ الخیر باجماعت پڑھی جاتی ہے۔بعض صلوٰۃ التسبیح بھی ادا کرتے ہیں۔اس رات روحیں بھی آتی ہیں۔اور اپنے اپنے دروازوں پر آ کر بامید فاتحہ کھڑی رہتی ہیں۔ اس لئے ارواح کو عبادت مالی وبدنی کا ثواب اس رات پہنچاتے ہیں۔
- حدیث ہے کہ اس رات تین سو رحمت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور آٹھوں دروازے جنت کے کھولے جاتے ہیں جو فجر تک کھلے رہتے ہیں۔ملائکہ ندا کرتے ہیں کہ وہ لوگ جنتی ہیں۔جو اس رات رکوع وسجود کرتے ہیں۔جناب رسول مقبول ﷺ نے فرمایا ہے کہ اس رات مغفرت مانگنے والے کو اللہ بخش دیتا ہے۔



ماہ اپریل کیسا گزرے گا

آپ کی تاریخ پیدائش کے ساتھ برج اور ستارہ دیا گیا ہے- اس کے تحت اس ماہ کے حالات پڑھیں- اگر تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو تو نام کے پہلے حرف اول کے تحت پڑھیں

برج حمل۔ستارہ مریخ

حروف:- ا۔ل ۔ع ۔ی

پیدائش:- مارچ ۲۱ تا اپریل ۲۰

اس ماہ عزت میں اضافہ ہوگا- اہم اور بارسوخ افراد سے ملاقات ہو گی۔ان کو متاثر کرنا مشکل نہ ہوگا اور اگر اس وقت جارحانہ رویہ اختیار کرنا موافق ثابت ہوگا-

مریخ سارا ماہ وتد السماء پر رہے گا ۔ کیریئر سے متعلق جو آفر ملے اس پر ضرور نظرثانی کریں۔ چونکہ یہ مالی معاملات پر بھی حکومت کرتا ہے اس ماہ آمدنی میں اضافے کا امکان کم ہے اگر آپ کا ذاتی کاروبار ہے تو یہ ماہ اثاثوں میں اضافے اور کاروبار کو وسعت دینے اور نئے راستے تلاش کرنے کے لئے زائد محنت کرنی پڑے گی۔ معاملات کو نفع بخش اور کارگزار بنیادوں پر قائم کرنے کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا- اگر آپ زیادہ خود مختاری کے خواہاں ہیں اور کام کے معاملات میں زیادہ آزادی چاہتے ہیں تو اب کوا یسی قوتیں آپ کی موافقت میں نہیں ہیں گذشتہ کچھ ماہ سے جو خیالات اور اسکیمیں زیر غور ہیں اب جلد انہیں عملی جامہ پہنانے کا موقع مل جائے گا- مریخ ۲، ۷، ۱۳، ۱۷، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا- تاہم ۱۵، ۲۲، ۲۸ تاریخوں کو محتاط رہنا ہو گا- کسی قریبی شخص کے ساتھ تکرار یا حادثہ ہونے کا امکان ہے-

۷ تاریخ کو زہرہ زحل کی تثلیث ہو رہی ہے- شادی یا نسبت کے معاملات اس وقت بہتر ثابت ہوں گے جن لوگوں سے معاملات طے کریں گے وہ آپ کو فائدہ میں رکھیں گے- قریبی لوگوں کے لئے جو تحائف خریدیں گے یا ان سے محبت کا تعلق قائم کرنا چاہتے ہیں تو لوگ آپ کے ان جذبات کی قدر کریں گے- قریبی دوستوں کے ذریعے آپ کو فائدہ ملے گا- ایسے افراد جو وقتاً فوقتاً آپ کی مخالفت کرتے رہتے ہیں یا آپ کی ہر بات کو رد کر کے اپنی بات منوانا چاہتے ہیں تو اس وقت حکمت عملی سے کام لیں تا کہ تعلقات کو بہتر بنایا جاسکے-

عطارد طالع میں بحالت رجعت رہے ہو گا اور ۱۶ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا- آپ کے لئے پر لطف اور سرگرم وقت لائے گی- اپنے آپ کو جسمانی اور ذہنی دونوں لحاظ سے غیر معمولی طور پر سرگرم اور چست محسوس کریں گے- وہ افراد جو حال ہی میں روزمرہ کے معمولات کی وجہ سے بندھ سے گئے تھے- وہ یقیناً حالات میں بہتری دیکھیں گے گھر سے باہر نکلنے اور گھومنے پھرنے، نئے لوگوں سے تعلقات قائم کرنے اور نئی سرگرمیاں اختیار کرنے کے زائد مواقع میسر آئیں گے- وہ افراد جو اپنی صلاحیتوں یا تعلیم کو بہتر بنانا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ تاریخیں بے حد موافق ثابت ہونگی- عطارد ۵، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۳ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا- لہذا نشر و اشاعت، سفر، سیر و تفریح، تحریرات اور ذاتی مقاصد کی دلچسپیوں سے متعلقہ اہم معاملات میں مدد آور ہونگی- ان دنوں مسائل کو حل کرنا آسان ہو گا- تاہم عطارد ۷، ۲۱، ۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا- لہذا ان دنوں، سفر افواہیں اور غیر ضروری افراد آپ کا وقت ضائع کریں گے- ان دنوں ملاقاتیں یا پارٹیوں میں محتاط رویہ رکھیں-

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی- اس دن خاص طور پر جاہ طلبی کے معاملات کے علاوہ کاروباری اور شراکتی معاہدات کی کوشش کریں- ان میں خاطر خواہ فائدہ دیکھنے میں آئے گا- تاہم کام

اور کاروبار کے علاوہ زمین کی خریداری کے ذریعے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ لوگ ان دنوں آپ کا بھرپور ساتھ دیں گے۔ روپیہ لگانے اور نئے ذرائع کے حصول کی کوشش فائدہ دیں گی۔ ان دنوں اچانک خوشیاں ملیں گی۔ کوئی شخص آپ کی زندگی میں داخل گا۔ صحت کے معاملات کو کسی صورت نظر انداز نہ کریں۔ گم ہوا مال یا ترکہ اچانک ملنے کی توقع ہے۔ نئی رشتہ داری قائم ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔

زہرہ ۲۵ تاریخ تک خانہ مال میں رہے گا۔ اس کے بعد تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ اس دوران آپ کی سوشل سرگرمیوں پر اہم اثرات مرتب کرے گا۔ شخصیت میں کشش پیدا ہونے کے نتیجے میں نئے مداح اور دوست زندگی میں داخل ہونگے وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہم ہیں ان کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہو گا۔ یہ وقت مالی معاملات میں غیر معمولی ابتری لائے گا۔ خانہ مال جس کا تعلق آمدنی اور لین دین سے متعلق ہے۔ وسط ماہ کے بعد اپنے آپ کو زیادہ محفوظ اور مستحکم حالت میں پائیں گے۔ یہ وقت خریداری کے لئے بہت موافق ثابت ہوگا۔ مالی معاملات کے لئے ۷، ۱۳، ۱۸، ۲۲، ۲۷ تاریخ موافق ثابت ہو گی۔ وہ افراد جو بہتر آمدنی والی ملازمت کی تلاش میں ہیں۔ یا وہ جو اپنی خاص صلاحیتوں سے زیادہ نفع بخش انداز میں فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جاہ طلب اور مہم جو ہیں تو آپ کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے اور تسلی بخش ترقی کریں گے۔

برنی روزانہ کوا کبی گائیڈ
۲۰۱۸ میں سال کے
سارے عملیات کے
اوقات دیئے جاتے ہیں
اپنا آڈر لکھوائیں

اس ماہ آپ کی شخصیت میں نمایاں تبدیلی نظر آئے گی۔ کاروبار میں ترقی ہوگی۔ اہم شخصیات سے ملنے کا موقع ملے گا۔ گھر میں کسی فرد کی خوشی دیکھنے کو ملے گی۔

زہرہ ۲۵ تاریخ تک طالع میں موجود رہے گا۔ اس کے بعد خانہ مال میں داخل ہوگا۔ کاروبار اور ملازمت میں بہتری آئے گی۔ ان دنوں جو بھی شخص آپ کی زندگی میں آئے گا وہ مدد کرے گا۔ اور اس کی وجہ سے اپنے خیالات میں تبدیلی محسوس کریں گے۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک کاموں میں ملوث ہیں۔ انہیں وقت کی قدر کرنی چاہیے، اپنی لاپرواہی سے مالی اور گھریلو پریشانی کی وجہ بنتے ہیں۔ ذرا سی عدم توجہ ہی کام میں بگاڑ پیدا کرسکتی ہے۔ اپنی صلاحیتوں اور کام کے ذریعے لوگوں میں اہمیت اختیار کر جانے کی کوشش کریں۔ اسی طرح ذرائع آمدن میں بہتری کے امکانات موجود ہیں جسمیں کامیاب رہیں گے۔ ذہنی سکون کے لئے سیر و تفریح کے پروگرام بنائیں اور اپنے ماحول کو خوبصورت اور آرام دہ بنانے کے لیے قیمتی اشیاء کی خریداری ذہنی سکون دے گی۔ زہرہ ۷، ۱۳، ۱۸، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۷ تاریخ کو زہرہ زحل کی تثلیث ہورہی ہے۔ کیریئر، جاہ طلبی اور ملازمت کے سلسلے میں ایسے لوگوں سے واسطہ پڑے گا جو آپ کے لیے مددگار ثابت ہونگے۔ ہوسکتا ہے کوئی آپ کے کام اور روزگار میں مشکلات پیدا کرے یا ہوسکتا ہے کہ آپ کی ترقی کو روک دے۔ اس وقت آپ کے خیالات بے حد بے ترتیب ہوں گے سنجیدگی کے ساتھ کام پر توجہ دیں اور ایسے کام کرنے کی طرف زیادہ متوجہ ہوں گے جس میں روپیہ کا حصول آسان ہو۔ اپنی آمدنی کے ذرائع کو خفیہ رکھنا چاہیں گے۔ فلاحی کاموں کے سلسلے میں جن لوگوں سے رابطہ کریں گے وہ ضرور تعاون کریں گے۔

عطارد زائچے کے بارہویں گھر میں بحالت رجعت ہو گا اور ۱۶ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا۔ حاسدی افراد یا وہ افراد جو خفیہ طریقے سے آپ کو پریشانی میں مبتلا کرتے ہیں ان کے ساتھ رابطہ اور گفت شنید کریں یا ان لوگوں کے ہاں جا کر ملاقات کرنا بہتر رہے گا۔ مطالعہ اور معلومات حاصل کر کے ذہنی اور جسمانی دونوں طرح بہتری لاسکیں گے۔ اگر آپ قانون کے شعبے سے منسلک ہیں تو ان دنوں اپنی بہترین صلاحیتوں کے ذریعے لوگوں کو فائدہ دیں۔ ذاتی کام اور کاروباری مقاصد کو آگے بڑھا سکیں گے۔ مشکلات پر قابو پاسکیں گے۔ لوگ تعاون کا وعدہ کریں گے۔ ان دنوں نشر و اشاعت کے کام، پبلشنگ اور حسابات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ عطارد ۵، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۳ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہو گی۔ دوستوں کے ذریعے اپنے کام اور کاروباری معاملات کو بہتر بنا سکیں گے۔ اس وقت آپ کی توقعات سے بڑھ کر کام ہوں۔ بیرون ملک اگر کسی شخص کے ذریعے معلومات حاصل کررہے ہیں تو جلد جواب ملنے کی توقع ہے۔ اور بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کرنے کے مواقع ملیں گے۔ پرانے دوست اچانک ملیں گے۔ تحریری کام، معاہدات اہم موڑ ثابت ہونگے۔ اہم بااثر افراد کا تعاون حاصل ہوگا۔ اپنی قابلیت بڑھانے کے لئے تعلیمی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں اور جو کچھ ہوسکے حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

مریخ سارا ماہ زائچے کے نویں گھر میں رہے گا۔ یہ آپ کے کاروباری سفر یا قانونی اور آفیشل کاموں میں تیزی لائے گا۔ اس ماہ روحانی علوم سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر ذہنی اور جسمانی صلاحیتوں کی بہتر نشوونما کرسکیں گے۔ اس ماہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے

بیرون ملک سفر کر رہے ہیں تو اپنی باقوت صلاحیتوں پر بھروسہ رکھا تو کامیابی حاصل ہوگی۔ تاہم ان دنوں اپنے غصہ پر قابو رکھنا ہوگا۔ تعمیری کام، ٹیکنیکل اور مشینری سے متعلقہ امور میں غیر ضروری التواء اور پریشانی آئے گی کچھ کام وقت زیادہ لیں گے اور خرچہ بھی ہوگا۔ مریخ ۲، ۷، ۱۳، ۱۷، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں اپنے اہم کاموں کو مکمل کریں۔ قانونی و آفیشل معاملات کو حل کرنے کے لئے مشورہ کرنا بہتر رہے گا۔ تاہم ۱۵، ۲۲، ۲۸ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔ جب یہ غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

برج جوزا۔ ستارہ عطارد

حروف:- ک۔ق

پیدائش:- مئی ۲۲ تا جون ۲۱

اس ماہ آپ ترقی کرنے میں غیبی مدد حاصل ہوگی۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ اس ماہ اپنی کوششوں کا آغاز کردیں۔

زہرہ ۲۵ تاریخ تک زائچے کے بارہویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد طالع میں داخل ہوگا۔ یہ وقت کاروباری امور میں لوگوں کے ساتھ تعلقات بنانے میں مدد دے گا۔ اُن لوگوں کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنائیں جو بزنس میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں۔ غیر ضروری اخراجات پر قابو پائیں۔ مالی اور کاروباری امور میں کچھ رکاوٹیں آئیں گی۔ اس ماہ سیر و تفریح کے لئے پروگرام بنائیں اور ساتھ ہی صحت کے معاملات کو بھی اہمیت دیں۔ یہ وقت کچھ نئے دوستوں کا اضافہ کرے گا یا پھر کسی پرانے دوست سے ملیں گے۔ ان کے ذریعے جو معلومات حاصل ہونگی وہ ذرائع آمدن کو بڑھانے اور نئے راستوں کو اپنانے کے لئے فائدہ مند ثابت ہونگی۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک سرگرمیوں میں ملوث ہیں انہیں لوگوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔ عملی طور پر اپنے کام میں بہتری لائیں گے۔ زہرہ ۷، ۱۳، ۱۸، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں سوشل تقریبات منعقد کرنی بہتر ثابت ہونگی۔

۷ تاریخ کو زہرہ زحل کی تثلیث ہو رہی ہے۔ اس وقت آپ کے ذہن میں ایسے خیالات جنم لیں گے کہ کس طرح دوسرے لوگوں سے فائدہ اٹھایا جائے۔ اس وقت آپ کی تخلیقی قوتیں بڑھ جائیں گی۔ ذہن میں بے شمار خیالات اور سوچیں آئیں گی اور ایسے کام کرنے کی طرف آپ کو لگائیں گی جس میں خوشامدانہ طریقہ اپنا کر اور سبز باغ دکھا کر دوسرے کو کسی نہ کسی دھوکے میں رکھا جائے۔ ایسی تمام سوچیں مثبت نہ ہوں گی اور آپ کے لئے مشکلات پیدا کریں گی۔

عطارد گیارہویں گھر میں بحالت رجعت ہوگا۔ اور ۱۶ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا۔ جہاں یہ آپ کی خواہشات کے معاملات پر مدد آور اثرات مرتب کر رہا ہے۔ بنیادی طور پر سوشل سرگرمیوں اور دوستی کے معاملات پر دباؤ ڈالے گا۔ مشترکہ سرگرمیوں والے کام جو دوسروں کی مدد سے تکمیل کو پہنچیں گے ان کے لیے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ ان کاموں کا اجر بھی ملے گا اور جوش و جذبہ بھی پیدا ہو گا۔ اگر کسی معاملے میں مدد کے خواہاں ہیں یا کسی خاص مشورے یا تعاون کی ضرورت ہے تو اب آپ کو فوری طور پر مثبت جواب ملے گا۔ جن لوگوں سے تعلقات قائم ہونگے یہ لوگ آپ کے نقطہ نظر میں وسعت پیدا کریں گے۔ عطارد ۵، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۳ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ لہذا ان تاریخوں میں سوشل سرگرمیوں، سیر و تفریح، پارٹی، فنکشن، نشر و اشاعت سے متعلق کام انجام دینا بہتر رہے گا۔ عطارد ۷، ۲۱، ۲۸ تاریخ کو اپنے پروگراموں میں لچک رکھیں کیونکہ اس وقت عطارد غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں قریبی افراد اور دوست ناقابل بھروسہ ثابت ہونگے۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہو گی۔ قریبی شخص سے مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ زندگی میں کسی نئے شخص کا اضافہ ہو رہا ہے۔ جس کی وجہ سے خوشیاں حاصل ہونگی۔ محبت کے معاملات ہوں یا شادی، نسبت کے یہ وقت خاص طور پر ان امور کی طرف لے جائے گا۔ جس سے زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہوگا جو سوچ اور خیالات کے انداز کو تبدیل کردے گا۔ ان دنوں سیر و تفریح یا کاروباری معاہدات کے لئے اندرون یا بیرون ملک سفر کیا تو یہ آپ کے لئے ایسا امتحان ثابت ہوگا جس سے قسمت بدل سکتی ہے۔ ان دنوں کوئی خط یا خبر سے خوشی ملے گی۔

مریخ سارا ماہ زائچے کے آٹھویں گھر میں موجود ہوگا۔ کاروباری شراکت داری اور شریک زندگی کے ساتھ مالی امور میں زائد دلچسپی لیں گے۔ یہ وقت ذہنی خرابی لاتا ہے۔ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کا رجحان شدید ہوگا۔ طریقہ غلط انداز سے ہوگا۔ دوسروں کو تکلیف ملے گی۔ جو روپیہ ہاتھ آئے گا وہ جلد ہی نکل جائے گا۔ شریک زندگی سے جھگڑا ہونے کا امکان ہے۔ خاندانی افراد کے درمیان میراث اور ترکہ کا مسلہ زندگی اور موت سے جڑ جائے گا۔ ذہنی ٹینشن بہت ملے گی۔ غصہ، جھگڑا اور جلد بازی سے نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ اپنی اہم چیزوں کا خیال رکھیں، گم یا چوری ہونے کا امکان ہے۔ مریخ ۲، ۷، ۱۳، ۱۷، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۱۵، ۲۲، ۲۸ تاریخ کو محتاط رہیں۔ ان دنوں حادثہ یا جھگڑا ہونے کا زیادہ اندیشہ ہے۔

المعتصر

یہ ایک مختصر اسلامی تاریخ ہے۔ جس سے ہر مسلمان کا آگاہ ہونا ضروری ہے۔ پیدائش رسول مقبول ﷺ سے لے کر دور امیہ تک کے ہر سال کی ہر تاریخ کے واقعات بیان کئے گئے ہیں اور خلفائے راشدین کے دور کے متعلق پوری تفصیل دی گئی ہے۔ آخر میں اہم شجرے ہیں۔ جن سے ہمیں مذہب کے فرقوں کی اصلیت کا پتہ چلتا ہے۔ (قیمت =/۱۸۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

برج سرطان۔ستارہ قمر

حروف:- ح۔ہ

پیدائش:- جون۲۲ تا جولائی ۲۳

اس ماہ سرطان سے متعلقہ زیادہ تر افراد کو کیریئر میں ترقی ہوگی یا انہیں بہتر ملازمت اور سفر کرنے کا موقع ملے گا۔اس ماہ قانونی معاملات بھی آپ کی موافقت میں ہونگے۔وہ معاملات جو کافی عرصے سے پریشان کئے ہوئے تھے اب حل ہوتے محسوس ہونگے۔

عطارد تدالسماء پر بحالت رجعت ہو گا ۔اور ۱۶ تاریخ کو مستقیم ہوجائے گا۔ ان دنوں میں بزنس سے متعلقہ معاملات اور رابطے میں بہتری ملے گی۔ ذرائع آمدورفت بھی بہتر رہیں گے۔ وہ افراد جو ملازمت کے حصول کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہیں لوگوں کی طرف سے مثبت جواب ملے گا۔اگر آپ ان سے کام لینا چاہتے ہیں تو وسط ماہ کے بعد ان سے رابطہ کرنا بہتر رہے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ذہنی وسعت اور شعور کو بڑھانے کے لئے ہر طرح کی سرگرمی میں حصہ لیں۔ دوستوں کے ساتھ سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ تحریری کام اور مشاغل میں وقت لگانا بہتر رہے گا۔ روزگار کے حصول اور اسے ترقی دینے کیلئے لوگوں سے رابطہ قائم کریں۔ عطارد ۵،۱۰،۱۴،۱۹،۲۳ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۷ تاریخ کو زہرہ زحل کی تثلیث ہورہی ہے۔قریبی رشتہ داروں اور دیگر دوستوں کے ساتھ تعلقات گھریلو ہوں یا کاروباری دونوں طرح احتیاط رکھنی ہوگی۔ کچھ باتیں غلط فہمی پیدا کریں گی۔ ہوسکتا ہے کہ آپس کے لین دین میں فریب یا دھوکے بازی ہو۔اس وقت ذہنی ٹینشن بڑھ جائے گی۔اپنی صحت کے معاملات کی طرف توجہ رکھیں۔ کام اور کاروبار کے معاملات میں مشکلات سے واسطہ پڑے گا۔ کچھ لوگ ضرورت سے زیادہ تنگ کریں گے۔لہذا ذہنی سکون کے لئے ورزشیں اور مراقبہ کریں۔

زہرہ ۲۵ تاریخ تک زائچے کے گیارہویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد بارہویں گھر میں داخل ہوگا۔دوست اور قریبی جاننے والے افراد آپ کے معاملات میں بے حد سرگرم اور اہم کردار ادا کریں گے۔وہ سرگرمیاں جن میں تعاون اور متفقہ سرگرمیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔اس رجحان کے تحت آپ کی امیدوں، خواہشات اور اہم مقاصد کو فائدہ نہیں پہنچے گا۔زندگی میں اہم واقعات رونما ہونگے جو آپ میں خوش امیدی پیدا کردیں گے۔ چنانچہ نوٹ کرلیں کہ زہرہ اس ماہ کی ۷، ۱۳، ۱۸، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہونے کا امکان ہے اور محبت کے معاملات سے متعلق ان کے خواب پورے ہوسکتے ہیں۔ کوئی شخص جس سے کافی عرصے سے میل جول اور اچھے تعلقات ہیں وہ اچانک رشتہ بھیج دے گا۔ مندرجہ بالا تاریخیں محبت کی معاملات، ملنے ملانے، گفت شنید یا سیر وتفریح کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ شادی شدہ افراد کی گھریلو زندگی مزید خوشگوار ہو جائے گی اور ماحول میں ہم آہنگی پیدا ہوگی۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے یا شادی کی دعوت یا کوئی فنکشن کرنا چاہ رہے ہیں تو اس مقصد کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی۔اس دن خاندان یا سسرالی لوگوں کی تقریب میں شرکت کریں۔ شریک زندگی کے ساتھ دور دراز کا سفر کریں گے تو خوشیاں بھی حاصل ہونگی۔ کسی شخص کی قربت آپ کو بے سکون کردے گی۔ زندگی میں کسی شخص کی آمد سے سوچ اور خیالات میں تبدیلی دیکھنے میں آئے گی۔ یہ وقت شادی یا نسبت طے کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ ملازمت سے متعلق ترقی کے امور یا تبادلہ کے کام کے سلسلے میں پیش رفت بہتر رہے گی۔ بیرون ملک تعلیم کی غرض سے سفر کریں یا پھر کسی کمپنی میں سرمایہ کاری کرنے کے مواقع حاصل ہونگے اور ساتھ معلومات حاصل ہوسکے گی۔

مریخ اس ماہ طالع کے مقابل رہے گا۔ نئے تعلقات کا انجام تیزی سے منگنی اور شادی کی صورت میں نکل سکتا ہے جلد بازی سے نقصان ہوگا۔ وہ افراد جو پہلے ہی سے شادی شدہ ہیں انہیں جذباتی سکون اور خوشی کے ساتھ مادی اقبال مندی بھی حاصل ہو گی۔ اس ماہ تفریحی سرگرمیوں، سوشل زندگی اور سیر وتفریح بھی زائد رہے گی۔ چنانچہ اگر آپ نئے خیالات کے اظہار کے لئے وسیع میدان کے خواہاں ہیں تو اب خوش قسمت مواقع حاصل ہونگے۔ مریخ ۲، ۷، ۱۳، ۱۷، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم مریخ طالع کے مقابل ۱۵، ۲۲، ۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ آپ کو کسی نوعیت کی مخالفت سے سابقہ پڑے گا اگر آپ کچھ خاص لوگوں کا ساتھ دینا چاہتے ہیں جو آپ کے خیال میں حق پر ہیں تو آپ کو بہت احتیاط اور حکمت عملی سے کام لینا پڑے گا۔

برج اسد۔ستارہ شمس

حروف:- م

پیدائش:- جولائی ۲۴ تا اگست ۲۳

ملازمت پیشہ افراد کو اس ماہ اپنے مستقبل کو بنانے کے لیے سفر موقع فراہم کرے گا۔ اس ماہ مذہبی مقامات کی زیارت کرنے کے لیے بھی سفر کریں گے۔ اس وقت روزمرہ کے معمولات میں تبدیلیاں آئیں گی جو آپ کو خوشیاں دیں گی۔

مریخ سارا ماہ زائچے کے چھٹے گھر میں ہوگا۔ جس کا تعلق کام اور صحت کے معاملات سے ہے چنانچہ اس ماہ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات بہت نمایاں رہیں گے۔ لہذا بہت سے محنتی افراد کی کوئی خواہش پوری ہو جائے گی اور اب انہیں ماضی کی کوششوں کا اجر بھی ملے گا۔ آفسران آپ کے کام سے مطمئن ہیں تو ترقی یا مرتبے اور حیثیت میں اضافہ لازمی ہے۔ کاروباری افراد کو اس وقت محتاط رہنا ہوگا جلد بازی میں سرمایہ کاری نہ کریں۔ وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ ان کے لیے تسلی بخش نہ ہوگا۔ ان معاملات کے لئے ۲، ۱۳، ۱۷، ۲۶ تاریخ موافق ثابت ہو گی۔ لہذا ان دنوں اہم معاملات اور دلچسپیوں کو تیزی سے آگے بڑھا سکیں گے۔ اس رجحان کے تحت صحت بھی اچھی رہے گی۔ ۱۵، ۲۲، ۲۸ تاریخ کو محتاط رہیں زیادہ محنت والا کام نہ کریں کیونکہ ان دنوں حادثہ پیش آسکتا ہے۔ اس ماہ کو یقیناً حوصلہ افزاء اور موافق پائیں گے۔

۷ تاریخ کو زہرہ زحل کی تثلیث ہو رہی ہے۔ اس وقت کچھ قریبی لوگ آپ کو نئے آئیڈے دیں گے یا کسی کام میں شامل ہونے کی پیشکش کریں گے۔ آپ کے ذہن میں اس وقت نت نئے خیالات تخلیقی خیالات آئیں گے اور دوسروں کو بہتر مشورہ دے سکیں گے۔ کام اور کاروبار کے لحاظ سے بھی تبدیلیاں کرنے کے موڈ میں ہوں گے۔ قریبی لوگوں کے خیالات اور ان کے الفاظ پر ضرور غور کریں تو جو غلط فہمیاں پھیلائیں جائیں گی ان سے آگاہ ہوسکیں گے۔ اپنی آمدنی کے معاملات اپنی حد تک رکھیں۔

زہرہ ۲۵ تاریخ تک وتد السماء پر موجود رہے گا۔ اس کے بعد گیارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ یہ جاہ طلب اور مہم جو افراد کی موافقت میں ہوگا۔ دراصل یہ ماہ ان عورتوں اور لڑکیوں کے لئے بھی بے حد خوش قسمت ثابت ہوگا جو کسی خاص کیریئر میں ترقی کے لئے کوشاں ہیں۔ وہ افراد جو ملازمت کی تلاش میں ہیں یا اپنی دلچسپیوں اور مقاصد کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں، تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس ماہ ٹھوس نوعیت کے فوائد لائے گا تاہم وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات اہمیت کے حامل ہیں ان کے لئے ۷، ۱۳، ۱۸، ۲۲، ۲۷ تاریخ موافق ثابت ہو گی۔ کیونکہ ان دنوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ اس برج سے متعلقہ افراد عموماً ایسی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کو بے حد پسند کرتے ہیں جن کے نتیجے میں انہیں کسی کلب، گروپ، لائبریری، سوشل گروپ یا محفل میں شریک ہونا پڑے۔ اس قسم کی دلچسپیاں آپ کی زندگی میں بتدریج اہمیت اختیار کر جائیں گی۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی۔ انعامی اسکیم میں جو روپیہ لگایا تھا اب منافع ملنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ زندگی میں کسی شخص کی آمد قسمت میں تبدیلی لائے گی۔ دوسرے شخص کا روپیہ آپ کے اہم مقاصد کو پورا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ خوش قسمتی کا دروازے کھولنے کا وقت آ گیا ہے۔ مواقعوں سے فائدہ اٹھائیں۔ بیرون ملک سفر ہوں یا کاروباری یا قانونی معاملات اس وقت کیے گئے فیصلے دور رس نتائج لائیں گے۔ ٹیکس یا انشورنس کے امور بھی موافق رہیں گے۔

عطارد زائچے کے نویں گھر میں بحالت رجعت ہوگا۔ اور ۱۶ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا۔ چنانچہ وہ افراد جو تدریسی سرگرمیوں یا قانونی معاملات میں ملوث ہیں یہ ماہ ان کے لئے تسلی بخش ترقی لائے گا۔ لمبے سفر اور دور دراز خط و کتابت کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔ عطارد ۵، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۳ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ یہ تاریخیں کاروباری قانونی اور آفیشل معاملات کے ساتھ ساتھ تفریحی نوعیت کے سفر کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ اگر کسی معاملے سے متعلق گفت شنید میں شامل ہیں تو آپ کی باتوں پر توجہ دیں گے۔ کسی جگہ تقریر یا اظہار خیال کے لئے آپ کو مدعو کیا جائے گا۔ عطارد کی نظرات آپ کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ کریں گے اور آپ کی حاضر جوابی کو کئی گنا بڑھا دیں گے۔ تاہم اگر آپ ۷، ۲۱، ۲۸ تاریخ کو سفر کر رہے ہیں تو ان دنوں بے حد محتاط رہیں اگر پبلک ٹرانسپورٹ سے سفر کر رہے ہیں تو سفر کے آغاز کے وقت کو دوبارہ چیک کرلیں اور دیگر قانونی یا آفیشل نوعیت کی بحث میں حصہ نہ لیں۔

برج سنبلہ۔ ستارہ عطارد

حروف: ب۔ ع

پیدائش:۔ اگست ۲۴ تا ستمبر ۲۳

اس ماہ زندگی میں ذاتی جائیداد اور میراث سے متعلق مصروفیات بڑھ جائیں گی۔ اس ماہ گھر بنانے کی کوشش کا آغاز بہتر رہے گا۔ سفر ہوگا جو زندگی میں تبدیلی کا باعث بنے گا۔

عطارد آٹھویں گھر میں بحالت رجعت ہو گا۔ اور ۱۶ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں اور دینوی مقاصد کی طرف رجحان رہے گا اس سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ آگاہی فراہم کرے گا۔ یہ وقت کاروباری گفت شنید یا قانونی پیچیدگیوں کو سلجھانے اور مشورہ کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس ماہ خط و کتابت کرنا یا دور دراز علاقے یا بیرون ملک کاروباری یا تعلیمی نوعیت کا سفر، ہر طرح سے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ شریک زندگی سے متعلقہ معاملات اور تحریری امور یا رابطے کئی طرح سے فائدہ دیں گے۔ وسط ماہ کے بعد لوگوں کے تعاون سے بہتر رہنمائی حاصل ہوگی۔ یہ وقت بہتر ملازمت حاصل کرنے کے سلسلے میں خط و کتابت یا دیگر الیکٹرونکس ذرائع استعمال کریں۔ والدین اور خاندان والوں کے ساتھ ہم آہنگی پائی جائے گی۔ عطارد ۵، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۳ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۷ تاریخ کو زہرہ زحل کی تثلیث ہو رہی ہے۔ لین دین کے معاملات میں احتیاط رکھیں۔ کچھ غلط فہمیاں پیدا کی جائیں گی۔ کچھ لوگ جو پراسرار ہوں گے اور آپ کے لئے خفیہ دشمنی بھی پیدا کریں گے۔ پریشانی کی وجہ سے اعصابی مرض میں بھی مبتلا ہوسکتے ہیں۔ اپنی اہم دستاویزات اور

چیزوں کا تحفظ کریں- انعامی اسکیموں سے بھی آپ کو فائدہ نہ ملے گا-

زہرہ ۲۵ تاریخ تک زائچے کے نویں گھر میں رہے گا- اس کے بعد دسویں گھر میں داخل ہو گا- چنانچہ یہ وقت لمبا سفر اختیار کرنے کے لئے خواہ وہ کاروباری غرض سے ہو یا تفریحی نوعیت کا موافق ثابت ہوگا- درحقیقت یہ وقت ملک سے باہر چھٹیاں گزارنے کے لئے بے حد موافق ثابت ہوگا- اگر آپ کوئی لمبا سفر اختیار نہیں کر رہے ہیں تب بھی مقامی لحاظ سے آپ خاصا فاصلہ طے کریں گے- آپ تعلیمی سرگرمیوں' کاروباری یا عمرہ کے سفر پر جا رہے ہیں تو آپ کا سفر خوشگوار ثابت ہوگا- زہرہ اس ماہ کی ۷' ۱۳' ۱۸' ۲۲' ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا - لہذا قیمتی اشیاء کی خریداری سیر و تفریح' محبت کے معاملات اور کسی اسکیم میں روپیہ لگانا بہتر ثابت ہوگا- قانونی امور میں بھی یہ تاریخیں اہم ثابت ہونگی- آپ کے نزدیک اگر محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں تو یہ ماہ ان معاملات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا- زہرہ ۲' ۱۰' ۲۵ تاریخ کو نحس نظرات کے تحت ہو گا ان دنوں محتاط رہیں حکمت عملی سے کام لیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ بلا ارادہ ایسے کام کر بیٹھیں گے جس کی وجہ سے حسد اور رقابت کا سامنا ہوگا-

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہو گی- الجھے ہوئے معاملات کو گفت و شنید کے ذریعے حل کر سکیں گے- تعلقات میں اضافہ ہوگا' اچانک کسی فرد کی طرف سے اہم پیشکش ملے گی- باحیثیت افراد مددگار رہیں گے جس سے مالی پوزیشن بہتر ہو جائے گی- والدین کے ساتھ مل کر ماحول کو خوشگوار بنانے گھر میں تبدیلی کریں گے- یا کسی شخص کی آمد خوشی کو بڑھا دے گی- شریک زندگی کی خوش بختی کی وجہ سے مالی فائدہ حاصل ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے- شراکت داری کے امور میں اچانک نئے لوگوں کا اضافہ ہوگا- اپنے کاروبار کو وسیع کرنے کے لئے نئے معاہدات کریں گے جس کے بہتر نتائج دیکھیں گے-

مریخ شروع ماہ سے آپ کے زائچے کے پانچویں گھر میں موجود رہے گا - اس ماہ باقوت اثرات میں کمی واقع ہو گی- اس کی موجودگی پیشہ وارانہ سرگرمیوں اور طویل المعیاد منصوبوں میں ٹھراو آئے گا- جس سے پریشانی میں اضافہ ہوگا- مریخ ان افراد کی موافقت میں ہو گا جو انعامی اسکیموں' کھیلوں اور مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں- تاہم ۱۵' ۲۲' ۲۸ تاریخ کو محتاط رہنا چاہئے کیونکہ ان دنوں حادثات پیش آنے کے امکانات ہیں اس کے علاوہ غلطیاں بھی کر سکتے ہیں- مریخ محبت کے معاملات میں بہتری کی امید پیدا کرے گا- غیر شادی شدہ افراد اور خاص طور پر لڑکیوں اور عورتوں کے لئے شادی و نسبت کے لئے مواقع لائے گا- یہ وقت ناپسندیدہ واقعات لائے گا- کوئی دعوت' مختصر سفر یا اتفاقیہ ملاقات جہاں خوش کن رہے گی وہاں دھوکہ و فریب بھی ملے گا یا کسی کی باتیں اذیت دیں گی- اس سلسلے میں ۲' ۷' ۱۳' ۱۷' ۲۶ تاریخ اہم ثابت ہو گی اور یہ تاریخیں خوشگوار اور تعجب انگیز باتیں بھی لا سکتی ہیں- اس ماہ کے وسط میں پڑوسیوں' قریبی ملنے جلنے والوں اور رشتہ داروں کے معاملات کی جانب زیادہ توجہ رہے گی اور زیادہ وقت انہی پر صرف ہوگا-

برج میزان- ستارہ زہرہ

حروف:- ت- ٹ- ر- ط

پیدائش:- ستمبر ۲۴ تا اکتوبر ۲۳

میزانی افراد اس ماہ دوستوں اور رشتہ داروں میں اہمیت اختیار کر جائیں گے - کاروباری معاملات میں دشواری محسوس کریں گے-

زہرہ ۲۵ تاریخ تک آٹھویں گھر میں رہے گا- اس کے بعد نویں گھر میں داخل ہوگا- اس گھر تعلق شراکتی معاملات اور مالی معاملات سے ہے- اس ماہ مالی معاہدات پر زبردست دباؤ پڑے گا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ زیادہ تر افراد اپنے ذرائع آمدنی کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دیں گے- جائیداد بنانے کی طرف زیادہ توجہ دیں گے- اگر آپ گھر کی حالت بہتر بنانا چاہتے ہیں یا بہتر گھر کی تلاش میں ہیں تو زہرہ کے نویں گھر میں داخلے کے بعد جو فیصلہ کرنا ہو کریں- وہ افراد جو کاروباری شراکت رکھتے ہیں امکان ہے کہ آپ کو کسی قریبی شخص کی خوش بختی کے نتیجے میں مالی فائدہ ملے گا- حالات جو بھی ہوں بہرحال ۷' ۱۳' ۱۸' ۲۲' ۲۷ تاریخ کو زہرہ سعد نظرات کے تحت ہوگا آپ کو کسی ایسی بات کا علم ہوگا جس سے آپ کو فائدہ پہنچے گا- وہ افراد جن کی کسی وجہ سے شریک زندگی سے کچھ عرصے سے ناراضگی ہے تو ان کے دوبارہ ملاپ کا امکان ہے- کچھ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہو جائے گا- اس قسم کی بات اس دن ہو سکتی ہے جس دن زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا-

۷ تاریخ کو زہرہ زحل کی تثلیث ہو رہی ہے- اس وقت آپ کی خواہشات آپ کے جذبات سے منسلک ہو جائیں گی اور آپ کی سوچیں آپ پر زیادہ اثر انداز ہوں گی اور ہر وہ کام کرنے کے لئے بے چین ہوں گے جس میں کسی بھی طریقے سے روپیہ حاصل ہو- ایسے ہی معاملات دوستوں کے ساتھ بھی ہوں گے اور ہو سکتا ہے کوئی نقصان دوستی کو ہمیشہ کے لئے ختم کر دے- کیونکہ آپ کا رویہ دوسروں کے لئے بے انتہا تکلیف دے ہوگا- آپ کی اپنی ذات میں جو تبدیلی آئی ہے اس میں منفی صلاحیتیں زیادہ پروان چڑھی ہیں جس کی وجہ سے آنے والے وقت اور حالات میں تبدیلی دیکھیں-

عطارد طالع کے مقابل گھر میں بحالت رجعت ہوگا اور ۱۶ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا- اس دوران وہ دوستی اور شراکتی اور تمام قریبی تعلقات پر دباؤ ڈالے گا- لوگوں کے ساتھ رابطہ ہوگا اور محفلوں میں شرکت کر کے تعلقات میں اضافہ کریں- یہ وقت ذہن کو تروتازگی عطا کرے گا- کاروباری ذہنیت رکھنے والے افراد کے لئے یہ ماہ مفید رہے گا تعلقات قائم ہونگے، اہم معاہدات پر دستخط کریں اور نئے خیالات پر عمل کرنے کا موقع ملے گا- وسط ماہ

کے بعد میراث اور ترکہ کے امور میں قانونی معاملات پر توجہ دیں۔ غلط فہمی کسی بھی معاملے میں التواء پیدا کرے گی۔ ان تمام معاملات کے لئے ۵، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۳ تاریخ خاص طور پر موافق ثابت ہو گی۔ ان تاریخوں میں اہم خطوط لکھنے، نشر و اشاعت، سیر و تفریح کی سرگرمیاں اور تجارتی معاہدات کے لئے بھی یہ تاریخیں مفید ثابت ہونگی۔ تاہم ۷، ۲۱، ۲۸ تاریخ دوسروں کے ساتھ تعلقات اور معاملات طے کرنے کے لحاظ سے بے حد احتیاط کی متقاضی ہے۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہو گی۔ مالی معاملات میں پیش رفت ہو گی اور کاروباری سرگرمیاں شروع کرنے کے موقع ملیں گے۔ قریبی رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات کو از سر نو قائم کریں۔ خواہشات کی تکمیل اس وقت ممکن ہے۔ اپنی بات کا اظہار جس خیال سے کریں گے وہ بات پوری ہو جائے گی۔ دوستوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ تاہم رشتہ داروں کے ساتھ سفر کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ ایک دوسرے کے ساتھ مل بیٹھنے کا موقع ملے گا اور ہو سکتا ہے کہ بہت سی باتیں کھل کر سامنے آئیں۔

مریخ شروع ماہ سے آپ کے زائچے کے چوتھے گھر میں موجود ہے۔ کچھ مشکلات اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا اور مسائل کو سلجھانے میں سخت محنت کرنی پڑے گی۔ اس وقت گھر میں حادثات پیش آنے کا بھی خطرہ ہے۔ لہٰذا گیس یا بجلی کے آلات میں کچھ خرابی ہے تو کسی بھی قسم کا خطرہ ہر گز مول نہ لیں۔ چھوٹے بچوں پر خاص طور پر نگاہ رکھیں کیونکہ ان دنوں شرارت اور سرکشی اختیار کریں گے۔ مریخ گھریلو اور خاندانی تعلقات کو مضبوط بنا دے گی۔ اگر گھر میں کوئی دعوت یا فنکشن کا انعقاد کرنا ہے تو اس مقصد کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہو گا۔ مریخ ۲، ۷، ۱۳، ۱۷، ۲۶ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہو گا۔ یہ وقت ان افراد کی موافقت میں ہو گا جو گھریلو حالات میں اہم تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جائے رہائش کی تبدیلی کے متعلق سوچ رہے ہیں مگر شک و شبے اور تذبذب کا شکار ہیں تو مثبت رویہ اختیار کریں اور جو بھی فیصلہ کرنا ہے واضح سوچ کے ساتھ کریں۔

برج عقرب۔ ستارہ مریخ، پلوٹو

حروف:- ذ۔ز۔ض۔ظ۔ن



پیدائش:- اکتوبر ۲۴ تا نومبر ۲۲

اس ماہ شریک زندگی سے تعلقات میں اپنے غصہ کو قابو میں رکھیں۔ خواہشات کو قابو میں رکھیں۔ کاروباری معاملات و دیگر سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ کوئی بھی تبدیلی خوش کن ثابت ہو گی۔

مریخ سارا ماہ زائچے کے تیسرے گھر میں رہے گا۔ اس کی موجودگی خاندانی رشتہ داروں، تعلیمی معاملات اور تحریری کاموں میں رکاوٹ سے واسطہ پڑے گا۔ اس ماہ قریبی رشتہ دار پریشانی کا باعث بنیں گے۔ بلکہ دوستوں کے ساتھ تعلقات میں تناؤ کی کیفیت رہے گی۔ محبت کے معاملات میں مشکلات آئیں گی۔ رشتہ ہو جانے کے باوجود خوشی نہ ہو گی۔ سوشل سرگرمیوں میں قریبی افراد سے مدد ملے گی۔ آپ ہر کام با صلاحیت طریقے سے کریں گے۔ پرانی غلطیوں کا ازالہ کریں گے۔ خرید و فرخت اور مکینکل اور مشینری کی خریداری یا کسی انعامی اسکیم میں حصہ لینا بہتر ثابت رہے گا۔ کھیل اور ورزش کے ذریعے جسمانی و ذہنی نشوونما کریں۔ باقوت قدم اٹھانے سے خود اعتمادی میں اضافہ ہو گا۔ مریخ ۲، ۷، ۱۳، ۱۷، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۱۵، ۲۲، ۲۸ تاریخ کو محتاط رہنا ہو گا۔

۷ تاریخ کو زہرہ زحل کی تثلیث ہو رہی ہے۔ دوستوں کی طرف سے سیر و تفریح یا کسی سفر پر جانے کے لئے پروگرام بنیں گے۔ اس وقت تمام معاملات اگرچہ خوشگوار محسوس ہوں گے تاہم کسی کام کی وجہ سے سفر ملتوی کرنا پڑے گا۔ اپنی خواہشات اور امیدیں اس وقت ایسے لوگوں سے قائم نہ کریں جن کے پاس آپ کا روپیہ موجود ہے۔ اپنی سوچ اور جذبات کو منفی خیال سے دور رکھنا ہو گا۔ غیر ممالک سے متعلق خط و کتابت بہتر رہے گی۔ تاہم جن چیزوں یا معلومات کے لئے کوشش میں تھے، جواب جلد مل جائیں گے۔

ستارہ زہرہ ۲۵ تاریخ تک طالع کے مقابل رہے گا۔ اس کے بعد آٹھویں گھر میں داخل ہو گا۔ اس گھر کا تعلق ہر قسم کی شراکتی معاملات اور قریبی تعلقات سے ہے۔ چنانچہ یہ وقت محبت کے معاملات کے لئے کچھ مشکلات لائے گا۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے ان کے لئے آنے والا وقت موافق ثابت ہو گا اس وقت محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تمام بندھن مزید مضبوط ہو جائیں گے۔ اگر کسی بھی معاملے میں مسائل کا سامنا ہے تو ان کے حل کے لئے ۷، ۱۳، ۱۸، ۲۲، ۲۷ تاریخ کا انتخاب کریں۔ زہرہ جب آٹھویں گھر میں داخل ہو گا تو ہر قسم کی گفت شنید اور بحث مباحثے مصروفیت پیدا کریں گے۔ اگر آپ کسی اہم کاروباری معاملے کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں تو آپ کے حق میں بہتر یہی ہے کہ آپ حکمت عملی سے کام لیں اور بڑے ڈپلومیٹک انداز میں معاہدہ کریں۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہو گی۔ خیالات اور سوچ میں تبدیلی امیدوں پر اثر انداز ہو گی۔ حصول مال کے لئے اہم پیش رفت ہو گی۔ سرمایہ کاری کریں، معاہدات کریں ضرور کامیابی ہو گی۔ ایسے لوگوں سے رابطہ کریں جو آپ کو ہمدرد ہوں اور کام کرنے میں تعاون کریں۔ شریک زندگی کی جائیداد یا روپیہ کے ذریعے بھی قسمت کو آزمائیں اور کسی منافع دینے والی اسکیموں میں حصہ لیں۔ ملازمت کے حصول یا تبادلہ کے لیے رابطہ کریں یا ملاقات اہم پیش رفت ہو گی۔ والدین کی جائیداد یا زمینداری کے کاموں میں قانونی مسائل کو حل کرنے کی پوری صلاحیت ہو گی۔

عطارد زائچے کے چھٹے گھر میں بحالت رجعت ہو گا اور ۱۶ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا۔ اگر روزگار سے متعلق آپ کو کسی معاملے نے الجھن

میں ڈال رکھا ہے تو اب وہ واضح ہو جائے گا اور افواہوں یا لوگوں کی باتوں کی وجہ سے جو پریشانی تھی وہ بھی اب دور ہو جائے گی۔ اس ماہ آپ مستقبل کے تحفظ سے متعلقہ معاملات کی طرف توجہ دیں اور اپنی بہترین صلاحیتوں کو استعمال کریں۔ اگر آپ نیا کاروبار شروع کرنے کا ارادہ ہے تو نئے مواقع میسر آئیں گے۔ معمولی نوعیت کی رکاوٹوں پر باآسانی قابو پاسکیں گے اور آنے والا وقت زیادہ حوصلہ افزاء ثابت ہوگا۔ وسط ماہ کے بعد رشتہ دار اور شریک زندگی کے ساتھ معاملات میں کچھ غلط فہمیاں نقصان دیں گی۔ بہتر یہ ہے کہ اس ماہ وہ اپنی کامیابیوں کو مزید مستحکم بنائیں۔ ملازمت کی درخواستیں ارسال کرنے، انٹرویو دینے، معلومات حاصل کرنے اور کسی بھی نوعیت کے ذاتی کام کا آغاز کے لئے ۵، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۳ تاریخ کا وقت موافق ثابت ہوگا۔

برج قوس۔ستارہ مشتری

حروف:- ف

پیدائش:- نومبر ۲۳ تا دسمبر ۲۲

اس ماہ قوسی افراد شراکت داری کے معاملات میں تناؤ کا شکار رہیں گے۔ سفر اہم تبدیلی لائے گا۔ قانونی معاملات، ٹیکس اور انشورنس کے امور پر توجہ دیں۔

زہرہ ۲۵ تاریخ تک زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا اس کے بعد ساتویں گھر میں داخل ہوگا۔ لہذا اس ماہ روزگار کی سرگرمیوں کو اہمیت حاصل رہے گی۔ لیکن مشکلات سے واسطہ پڑے گا۔ وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں انہیں بہت محنت کرنی پڑے گی۔ وہ افراد جنہیں کام اور روزگار کے معاملات میں مشکل حالات کا سامنا ہو رہا ہے یا وہ افراد جنہیں زائد کام سے واسطہ پڑا تھا ان کے بوجھ میں کمی آجائے گی لیکن ان کو کوئی پزیرائی نہیں ملے گی۔ زہرہ بہت سے غیر شادی شدہ افراد کے کام کے ماحول میں محبت کا عنصر لانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس وقت گہرے جذباتی تضادات بھی ابھر کر سامنے آسکتے ہیں۔ آپ کی زیادہ تر توجہ فاضل اوقات کی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کی طرف رہے گی۔ ان دلچسپیوں کو وسعت دینا چاہتے ہیں یا ان میں تبدیلی لانے کی کوشش ہے تو یہ وقت اس مقصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ سوشل زندگی میں سرگرمی آئے گی اور جوش پیدا ہو جائے گا۔ سیر و تفریح پر جانے اور لوگوں سے ملنے، نئے دوست بنانے اور زندگی سے لطف اندوز ہونے کا موقع ملے گا۔ چنانچہ اس ماہ کی ۷، ۱۳، ۱۸، ۲۲، ۲۷ تاریخ محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگی۔

۷ تاریخ کو زہرہ زحل کی تثلیث ہو رہی ہے۔ اس وقت آپ کے ذہن میں ایسے خیالات جنم لیں گے کہ کس طرح دوسرے لوگوں سے فائدہ اٹھایا جائے۔ اس وقت آپ کی تخلیقی قوتیں بڑھ جائیں گی۔ ذہن میں بے شمار خیالات اور سوچیں آئیں گی اور ایسے کام کرنے کی طرف آپ کو لگائیں گی جس میں خوشامدانہ طریقہ اپنا کر اور سبز باغ دکھا کر دوسرے کو کسی نہ کسی دھوکے میں رکھا جائے۔ ایسی تمام سوچیں مثبت نہ ہوں گی اور آپ کے لئے مشکلات پیدا کریں گی۔

عطارد زائچے کے پانچویں گھر میں بحالت رجعت ہوگا۔ اور ۱۶ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے ہونگے، میل جول بڑھے گا اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر اپنی قابلیت کو بڑھا سکیں گے۔ امیدوں کی تکمیل جلد ہو گی۔ اس ماہ سفر بھی خوشگوار ثابت ہونگے۔ تحریری کام، اخبارات و رسائل کے ذریعے ادبی حلقوں میں شامل ہو سکیں گے۔ اس وقت آپ کی سوچ الگ طرح سے کام کرے گی۔ اس وقت قسمت کے نمبر، بانڈز کے نمبر، جوا، سٹہ اور بیرونی کرنسی کے حصول میں دلچسپی لیں گے اور اس میں انوسمنٹ کر کے اپنے مال و اسباب کو بڑھانے کی کوشش فائدہ دیں گی۔ عطارد کی موجودگی میں جو خط و کتابت ہوگی اس کا جواب ضرور ملے گا۔ ملازمین کے ساتھ رابطے کام کی رفتار کو تیز کر دیں گے۔ ذہنی و جسمانی قوت کو بڑھانے کی ضرورت ہو گی۔ عطارد ۵، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۳ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی۔ اس وقت تعلقات بڑھانے کے اہم موقع حاصل ہونگے۔ کام اور لین دین کے معاملات اس وقت بہتر رہیں گے۔ نئے خیالات جنم لیں گے۔ کاروبار کے لئے قرض لینا اور معاہدات کرنا موافق رہے گا۔ قانونی مسئلے کو آسانی سے حل کر سکیں گے۔ اس وقت اہم لوگوں سے ملاقات کریں گے یہ آپ کے لئے مددگار اور ہر طرح کا تعاون بھی ملے گا۔ اپنے صلاحیتوں سے فائدہ اٹھائیں۔ رشتہ داری کے معاملات بہتر رہیں گے اور اپنی عزت و وقار کو بڑھا سکیں گے۔

مریخ سارا ماہ خانہ مال میں رہے گا۔ یعنی کاروباری لین دین میں احتیاط رکھنے کی ضرورت ہو گی۔ حالات اس ماہ آپ کو بہترین سرمایہ کاری کرنے کا موقع دیں گے۔ روپیہ کمانے میں پوری مدد کرے گا۔ اخراجات کا بھاری بوجھ آئیں گے تاہم ان پر قابو پاسکیں گے۔ میکینکل اور ٹیکنیکل کام اس ماہ باآسانی ہو جایا کریں گے۔ اس ماہ دوستوں کے ساتھ بھرپور وقت گزاریں گے۔ اس ماہ لین دین اور حسابات میں غلطیاں ہونگی، اخراجات پر سے جلد غصہ آجایا کرے گا۔ تحمل مزاجی سے کام لیں۔ کچھ وقت مشکلات کا باعث بنے گا۔ اگر کسی کھیل میں حصہ لے رہے ہیں تو جسمانی چوٹ لگ سکتی ہے۔ مریخ ۲، ۷، ۱۳، ۱۷، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں روپیہ کمانے کی دھن سوار ہوگی۔ میکینکل مشینری کی خریداری بہتر رہے گا۔ تاہم ۱۵، ۲۲، ۲۸ تاریخ کو محتاط رہیں جب کسی کے ساتھ جھگڑا یا حادثہ ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

برج جدی۔ستارہ زحل

اس ماہ گھر کے معاملات میں سکون میسر آئے گا۔ والدین اور بچوں سے متعلق معاملات پر خاص توجہ دیں گے۔ کاروباری سرمایہ کاری میں یہ وقت ذہنی تناؤ لائے گا۔

مریخ سارا ماہ طالع میں رہے گا ۔اس کی موجودگی ذہنی اور جسمانی طور پر قوت فراہم کرے گی۔ اس ماہ جن کاموں کی طرف توجہ دیں گے، وہ کام تکمیل کو پہنچ سکیں گے۔ اگر کھیلوں میں حصہ لے رہے ہیں تو بہتر پوزیشن حاصل کریں گے۔ ترقی کرنے کے مواقع ملیں گے اور کاروبار کو وسیع کرنے کے علاوہ جہاں آپ ملازمت کر رہے ہیں وہاں بھی آپ کی بہترین صلاحیتوں کے عوض ترقی کے امکانات روشن ہونگے۔ تعمیری کاموں میں حصہ لینا یا ٹیکنیکل شعبے میں مہارت حاصل کرنا بہتری لائے گا۔ اس ماہ ایسی سرگرمیوں میں حصہ لیں جس سے ذہنی قابلیت کو بڑھانے میں مدد ملے۔ مریخ ۲، ۷، ۱۳، ۱۷، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۱۵، ۲۲، ۲۸ تاریخ کو محتاط رہیں جب یہ غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ حادثہ یا جھگڑا ہونے کا اندیشہ ہے۔

۷ تاریخ کو زہرہ زحل کی تثلیث ہو رہی ہے۔ کیریئر کے معاملے میں اس وقت کوئی بھی تبدیلی موافق ثابت نہ ہوگی۔ تاہم جن لوگوں کی طرف مائل تھے اور چاہتے تھے کہ ان کے ساتھ کام کریں اگر کوئی پیش کش ہو تو اس پر ضرور غور کریں۔ ملازمت میں عزت و مقام کو بڑھائیں اور اعتماد کو قائم کرنے کی پوری کوشش کریں۔ تخلیقی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ سیر و تفریح اور سکون حاصل کرنے کے لئے جو پروگرام بنائیں گے اس میں خوشی ملے گی۔ دوستوں کے حلقے میں نئے لوگوں کا اضافہ ہوگا۔ تاہم لوگوں کی غیر منصفانہ سیاست اور غلط فہمیاں پیدا کرنے کی وجہ سے لوگ کھچے ہوئے ہوں گے۔

ستارہ عطارد زائچے کے چوتھے گھر میں بحالت رجعت ہوگا اور ۱۶ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا۔ اس کی موجودگی گھر اور گھر کے مسائل حل کرنے، والدین کے ساتھ مل کر گھر کی حالت بہتر بنانے کی کوشش با آور ثابت ہونگی۔ اگر گھر تبدیل کر رہے ہیں یا کسی جگہ کی خریداری کر رہے ہیں تو بہتر وقت ملے گا اور گھر والوں کے لئے بہتر آسائش مہیا کر سکیں گے۔ اس ماہ ذہنی بے چینی ہوگی، ہر طرح سے زندگی میں تبدیلی لانا چاہیں گے۔ زمین اور جائیداد کر خرید و فروخت کر کے بہت کچھ حاصل کر سکیں گے۔ اس ماہ بحث مباحثہ اور الفاظ کے جادو سے اور اپنا پن دیکھا کر خریداروں کے دل مول لیں گے۔ اس ماہ خط یا خبر سے خوشی ملے گی تو سفر کرنے پڑیں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ کسی شعبے میں داخلہ لیں۔ محبت کے معاملات ہوں یا قسمت بدلنے کے، کسی کھیل یا انعامی اسکیم میں حصہ لینے کے، روپیہ کمانے کا موقع ملے گا۔ عطارد ۵، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۳ تاریخ کو سعد نظرات بنائے گا۔ ان دنوں تحریری امور، پبلشنگ کے کام میں لوگوں کی مدد حاصل رہے گی۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی۔ اس وقت اپنے خیالات کا اظہار برملا کریں۔ جن لوگوں کے ساتھ مخالفتیں چلی آ رہی تھیں ان پر قابو پا سکیں گے۔ دشمنی کی جڑ تک پہنچ جائیں گے۔ اس وقت موجودہ مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت موجود ہوگی۔ قانونی معاملات سے نکلنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ کاروباری معاہدات، سرمایہ کاری اور اہم شراکت داری کے امور کامیابی عطا کریں گے۔ یہ وقت اپنی تمام مشکلات کو دور کرنے میں قوت عطا کرے گا۔

زہرہ ۲۵ تاریخ تک زائچے کے پانچویں گھر میں رہے گا اس کے بعد چھٹے گھر میں داخل ہو گا۔ محبت کے معاملات، سوشل زندگی اور سیر و تفریح سے متعلقہ معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ چنانچہ ان افراد کے لئے محبت کے معاملات دیرپا ثابت ہونگے۔ غیر شادی شدہ افراد کے لئے یہ وقت پر خوش ثابت ہوگا۔ زہرہ ۷، ۱۳، ۱۸، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ لہذا اس دن اتفاقیہ ملاقاتیں دیرپا نوعیت کے تعلق کا سبب بن سکتی ہیں۔ محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تعلقات میں ہم آہنگی آئے گی۔ زہرہ ان افراد کو بھی فائدہ پہنچائے گا جو آرٹسٹک اور تخلیقی سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ایسے افراد جو تھیٹر، ڈرامے یا فلم کی دنیا سے منسلک ہیں ان کے لئے یہ وقت بہتر ثابت ہو گا۔ اگر آپ انعامی اسکیموں یا ایسے کھیلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جیتنے کے لئے خوش بختی کی ضرورت ہوتی ہے تو مندرجہ بالا موافق تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں ۔تاہم زہرہ ۲، ۱۰، ۲۵ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ ان دونوں انعامی اسکیموں میں روپیہ نہ لگائیں۔

اپنا زائچہ بنوائیے

اگر آپ چاہتے ہیں کہ زائچہ پیدائش بنوانا کر رکھیں۔ تاریخ پیدائش، وقت پیدائش، اور مقام پیدائش لکھیں۔ زائچہ میں دی گئی معلومات

۱۔ گھروں کے درجات معہ کواکب، برج درجہ و دقیقہ ۲۔ طول بلد اور ارض بلد
۳۔ عدد پیدائش، موافق پتھر
۴۔ ادوار کواکب
۵۔ عنصر اور ماہیت
۶۔ کواکب کے شرف، اوج، فرح، ہبوط، زوال، طرح، حضیض
۷۔ نظرات معہ برج اور کوکب کا درجہ و دقیقہ

انتہائی دلکش اور خوبصورت، ہر سطر واضح، لیزر پرنٹ۔ ہدیہ : =/۲۰۰۰ روپے

مینجر روحانی دنیا کراچی

برج دلو۔ ستارہ زحل، یورنس

حروف:-
س۔ش
ث۔ص

پیدائش:- جنوری ۲۱ تا فروری ۱۹

اگر آپ ترقی کرنا چاہتے ہیں یا آمدنی میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو اس وقت اپنی کوششوں کا آغاز کردیں۔ رشتہ دار فائدہ دیں گے۔ دوستوں کے گھر والے بھی آپ کی مدد کریں گی۔

عطارد زائچے کے تیسرے گھر میں بحالت رجعت ہوگا اور ۱۶ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا۔ رشتہ داروں اور گھر کے افراد کے درمیان کئی معاملات حل ہو جائیں گے۔ ضرورت سے زائد کام کو فوری طور پر مکمل کرنے کا رجحان رہے گا۔ والدین سے متعلقہ جائیداد اور روپے کے حسابات رکھنا بہتر رہے گا۔ تحریری کاموں کے سلسلے میں پیش رفت بہتر رہے گی۔ گھر کو ازسرنو ترتیب دینا چاہتے ہیں تو اس وقت کھلے ذہن اور آرٹسٹک خیالات کو بروئے کار لاتے ہوئے اچھی پلاننگ کرسکیں گے۔ روزمرہ کے سفر بہتر رہیں گے۔ وسط ماہ کے بعد رجحانات اور خیالات تیزی سے تبدیل ہو جائیں گے۔ آپ کے اندر جوش و جذبہ بڑھ جائے گا۔ نئی پلاننگ اور حکمت عملی کریں۔ اپنے وقت کو قیمتی جانیں۔ محبت کے معاملات، اولاد سے متعلقہ تعلیمی سرگرمیوں میں بہتری سے واسطہ پڑے گا۔ اس طرح منتشر خیالات، ذہنی دباؤ، چڑچڑاپن اور دردسری کو دور کر سکیں گے۔ عطارد ۵، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۳ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۷ تاریخ کو زہرہ زحل کی تثلیث ہو رہی ہے۔ شراکت داری کے امور اس وقت ہم آہنگی لاسکتے ہیں لوگوں کے اعتقادات پر بھروسہ کریں۔ ایسے لوگوں سے واسطہ پڑے گا جو آپ کے کام پر اثر انداز ہوں گے اور ضرورت سے زیادہ وقت دیں گے۔ کچھ پرانے مسئلے دوبارہ سامنے آئیں گے جس کے باعث ذہنی ٹینشن بڑھ جائے گا۔ اس وقت رائے اور مشورے بہتر ملیں گے تاہم ان پر عمل کرنا مشکل ہوگا۔

زہرہ ۲۵ تاریخ تک زائچے کے چوتھے گھر میں رہے گا اس کے بعد پانچویں گھر میں داخل ہو گا۔ اس گھر پر ماقوت کواکب کا دباؤ ہے۔ گھریلو اور خاندانی افراد پر خوش قسمت اور موافق اثر مرتب ہو رہے تھے اور ان معاملات میں حال ہی میں کوئی زبردست تبدیلی رونما ہوئی ہے جس سے والدین اور بچوں کے درمیان کوئی اختلاف یا تنازعہ پیدا ہوا ہے تو وسط ماہ کے بعد حالات بہتر ہو جائیں گے۔ کواکبی رجحانات اس بات کی نشاندہی کر رہے ہیں کہ اکثر افراد موجودہ رہائش کو بہتر بنانے یا گھر تبدیل کرنے کے متعلق سنجیدگی سے غور کریں گے۔ بچوں کے مستقبل کے لیے بانڈز یا سرٹیفکیٹ کا حصول بہتر رہے گا۔ اس ماہ جائیداد کے لین دین کے معاملات خوش اسلوبی سے انجام پاجائیں گے اور وہ افراد جو بچوں کی وجہ سے گھر تبدیل کرنا چاہتے ہیں یا رہائش کے لئے بہتر جگہ کی تلاش میں ہیں ان کے لئے آسانی رہے گی۔ گھریلو معاملات اور جائیداد کے معاملات کے لئے اس ماہ کی ۷، ۱۳، ۱۸، ۲۲، ۲۷ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی۔ یہ وقت خاص طور پر اہم تعلقات بنانے اور دوستوں کے ذریعے کامیابی لائے گا۔ اس ماہ آپ کے مقاصد خواہ کچھ ہوں کامیابی ضرور حاصل ہوگی۔ یہ وقت اہم منصب پر فائز لوگوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ معاہدات میں بڑی کامیابی ملے گی۔ اپنے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے بینک سے قرضہ کا حصول آسان ہوگا۔ قانونی مشورہ موثر ثابت ہوگا۔ اس وقت جن نئے لوگوں سے متعارف ہونگے۔ وہ بھی اہم کام سرانجام دیں گے۔ مالی فائدہ حاصل کرنے کے کسی بھی موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔

مریخ سارا ماہ زائچے کے بارہویں گھر میں رہے گا۔ یہ ماہ آپ کے اردگرد زبردست سرگرمی کا سبب بنے گا۔ جس کی وجہ سے بعض اوقات معمولی نوعیت کی گھریلو تبدیلیوں اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا۔ مریخ ۵، ۱۱، ۱۷ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں لوگوں سے تکرار اور جھگڑے کا بھی خطرہ ہے۔ کیونکہ یہ آپ کی رائے سے اتفاق نہ کریں گے۔ تاہم ۲، ۷، ۱۳، ۱۷، ۲۶ تاریخیں پریشان کن قسم کے قریبی افراد سے نبٹنے کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ اگر اندر ہی اندر جو خوف اور غلط فہمیاں پریشان کر رہی ہیں انہیں دور کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ تاہم آپ کو حکمت عملی اور بے حد سوجھ بوجھ سے کام لینا ہوگا۔ کیونکہ کواکبی رجحانات بے حد دھماکہ خیز صورت کی نشاندہی کر رہے ہیں۔

رسالہ روحانی دنیا کی اشاعت میں اضافہ آپ کا علمی و دینی فریضہ ہے

کوئٹہ

رسالہ روحانی دنیا اور کتب ملنے کا پتہ کاشف بک سٹال نمبر ایک، میزان چوک ہے۔

برج حوت۔ستارہ مشتری، نپچون

حروف:- د۔چ

پیدائش:- فروری ۲۰ تا مارچ ۲۰

اس ماہ مالیاتی امور میں فائدہ ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔اس ماہ اچانک بیرون ملک سے خوش خبری ملے گی یا بہت پرانا دوست ملے گا۔ جس کی مدد سے نئے کیریئر کا آغاز کریں گے۔

زہرہ ۲۵ تاریخ تک تیسرے گھر میں رہے گا- اس کے بعد چوتھے گھر میں داخل ہوگا۔ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی رشتہ دار اس ماہ کے دوران سیروتفریح اور خوشی کا موقع فراہم کرے گا۔ شاید کسی ایسے رشتہ دار سے ملنے کا موقع ملے گا جس سے ملاقات ہوئے عرصہ ہوچکا ہے۔یا پھر کسی رشتہ دار کی زندگی میں خوشگوار نوعیت کے واقعات وقوع پذیر ہونگے۔یعنی کوئی ایسی بات ہوگی جو خوشی اور تقریب کا موقع فراہم کرے گی۔ اگر حال ہی میں قریبی رشتہ داروں یا پڑوسیوں یا قریبی افراد سے اختلافات پیدا ہوئے ہیں تو انہیں دور کرنے میں بھی زہرہ وسط ماہ کے بعد آپ کی مدد کرے گا اور ماحول میں امن وسکون اور ہم آہنگی پیدا کرنے میں بددے گا۔ اختلافات اور ایسی نوعیت کی دوسری مشکلات اب جلد دور ہونے لگیں گی - زہرہ ۷، ۱۳، ۱۸، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔لہذا ان دنوں سیروتفریح کریں، کسی شادی میں شریک ہو یا اپنے شریک کا ساتھ سفر کرنے میں یہ وقت خوشگوار رہے گا۔

۷ تاریخ کو زہرہ زحل کی تثلیث ہورہی ہے- کچھ خبریں آپ کو ملیں گی یا کسی شخص کے آنے کی اطلاع ہوگی- کچھ وقت سیروتفریح یا کسی شخص کے ساتھ گزارنا چاہیں گے- اس وقت جو بھی پروگرام بنائیں اس میں لچک رکھیں کیونکہ فوری نوعیت کے کام آپ کے پروگرام میں تبدیلی لاسکتے ہیں- اس وقت اپنے خیالات کو بلند رکھنا ہوگا اور تعلقات میں بہتری لانے کی کوششیں کریں- اس تاریخ کے نزدیک سفر کرنے کا موقع ملے گا-تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں-

عطارد خانہ مال میں بحالت رجعت ہوگا اور ۱۶ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا- تحریری کام نشرواشاعت، پبلشنگ کے امور میں بہتری ملے گی- قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے بہتر رہیں گے- مالی لین دین اور کاروباری معاملات میں اپنی مرضی کے مطابق تبدیلی لاسکیں گے- کام وکاروبار اور گھر کے معاملات کو بہتر کرسکیں گے۔سفر زائد ہونگے۔سفر جو بھی ہونگے وہ لوگوں کے ذریعے فائدہ حاصل کرنے میں موافق ثابت ہونگے۔رشتہ داروں کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہونگے۔رابطے زائد ہونگے اور آنا جانا اور سوشل تقریبات میں حصہ لیں گے۔ بہن بھائیوں کے زائد مطالبات کو آسانی سے حل کرسکیں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں میں بھی آگے بڑھنا اور کچھ حاصل کرنے کی کوششیں کامیابی دے گی- عطارد ۵، ۱۰، ۱۴، ۱۹، ۲۳ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا-

۲۹ تاریخ کو شمس زحل کی تثلیث ہوگی- کاروباری و مالی معاملات میں کچھ ایسے بھی موقع آئیں گے کہ جب دوسرے لوگوں سے الگ تھلگ رہ کر کام کرنا پڑے گا- کیریئر اور جاہ طلبی کے معاملات میں لوگوں کا تعاون ملے گا- ترقی اور تنخواہ الاؤنس سے متعلقہ معاملات کو آگے بڑھائیں- ایسے افراد جو کاروبار یا ملازمت میں دوست ہیں- ان پر اپنی گرفت مضبوط کریں گے اور ان ذریعے ترقی کے معاملات میں کامیابی ہوگی- سرمایہ کاری کے لیے پرامید ہونگے ۔ دوستوں کے ساتھ نئی سرگرمیاں شروع کرنے کیلئے سفر بہتر رہے گا-تعلیمی سرگرمیوں اور شراکت داری کے معاملات بہتر رہیں گے-

مریخ ۱۱ کے گیارہویں گھر میں سارا ماہ رہے گا - وہ خاص مقاصد جن کی وجہ سے آپ کلبوں، گروپوں یا سماجی اور معاشرتی سرگرمیوں سے منسلک ہیں۔ان کی وجہ سے یہ ماہ ترقی پذیر اور سرگرم ثابت ہوگا-اس ماہ کسی ادارے یا کلب کا ممبر بن کے یا گروہی سرگرمیوں میں شرکت کرکے اور اپنے سماجی اور کاروباری حلقے کو وسعت دے کر بہت کچھ حاصل کرسکیں گے وہ افراد جو سماجی اصلاحات و سیاست اور انسانی فلاح و بہبود میں بہت دلچسپی لیتے ہیں اس ماہ کچھ مثبت اقدامات کرنے کا موقع ملے گا- چنانچہ کوئی بھی جرات مندانہ قدم اٹھاتے ہوئے بالکل نہیں گھبرائیں- بلکہ آگے بڑھانے کی کوشش کرنی چاہئے ان تمام معاملات کے لئے ۲، ۷، ۱۳، ۱۷، ۲۶ تاریخ موافق ثابت ہوگی- تاہم یہ بات ذہن میں رہے کہ کواکب کے اثرات کا سامنا کرنا آسان نہیں ہوتا ہے۔۱۵، ۲۲، ۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت یہ عموماً اختلاف اور لڑائی جھگڑے کی نشاندہی کرتے ہیں-

اپنی مخفی قوتوں کو قابو میں لانا

رجوع همزاد

ہرانسان کے ساتھ اس کا ہمزاد پیدا ہوتا ہے۔ یہ اس کا مخفی جسم ہے۔ اس کو بذریعہ عمل یا ریاضت بطن ظاہری میں لایا جاتا ہے اور پھر اس سے عامل اپنے دنیاوی کاموں میں مدد لے سکتا ہے۔اس جسم کے لئے وقت اور فاصلہ کوئی معنی نہیں رکھ سکتا۔ لہذا آن کی آن میں دور دراز سے خبریں لاسکتا ہے۔ وہاں سے چیزیں لانا۔ کوئی کام کرکے آجانا اس کیلئے منٹوں سیکنڈوں کا کام ہوتا ہے۔ دو شخصوں میں محبت یا دشمنی ڈالنا کسی جگہ کا نقشہ لانا۔گم شدہ جانور یا آدمی یا دفینہ کا پتہ دینا۔ امراض کا علاج بتانا۔ پرانے واقعات کی کیفیت بہم پہنچانا اس کے لئے معمولی کام ہے۔ اس کتاب میں بیس طریقے اور عملیات ہیں۔ اپنی ہمت کے مطابق انتخاب کرکے ہمزاد قابو میں کیا جاسکتا ہے۔

(قیمت =/۱۸۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

ماہ اپریل کے ستارے



ذیل میں پہلی اور آخری تاریخوں میں ستاروں کے درجات دیئے گئے ہیں روزانہ مفصل رفتاروں کو برنی تقویم وکواکبی گائیڈ ر ۲۰۱۸ء میں ملاحظہ کریں۔

۱ — شمس

یکم کو شمس ۱۱ درجہ برج حمل پر ہوگا۔ ۲۰ تاریخ کو برج ثور میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۹ درجہ برج ثور پر پہنچ جائے گا۔

۲ — عطارد

یکم کو عطارد ۱۲ درجہ برج حمل پر بحالت رجعت ہوگا۔ ۱۶ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۲ درجہ برج حمل پر پہنچ جائے گا۔

۳ — زہرہ

یکم کو زہرہ ۱ درجہ برج ثور پر ہوگا۔ ۲۵ تاریخ کو برج جوزا میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو صف ۶ درجہ برج جوزا پر پہنچ جائے گا۔

۴ — مریخ

یکم کو مریخ ۸ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ سارا ماہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲۲ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۵ — مشتری

یکم کو مشتری ۲۲ درجہ برج عقرب پر بحالت رجعت ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۹ درجہ برج عقرب پر پہنچ جائے گا۔

۶ — زحل

یکم کو زحل ۸ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ ۱۹ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۹ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۷ — یورنس

یکم کو یورنس ۲۷ درجہ برج حمل پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲۹ درجہ برج حمل پر پہنچ جائے گا۔

۸ — نپ چون

یکم کو نپ چون ۱۴ درجہ برج حوت پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۵ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۹ — پلوٹو

یکم کو پلوٹو ۲۱ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ ۲۳ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ سارا ماہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲۱ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۱۰ — عقدتین قمر

یکم کو راس ۱۲ درجہ پر برج اسد پر رجعت کی حالت میں حرکت کریگا۔ ذنب ۱۰ درجہ برج دلو پر حرکت کریگا۔

یکم کو ایسٹر سنڈے، ۲ کو استفتاح، قمر در عقرب، ۸ کو شرف شمس، ۹ کو عرس نظر محمد شاہ، ٹنڈو محمد خان، ۱۳ کو سمت بکرمی ۲۰۷۵ شروع، ۱۵ عطارد مستقیم، معراج شریف، ۱۶ شرف قمر، ۱۷ کو نیا چاند ☾، ۱۸ کو یکم شعبان ۱۴۳۹ھ، رجعت زحل، ۲۰ کو شمس در ثور ♉، ولادت حضرت امام حسین، ۲۲ کو رجعت پلوٹو، ۲۴ کو زہرہ در جوزا، ۲۹ کو قمر در عقرب ہوگا۔

نظرات کواکب بمعہ اوقات و عملی ھدایت

ماہ اپریل ۲۰۱۸ء

سعد/نحس	وقت	اختصار	نظرات	علمی ہدایت ورہنمائی
				(اتوار ۱ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۱۲:۰۴	☽□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں- وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں-
م	۲۲:۵۲	☉☌☿	شمس قران عطارد	ہر کام پر پوری توجہ دیں اور مکمل کرنے کی پوری لگن رکھیں' ذہنی وجسمانی طور پر چست ہونگے ۔
ن	۲۳:۲۸	☽☍♅	قمر مقابلہ یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر انداز ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے-
				(پیر ۲ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۸:۱۶	☽☍♀	قمر مقابلہ زہرہ	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں' حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ملے گی-
س	۲۰:۱۷	☽✶♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی-
س	۲۰:۱۸	☽✶♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی-
ن	۲۰:۴۳	♂☌♄	مریخ قران زحل	لڑائی جھگڑا بہت ہو۔ ہر کام میں رکاوٹ ملے گی' مرنے یا مار ڈالنے کے درپے' روپے کا نقصان-
				(منگل ۳ اپریل ۲۰۱۸ء)
س	۷:۳۳	☽△♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے- اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں-
س	۱۹:۰۸	☽☌♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں' مفاد واشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا' نئی سمت نظر آئے گی-
م	۲۱:۰۵	☽☌♃	قمر قران مشتری	جن افراد کے ساتھ تعلقات استوار کریں گے' وہ آپ کو فائدہ دیں گے- کسی نیک کام میں حصہ لیں-
				(بدھ ۴ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۱۲:۰۵	♂□☿	مریخ تربیع عطارد	تعلق بنانے اور اظہار خیال میں انتشار ورکاوٹ ہوگی- کوئی اہم معاملہ ہاتھ سے نکل جائے گا-
				(جمعرات ۵ اپریل ۲۰۱۸ء)
س	۵:۵۰	☽△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں- تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی-
ن	۱۳:۲۲	♄□☿	زحل تربیع عطارد	اہم کاروباری سرگرمیاں کے لئے ناموافق' لین دین اور فیصلے مضبوط بنیاد قائم نہ رہ سکیں گے ۔
ن	۱۷:۱۹	☽□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا' خرید وفروخت میں ہوشیار رہیں' دھوکہ ہوگا-
س	۱۸:۳۰	☽△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی لئے منصوبہ بندی کریں' کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے-
				(جمعہ ۶ اپریل ۲۰۱۸ء)
س	۱۸:۳۵	☽△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا-
				(ہفتہ ۷ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۱۴:۱۴	☽□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں' مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں-
س	۱۷:۰۹	☽△♀	قمر تثلیث زہرہ	ذرائع آمدنی کو بڑھانے کا موقع ملے گا- خوشیاں اور سیر وتفریح کے لئے وقت نکالیں-
م	۱۷:۱۸	☽☌♄	قمر قران زحل	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا-
س	۱۸:۳۶	♀△♄	زہرہ تثلیث زحل	خاص تعلق سے اہم کام نکلوائیں' زندگی کا اہم فیصلہ دورس نتائج دے گا- کاروباری مشورہ کا بہتر وقت-
س	۲۲:۴۰	☽☌♂	قمر قران مریخ	اپنے مقاصد اور اپنی بات پر ڈٹے رہیں' اہم فیصلے کریں' تبدیلی لانے کا موقع ملے گا-
				(اتوار ۸ اپریل ۲۰۱۸ء)
س	۵:۴۵	☽✶♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر وتفریح کریں' یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں-
ن	۱۲:۱۷	☽□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں' مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے-
م	۱۸:۰۲	☽☌♇	قمر قران پلوٹو	کتابوں کے ذریعے یا کسی شخص کے مشوروں کے ذریعے اپنے باطن کو صاف کریں-

س	۱۹:۱۳	D*♃	قمر تسدیس مشتری	لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
				(پیر ۹ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۷:۳۹	D□♅	قمر تربیع یورنس	خیالات کا انبار ہوگا' کچھ سوجھائی نہ دے گا نامکمل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
				(منگل ۱۰ اپریل ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۱۵	D*☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
ن	۱۲:۵۵	D□♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
				(بدھ ۱۱ اپریل ۲۰۱۸ء)
س	۶:۱۰	D*☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
ن	۷:۰۸	D□♃	قمر تربیع مشتری	لین دین' بینک' قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں' کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا۔
ن	۹:۴۸	☉□♇	شمس تربیع پلوٹو	خاندانی رسم ورواج میں اپنی عزو وقار کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہوگی۔
س	۱۱:۰۲	♀△♂	زہرہ تثلیث مریخ	شادی' منگنی کے معاملات بہتر' کسی شخص سے ملاقات زندگی میں تبدیلی آئے گی۔
س	۱۹:۵۴	D*♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
				(جمعرات ۱۲ اپریل ۲۰۱۸ء)
س	۱۷:۱۷	D*♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
س	۲۱:۳۳	♀*♆	زہرہ تسدیس نپ چون	فنون لطیفہ وانجینئرنگ کے معاملات میں مل کر پراجیکٹ پر کام کریں تو بے مثال کامیابی حاصل کرسکیں گے۔
				(جمعہ ۱۳ اپریل ۲۰۱۸ء)
س	۳:۲۸	D*♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
م	۵:۰۸	D☌♆	قمر قران نپ چون	دوستی اور اعتماد میں کمی آئے گی، دھوکہ اور فریب مل سکتا ہے، سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔
س	۵:۵۶	D*♀	قمر تسدیس زہرہ	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
س	۱۶:۱۵	D*♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں' مفاد واشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا' نئی سمت نظر آئے گی۔
س	۱۶:۲۶	D△♃	قمر تثلیث مشتری	قلبی سکون کے لئے روحانی علوم کی طرف راغب ہوں' جو امید رکھیں وہ ضرور پوری ہوگی۔
				(ہفتہ ۱۴ اپریل ۲۰۱۸ء)
س	۱۵:۴۰	♇*♃	پلوٹو تسدیس مشتری	مالی وکاروباری نقطہ نگاہ سے معاہدات وقانونی مفادات آپ کے حق میں بہتر رہیں گے۔
م	۱۷:۱۱	D☌☿	قمر قران عطارد	ہر طرح کی معلومات حاصل کرکے بہتر فیصلہ کریں' تحریر وتقریر کے لئے موافق۔
س	۲۲:۴۵	♂*♆	مریخ تسدیس نپ چون	مالی اور کاروباری امور میں معاہدات نفع کا باعث بنیں گے' کسی شخص کی اچانک تبدیلی فائدہ دے گی۔
				(اتوار ۱۵ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۱:۰۰	D□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
ن	۱۲:۴۵	D□♂	قمر تربیع مریخ	کسی شخص کی ضد غصہ کا باعث بنے گی' تاہم کسی کام کو جلد بازی میں کرنے سے گریز کریں۔
ن	۲۲:۳۵	D□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
				(پیر ۱۶ اپریل ۲۰۱۸ء)
م	۶:۵۶	D☌☉	قمر قران شمس	سوشل سرگرمیوں سے متعلق کاموں کے لئے بہتر' خاندانی تعلق بنانے کا بہتر وقت۔
م	۱۰:۵۸	D☌♅	قمر قران یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کا زیادہ اثر ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے۔
				(منگل ۱۷ اپریل ۲۰۱۸ء)
س	۵:۳۷	D△♄	قمر تثلیث زحل	بڑی عمر کے افراد سے مشورہ ضرور کریں' رہائش کی تبدیلی یا خریداری بہتر رہے گی۔
ن	۱۱:۵۹	♀☍♃	زہرہ مقابلہ مشتری	روپیہ اور محبت کے معاملات میں ذہنی سکون برباد ہوگا۔ لڑائی جھگڑا ممکن ہے۔
س	۱۶:۲۷	D*♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر وتفریح کریں' یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔

س	۱۸:۰۰	☿△♆	زہرہ تثلیث پلوٹو	خوشامد پرست افراد اس وقت فائدہ اٹھائیں گے' مفاد واشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا۔
س	۱۸:۴۸	☽△♂	قمر تثلیث مریخ	مشکلات کا سامنا کرنے کی پوری قوت ہوگی' تعمیری کاموں کے علاوہ ٹیکنیکل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
				(بدھ ۱۸ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۱:۴۰	☽□♃	قمر مقابلہ مشتری	قریبی افراد روپے کے معاملات میں جھگڑا کریں گے' ہر شخص اپنی اہمیت زیادہ جتائے گا۔
س	۲:۱۷	☽△♆	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم ورواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
م	۳:۰۴	☽☌☿	قمر قران زہرہ	اس وقت جذباتی ردعمل کا اظہار ہوگا۔ لوگوں میں زیادہ گھل مل جائیں گے' امیدیں پوری ہوسکتی ہیں۔
م	۱۸:۵۸	☉☌♅	شمس قران یورنس	نئے تجربات زندگی میں تبدیلی پیدا کریں گے' اہم افراد کے ساتھ تعلقات قائم کریں۔
				(جمعرات ۱۹ اپریل ۲۰۱۸ء)
س	۱:۵۶	☽✶☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
ن	۱۹:۱۰	☽□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا' خرید وفروخت میں ہوشیار رہیں' دھوکہ ہوگا۔
				(جمعہ ۲۰ اپریل ۲۰۱۸ء)
س	۱۷:۰۴	☽✶♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
س	۲۰:۱۵	☽✶☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
				(ہفتہ ۲۱ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۵:۴۱	☽□☿	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
ن	۱۰:۴۸	☽☍♄	قمر مقابلہ زحل	بڑی عمر کے افراد کی بات پر سخت رویہ اختیار کریں' خاندانی جائیداد کا معاملہ بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہوجائیگا۔
س	۲۱:۴۴	☽△♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔ اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
				(اتوار ۲۲ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۳:۳۵	☽☍♂	قمر مقابلہ مریخ	سفر ومشینری کے کاموں میں احتیاط رکھیں' جلد بازی میں کام نقصان دیں۔
س	۵:۵۵	☽△♃	قمر تثلیث مشتری	روحانی علوم کی طرف توجہ دیں' بزرگ کے مشورہ پر عمل کریں' قانونی معاملات کو حل کرنے کا بہتر وقت۔
ن	۷:۲۰	☽☍♆	قمر مقابلہ پلوٹو	اہم مسئلے کو حل کریں۔ جدوجہد بہتر صورت حال لائے گی ادراکی قوتوں سے کام لینے کا بہتر وقت۔
س	۱۷:۳۹	☽✶☿	قمر تسدیس زہرہ	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے نئے راستے ملیں گے' تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں میں فائدہ۔
ن	۱۹:۵۷	☽□♅	قمر تربیع یورنس	غیر متوقع تبدیلی آپ کو ذہنی انتشار میں مبتلا کرے گی' مراقبہ کے لئے بہتر وقت۔
				(پیر ۲۳ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۲:۴۵	☽□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے فیصلہ نہ کریں' مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے' صرف دوسروں کی سنیں۔
س	۱۰:۳۱	☽△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
				(منگل ۲۴ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۸:۴۳	☽□♃	قمر تربیع مشتری	اہم کاغذات اور روپے کا دھیان رکھیں چوری یا گم ہونے کا اندیشہ ہے۔
س	۱۰:۱۲	♂✶♃	مریخ تسدیس مشتری	اہم کاروباری سرگرمیاں ہونگی' لین دین میں فائدہ' فیصلے مضبوط بنیاد بنیں گے۔
س	۲۳:۳۸	☽△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
				(بدھ ۲۵ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۲:۰۲	☽□☿	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
س	۱۰:۱۶	☽△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی منصوبہ بندی کریں' کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔
س	۱۷:۲۹	☽△♄	قمر تثلیث زحل	روحانی علوم کے حصول کی کوششیں بہتر ہوگی' کسی بڑے کی نصیحت پر ضرور عمل کریں۔
				(جمعرات ۲۶ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۲:۲۷	☿□♄	عطارد تربیع زحل	اہم کاروباری سرگرمیاں کے لئے ناموافق' لین دین اور فیصلے مضبوط بنیاد قائم نہ رہ سکیں گے۔

ن	۵:۰۴	☽☍♆	قمر مقابلہ نپ چون	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
س	۱۲:۲۷	☽✶♃	قمر تسدیس مشتری	ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
س	۱۴:۴۶	☽△♂	قمر تثلیث مریخ	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
س	۱۴:۴۸	☽△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم و رواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
م	۱۵:۵۰	♂☌♇	مریخ قران پلوٹو	متنازعہ معاملات پریشان کن ہونگے' ذہنی پریشانی بیمار کردے گی۔
				(جمعہ ۲۷ اپریل ۲۰۱۸ء)
س	۱۱:۴۷	☽△♀	قمر تثلیث زہرہ	تعلقات بنانے کا بہتر وقت' سماجی سرگرمیوں اور کلب سے متعلقہ کام بہتر رہیں گے۔
ن	۲۲:۲۰	☽□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
				(ہفتہ ۲۸ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۱:۱۶	☽☍☿	قمر مقابلہ عطارد	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں' حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ہوگی۔
ن	۲۰:۱۷	☽□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
ن	۲۲:۱۶	☽□♂	قمر تربیع مریخ	یہ وقت انتشار' دباؤ لاتا ہے' اچانک کسی بات پر جھگڑا ہوسکتا ہے' دیکھ کر چلیں کوئی حادثہ ممکن ہے۔
				(اتوار ۲۹ اپریل ۲۰۱۸ء)
ن	۱۰:۳۱	☽☍♅	قمر مقابلہ یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر انداز ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن و ڈپریشن کا شکار ہونگے۔
س	۱۵:۰۲	☉△♄	شمس تثلیث زحل	اہم معاملات طے کرنے اور سوچ بچار کا وقت' اہم تبدیلیاں آسکتی ہیں۔
				(پیر ۳۰ اپریل ۲۰۱۸ء)
س	۴:۴۹	☽✶♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
ن	۵:۵۷	☽☍☉	قمر مقابلہ شمس	سوشل سرگرمیوں میں کسی شخص کی بات جھگڑے کا باعث بنے گی' کوئی خوشی غم میں بدل جائے گی۔
س	۱۷:۳۱	☽△♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔ اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔

بد قسمت زندگی کو بدلیے

۱۔ حب جاہ' لیڈری' شجاعت کے اسباب پیدا کرتی ہے۔

۲۔ یہ لوح دشمنوں اور مخالفوں کے عملی اقدام کو روکتی ہے۔ مخلفانہ حرکتوں کو ناممکن اور مخالف کا کوئی حربہ کامیاب نہیں ہوتا۔

۳۔ غیر متوقع نقصانات اور ترقی کے راستوں میں رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے سریع التاثیر ہے۔

۴۔ ذرائع آمدن' سرمایہ کاری' گورنمنٹ سیکیورٹیز اور سرٹیفکٹ' ڈالر' پاونڈ' یورو' لاٹری' بانڈز و شیئرز میں وسیع نفع دیتا ہے۔

۵۔ وہ لوگ جو ہر دفعہ کام یا روزگار میں ناکام رہتے ہیں ان کی زندگی میں تبدیلی لاتا ہے۔ ناکامی کو کامیابی میں بدل دیتا ہے۔

۶۔ قلبی امراض' وجع المفاصل (گٹھیا)' دل کی دھڑکن کی تکلیف میں شفایابی دیتی ہے۔

ارومہ تھیرا پی

روحانی دنیا ایسنشیل آئل

سو فیصد خاص آئل

تقویٰ

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے- اس پر واجب ہے کہ وہ اس پر کوئی ظلم اور زیادتی نہ کرے اور اسے (جب مدد کی ضرورت ہو) تو بے یارو مددگار نہ چھوڑے- نہ اسے حقیر جانے اور نہ اسکے ساتھ حقارت کا برتاؤ کرے''- پھر آپ نے تین مرتبہ اپنے سینے کے طرف اشارہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ ''تقویٰ ہوتا ہے (یعنی ہوسکتا ہے کہ تم کسی شخص کو اس کے ظاہری حال سے معمولی آدمی سمجھو' لیکن وہ اپنے دل کے تقویٰ کی وجہ سے اللہ کے نزدیک محترم ہو- اس لئے کسی مسلمان کو حقیر نہ سمجھو) آدمی کے برا ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے اور اس کے ساتھ حقارت سے پیش آئے- مسلمان کی ہر چیز دوسرے مسلمان کے لئے قابل احترام ہے- اس کا خون بھی' اس کا مال بھی اور اس کی آبرو بھی''-

اس حدیث میں سرورِ کائنات ﷺ نے ہر مسلمان کو دوسرے کا بھائی قرار دے کر اس کے کچھ معاشرتی حقوق بیان فرمائے ہیں- ان میں سب سے پہلا حق یہ ہے کہ اس پر کسی قسم کا ظلم نہ کیا جائے خواہ جسمانی ہو یا مالی' زبانی ہو یا نفسیاتی' یعنی جس طرح کسی مسلمان کو ناحق جسمانی اذیت پہنچانا یا مالی نقصان میں مبتلا کرنا منع ہے اسی طرح اسے زبان سے برا کہنا یا بھرے مجمع میں کسی اور طرح شرمندہ و رسوا کرنا بھی کسی مسلمان کے شایانِ شان نہیں-

دوسرا حق سرکارِ دو عالم ﷺ نے یہ بیان فرمایا کہ ''جب کسی مسلمان کو مدد کی ضرورت ہو تو دوسرے مسلمان پر واجب ہے کہ وہ اپنی استطاعت کے مطابق اس کی مدد کرے اور اسے بے یارو مددگار نہ چھوڑے بشرطیکہ وہ حق پر ہو اور مظلوم ہو گویا جس طرح اپنے دوسرے بھائی پر ظلم کرنا منع ہے اس طرح یہ بات بھی کسی مسلمان کے شایانِ شان نہیں کہ وہ ظلم ہوتا ہوا دیکھے اور مدد کی قدرت کے باوجود مظلوم کی مدد نہ کرے چنانچہ ایک اور حدیث میں آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے-

''جو کوئی مسلمان کس دوسرے مسلمان کو کسی ایسی جگہ بے یارو مددگار چھوڑ دے جہاں اس کی بے حرمتی ہو رہی ہو اور اس کی آبرو پر حملہ کیا جا رہا ہو تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو ایسی جگہ بے یارو مددگار چھوڑے گا جہاں وہ اپنے لئے مدد چاہتا ہو''-

تیسرا حق آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ کوئی مسلمان کسی دوسرے کو نہ حقیر سمجھے اور نہ اس کے ساتھ حقارت کا برتاؤ کرے- کسی شخص کو غربت' ناداری یا کمزوری کی وجہ سے حقیر سمجھنا تو انتہائی گھٹیا حرکت ہے ہی لیکن آنحضرت ﷺ نے جس چیز کی طرف اشارہ فرمایا وہ یہ کہ اگر کسی شخص کو دینی اعتبار سے معمولی حالت میں دیکھ رہے ہو اس شخص کو حقیر سمجھنا اس وقت بھی جائز نہیں اور اس کی وجہ آپ نے یہ بیان فرمائی ہے کہ ''تقویٰ'' دل میں ہوتا ہے لہذا یہ عین ممکن ہے کہ کوئی شخص اپنی ظاہری حالت کی وجہ سے معمولی نظر آتا ہو لیکن اس کا دل تقویٰ کی دولت سے مالا مال ہو بلکہ دوسری احادیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ کسی گناہگار شخص کو بھی حقیر سمجھنا جائز نہیں کیونکہ ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو توبہ کی توفیق عطا فرمائے اور وہ اپنے گناہوں سے نجات پا کر تم سے کہیں آگے نکل جائے- گناہ کے کاموں کو بڑا اور حقیر سمجھنا برحق ہے لیکن ان کی وجہ سے کسی مسلمان کو حقیر سمجھنا خود بہت بڑا گناہ ہے اسی لئے آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ ''اگر انسان میں کچھ اور برائی نہ ہو تو یہی برائی کچھ کم نہیں کہ وہ دوسرے مسلمانوں کو حقیر سمجھے''-

آخر میں آپ ﷺ نے ایک اصولی ہدایت عطا فرمادی کہ مسلمان کی ہر چیز دوسرے مسلمان کے لئے قابل احترام ہے اس کی جان بھی' اس کا مال بھی اور اس کی آبرو بھی اور ایک دوسری حدیث میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ ایک مسلمان کی حرمت کعبہ معظمہ کی حرمت سے بھی بڑھ کر ہے لہذا جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی جان' مال یا آبرو پر حملہ کرتا ہے تو اس کا گناہ اس شخص سے بھی زیادہ ہے جو (معاذ اللہ) کعبہ معظمہ کو ڈھانے کے لئے کعبے پر چڑھائی کر رہا ہو-

اللہ تعالیٰ ہم سب کو بھائیوں کی طرح رہنے اور ایک دوسرے کے حقوق پہنچاننے کی توفیق عطا فرمائے آمین ثمہ آمین-



حضرت کاشف البرنی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور محققانہ تصنیفات

۱- عامل کامل حصہ اول	جفری قواعد کے سریع التاثیر عملیات، اسماء، موکلات، دعوات	قیمت : ۳۶۰ روپے
۲- عامل کامل حصہ دوم	علم النقوش اور علم الالواح، علم تکسیر، علم الاعداد	قیمت : ۵۵۰ روپے
۳- حل المقاصد	مستحصلہ عربی، اردو زبان میں سوال و جواب	قیمت : ۱۴۸ روپے
۴- الساعت حصہ اول	روزانہ کام کرنے کی سعد اور نحس اثرات کا ساعتی نظام	قیمت : ۴۵۰ روپے
۵- الساعت حصہ دوم	ساعتی نظام کی تفصیل معہ اعمال، اسماء، عزیمتیں، طلسم	قیمت : ۳۶۰ روپے
۶- رموز الجفر	تسخیر، شرفات کواکب، اسمائے الٰہی، جفر کے حصہ آثار پر عظیم کتاب	قیمت : ۴۲۵ روپے
۷- عددوں کے حکومت حصہ اول	علم الاعداد کے تجربات، نظریات نام کے اعداد سے قسمت، غیبی نمبر	قیمت : ۴۵۰ روپے
۸- عددوں کی حکومت حصہ دوم	کل امور ہائے زندگی کے علاوہ کی نسبت و زائچہ اعداد کی تشریح	قیمت : ۳۶۰ روپے
۹- قواعد عملیات	عملیات کرنے والوں کے لئے جملہ معلومات	قیمت : ۳۴۰ روپے
۱۰- اسباق النجوم	نجوم کی ابتدائی معلومات، برجوں کی تفصیل معہ زائچہ بنانا	قیمت : ۳۸۰ روپے
۱۱- رجوع ہمزاد	ہمزاد کو قابو کرنے کے طریقے اور عملیات	قیمت : ۱۸۰ روپے
۱۲- جذب القلوب	اعداد متحابہ کا نظریہ و عملیات محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال	قیمت : ۱۵۰ روپے
۱۳- پتھروں کے سحری خواص	حصول برکات کے لئے جواہرات کا پہننا اور حقائق	قیمت : ۲۸۰ روپے
۱۴- آثار النجوم حصہ اول	اصطلاحات و تشریحات، مکمل زائچے کی تفصیل	قیمت : ۸۵۰ روپے
۱۵- آثار النجوم حصہ دوم	زائچہ کے پڑھنے کا طریقہ، کردار، شادی، روپیہ، تعلیم، پیشہ	قیمت : ۳۸۰ روپے
۱۶- روح قرآن حصہ اول	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت : ۳۵۰ روپے
۱۷- روح قرآن حصہ دوم	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت : ۳۵۰ روپے
۱۸- المختصر	عہد رسالت سے قرون اولی کی تاریخ	قیمت : ۱۵۰ روپے
۱۹- بچے اور ستارے	بچوں کی پرورش، تعلیم اور پیشہ کی رہنمائی	قیمت : ۲۸۰ روپے
۲۰- تعلقات	زن و شوہر کی مزاجی اور مقسومی کیفیت جاننا	قیمت : ۱۸۰ روپے
۲۱- تقویم المومنین	شرعی نقطہ نظر سے تاریخوں کا نیک و بد	قیمت : ۱۵۰ روپے
۲۲- برنی تقویم برائے سال	جاری سال کے ستاروں کی رفتاریں، ہر شخص کے حالات، گرہن، سفر، سعد و نحس اوقات، کلینڈر	قیمت : ۲۰۰ روپے
۲۳- برنی روزانہ کواکبی گائیڈ	سرمایہ کاری، قمر سے متعلقہ کام، نظرات، ۱۸۰ صفحات پر مشتمل روزانہ کام کی اہم ڈائری	قیمت : ۲۰۰ روپے
۲۴- تسویۃ البیوت	۲۴ گھنٹے پر مشتمل (ہر ۴ منٹ کا وقفہ) زائچے کے گھروں کے درجات۔ پاکستان کے سو شہروں	قیمت : ۹۵۰ روپے
۲۵- اٹلس	دس ہزار (چھوٹے و بڑے شہروگاوں) پر مبنی پاکستان کی پہلی کتاب جس میں ہر شہروگاوں کا تفاوت وقت موجود ہے	قیمت : ۱۲۰۰ روپے
۲۶- برنی کواکبی رفتاریں	۵۰ سال (۱۹۵۰ تا ۲۰۰۰ء) کی مکمل کواکبی رفتاریں، گرہن، رجعت و استقامت، اسلامی مہینے و تاریخ	قیمت : ۱۲۵۰ روپے
۲۷- کواکبی کلینڈر	کواکب کی معلومات، نظرات، ستاروں کی رفتاریں، گرہن، منازل قمر، کواکب و قمر کا داخلہ معہ اوقات	قیمت : ۱۰۰ روپے
۲۸- ضوء قمر	ہلال قمر (۱۹۰۰ تا ۲۰۲۵ء) عیسوی و ہجری کلینڈر	قیمت : ۱۰۰ روپے
۲۹- تاشون (ناول)	حضرت کاشف البرنیؒ کی روحانی اور علمی کاوشوں کو کہانی میں ڈھال کر خوبصورت انداز میں لکھا ہے۔	قیمت : ۵۰۰ روپے

رسالہ روحانی دنیا کا نمونہ مفت منگوائیں اس کا سالانہ چندہ =/۹۶۰ روپے بذریعہ رجسٹری ہے۔ رقم بذریعہ منی آڈر کریں یا رسالہ وی پی سے منگوائیں۔

حارث عثمانی پبلشرز نے بااہتمام اوراق پبلشرز سے چھپوا کر دفتر رسالہ روحانی دنیا، پی آئی بی کالونی، کراچی ۷۴۸۰۰ سے شائع کیا

برنی اٹلس آف پاکستان

- پاکستان کے تقریباً ۹ ہزار شہروگاؤں کے نام
- شہر کا طول بلد اور عرض بلد
- ہر مقام کا معیاری وقت (GMT سے فرق)
- منطقہ وقت
- گورنمنٹ نے کن سالوں میں اپنی گھڑیوں کو GMT سے تبدیل کیا
- کسی بھی دو شہروں کے درمیان وقت کا فرق آسانی سے معلوم کریں

دیگر ممالک کے شہروں کے نام طول بلد اور عرض بلد اور
GMT سے ہر مقام کے وقت کا فرق

تحریر و ترتیب: حارث عثمانی

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

پتھروں کا سحر

آپ کی شخصیت پر کس طرح اثر انداز ہوتا ہے

درجہ اول درجہ دوم اور درجہ سوم کی وسیع ورائٹی

پتھر کی تشخیص کے لیے فارم منگوائیں

عملیات سے دلچسپی لینے والوں اور علم نجوم کے جاننے والوں

برنی تقویم 2018 کے لئے

میں آپ کی تمام ضروریات اور وقت کے حسابات دیئے گئے ہیں

اعلیٰ معیار، مستند اوقات



اس میں ہندوانہ حساب
نہیں ہوتا اور نہ ہی ہندوانہ
اصطلاحات دی جاتی ہیں

استخراج طالع
نقشہ تحویلات سیارگان
ستاروں کے سعد ونحس اثرات
نقشہ تفاوت وقت
اسٹینڈرٹائم
بروج طالع اور کواکب
نظرات کے اثرات
کواکب کا سعد ونحس اثر
بارہ ماہ کے نظرات
مدت اثرات کواکب
تحویل آفتاب
سیارگان کے مراتب کے اثرات
اختیارات قمر
زائچے کے بارہ گھروں کے منسوبات
ساعات سیارگاں
چاند اور سورج گرہن کے اوقات
قمری حرکات
تعطیلات وتہوار
منسوبات کواکب
عملیات کے اوقات
طلوع وغروب وقت
نیا چاند
منازل قمر

برنی تقویم ممتاز درجہ رکھتی ہے جس میں

- ہر شخص کے سال بھر کے مکمل حالات معہ ان کی تقدیری اندازوں کی۔
- دنیا کے ممالک کے حالات وواقعات اور وقت کے مدوجزر۔
- آپ کا جو ستارہ ہے وہ کن وقتوں اور کن سالوں میں خوش قسمتی یا بدقسمتی لائے گا۔
- ہجری، عیسوی، بکرمی تاریخیں معہ ہر دن کے اثرات وواقعات
- سال بھر کے قریباً ۱۵۰۰ نظرات جو روزانہ زندگی میں دن بھر کی سعادت ونحوست کے اوقات کا اظہار کرتے ہیں
- جملہ کواکب کی روزانہ رفتار، رجعت واستقامت، طلوع وغروب، اوخال اور شرف ہبوط معہ اوقات
- عاملین، منجمین، کاروباری افراد، ملازمین، دوکاندار، مزدور ہر طبقہ کے افراد کے لئے ایک سال کی مکمل معلومات

دفتر سے برنی تقویم 2018 حاصل کریں یا قریبی بکر سے طلب فرمائیں۔ آرڈر آج ہی لکھیں

قیمت کتاب:- /۲۰۰+ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=-/۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی

Phone: 021-34949944
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com

اوراق پبلشرز، ابراہیم مارکیٹ، پی آئی بی کالونی، کراچی کوڈ نمبر ۷۴۸۰۰